کتب خانہ و ادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی حکومت آندھرا پردیش

وضاحتی فہرست مخطوطات اردو

(دواوین و کلیات)

جلد اول

مرتبہ

مسز رفعت رضوانہ بی۔ اے
(شعبۂ اردو تحقیق)

(تصحیح و نظر ثانی)

ڈاکٹر اشرف رفیع
ریڈر شعبۂ اردو۔ جامعہ عثمانیہ

مدیر اعلیٰ

ڈاکٹر وی۔ وی۔ ایل نرسمہا راؤ
ایم اے، پی ایچ ڈی
ناظم کتب خانہ و ادارہ تحقیق مخطوطات مشرقی
آندھرا پردیش

۱۹۸۸ء

سلسلۂ مطبوعات کتب خانہ و ادارہ تحقیق مخطوطات مشرقی حکومت آندھرا پردیش ۔ ۲۶

وضاحتی فہرست مخطوطات اردو

(دواوین و کلیات)

جلد اول

(مرتبہ)

مسز رفعت رضوانہ بی۔اے

شعبہ اردو تحقیق

کتب خانہ و ادارہ تحقیق مخطوطات مشرقی، حکومت آندھرا پردیش

کاتب .... شفیق اطہر

اشاعت اول .... مارچ ۱۹۸۸ء

تعداد .... (۱۰۰۰)

قیمت 27.00

مطبع .... آئیڈیل پرنٹرس

17-3B-414 . یاقوت پورہ ۔ حیدرآباد 500023

(ملنے کا پتہ)

ناظم کتب خانہ و ادارہ تحقیق مخطوطات مشرقی، حکومت آندھرا پردیش، رتن محل بلڈنگ

5-6-599 عابد روڈ حیدرآباد ۔ ۱

A DESCRIPTIVE CATALOGUE OF URDU MANUSCRIPTS

POETRY (Dewan, Kuliyat)

VOLUME I

Compiled by
Mrs. Rafat Rizwana, B. A.
Urdu Research Wing
A. P G. O. M. L & R. 1,,
Hydera bad.

General Editor
Dr. V. V. L. Narasimha Rao
M. A, Ph. D.
Directo
A P. G. O. M. L. &, R. I,,
Hyderabad

Published by

Andhra Pradesh Government Oriental Manuscripts
Library and Research Institute, Hyderabad - 1

فہرست

دواوین

سلسلہ نشان	نام کتاب	صفحہ نمبر	سلسلہ نشان	نام کتاب	صفحہ نمبر
۱۵	دیوانِ بیدل	۲۱	۳۳	دیوانِ داؤد	۵۱
۱۶	دیوانِ تاب	۲۲	۳۴	دیوانِ درد (۷ نسخے)	۵۳ تا ۵۹
۱۷	دیوانِ تاباں	۲۴	۳۵	دیوانِ راجہ	۶۰
۱۸	دیوانِ تجلی	۲۵	۳۶	دیوانِ رشک (۲ نسخے)	۶۱ تا ۶۲
۱۹	دیوانِ تشعیہ	۲۶	۳۷	دیوانِ رضا	۶۴
۲۰	دیوانِ تمنا (۴ نسخے)	۲۷ تا ۳۰	۳۸	دیوانِ رعد	۶۵
۲۱	دیوانِ تمیز	۳۱	۳۹	دیوانِ رقت	۶۶
۲۲	دیوانِ جرأت (۴ نسخے)	۳۲ تا ۳۵	۴۰	دیوانِ رند	۶۷
۲۳	دیوانِ جلال	۳۶	۴۱	دیوانِ سخن	۶۹
۲۴	دیوانِ جوہر	۳۷	۴۲	دیوانِ سراج (۳ نسخے)	۷۱ تا ۷۳
۲۵	دیوانِ جوہر	۳۸	۴۳	دیوانِ سرور	۷۴
۲۶	دیوانِ چندا	۴۰	۴۴	دیوانِ سغیر	۷۵
۲۷	دیوانِ حریف	۴۲	۴۵	دیوانِ سلطان	۷۶
۲۸	دیوانِ حسینی	۴۳	۴۶	دیوانِ سلطان	۷۹
۲۹	دیوانِ حفیظ (۳ نسخے)	۴۴ تا ۴۶	۴۷	دیوانِ سلیمان	۷۹
۳۰	دیوانِ حنا	۴۷	۴۸	دیوانِ سودا (۲ نسخے)	۸۰ تا ۸۲
۳۱	دیوانِ خاں	۴۸	۴۹	دیوانِ سوز (۳ نسخے)	۸۳ تا ۸۵
۳۲	دیوانِ خیر	۵۰	۵۰	دیوانِ شاب	۸۶

نشان سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر	نشان سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر
۵۱	دیوانِ شاداں	۸۸	۷۰	دیوانِ فدائی	۱۲۱
۵۲	دیوانِ شاہ قاسم	۸۹	۷۱	دیوانِ فیض (۲ نسخے)	۱۲۲ تا ۱۲۶
۵۳	دیوانِ شرم	۹۱	۷۲	دیوانِ قیس	۱۲۷
۵۴	دیوانِ شکوہ	۹۲	۷۳	دیوانِ کافی	۱۲۸
۵۵	دیوانِ شناور	۹۳	۷۴	دیوانِ کامل	۱۲۹
۵۶	دیوانِ شہسوار	۹۴	۷۵	دیوانِ کرم	۱۳۰
۵۷	دیوانِ شہید	۹۵	۷۶	دیوانِ کمال (۲ نسخے)	۱۳۰ تا ۱۳۲
۵۸	دیوانِ صفا	۹۷	۷۷	دیوانِ لائق (۳ نسخے)	۱۳۲ تا ۱۳۵
۵۹	دیوانِ عاجز	۹۸	۷۸	دیوانِ لطف	۱۳۶
۶۰	دیوانِ عاشق (۲ نسخے)	۱۰۰/۱۰۱	۷۹	دیوانِ محمود	۱۳۷
۶۱	دیوانِ [illegible]	۱۰۰	۸۰	دیوانِ مروت	۱۳۸
۶۲	دیوانِ عزلت	۱۰۲	۸۱	دیوانِ مسیحا	۱۳۸
۶۳	دیوانِ عشق (۲ نسخے)	۱۰۶ تا ۱۱۵	۸۲	دیوانِ مصحفی (۲ نسخے)	۱۳۹ تا ۱۴۰
۶۴	دیوانِ عسر	۱۰۴	۸۳	دیوانِ مضطر (۲ نسخے)	۱۴۱ تا ۱۴۲
۶۵	دیوانِ عقیل	۱۰۵	۸۴	دیوانِ مقصد	۱۴۲
۶۶	دیوانِ عیدروس عرب خاں	۱۱۶	۸۵	دیوانِ مکھن لال	۱۴۳
۶۷	دیوانِ غالب (مطبوعہ)	۱۱۷	۸۶	دیوانِ ممتاز	۱۴۵
۶۸	دیوانِ غالب (مطبوعہ چغتائی)	۱۱۸	۸۷	دیوانِ منور	۱۴۴
۶۹	دیوانِ غواص	۱۱۹	۸۸	دیوانِ منیر	۱۴۶

نشان سلسلہ	نام کتاب	نمبر صفحہ
۸۹	دیوانِ موجد	۱۴۷
۹۰	دیوانِ مہر	۱۴۸
۹۱	دیوانِ مہر (۴ نسخے)	۱۴۹ تا ۱۵۱
۹۲	دیوانِ میاں میر	۱۵۲
۹۳	دیوانِ ناسخ (۳ نسخے)	۱۵۲ تا ۱۵۵
۹۴	دیوانِ نسیم	۱۵۵
۹۵	دیوانِ نصیر	۱۵۶
۹۶	دیوانِ نظم طباطبائی (۴ نسخے)	۱۵۸ تا ۱۶۱
۹۷	دیوانِ واقف	۱۶۲
۹۸	دیوانِ ولی (۵ نسخے)	۱۶۲ تا ۱۶۷
۹۹	دیوانِ ہاشمی	۱۶۸
۱۰۰	دیوانِ ہوس	۱۶۹
۱۰۱	دیوانِ یقین (۷ نسخے)	۱۷۰ تا ۱۷۵
	کلیات	
۱۰۲	کلیاتِ آصف	۱۷۷
۱۰۳	کلیاتِ ایجاد	۱۷۸
۱۰۴	کلیاتِ بہرام	۱۷۹
۱۰۵	کلیاتِ تسنیم	۱۸۰
۱۰۶	کلیاتِ ذرہ	۱۸۰
۱۰۷	کلیاتِ سراج	۱۸۱
۱۰۸	کلیاتِ سطوت	۱۸۲
۱۰۹	کلیاتِ سودا (۲ نسخے)	۱۸۳ تا ۱۸۴
۱۱۰	کلیاتِ شاد	۱۸۵
۱۱۱	کلیاتِ مروت	۱۸۶
۱۱۲	کلیاتِ ممنون	۱۸۷
۱۱۳	کلیاتِ موزوں	۱۸۸
۱۱۴	کلیاتِ مہر	۱۸۹
۱۱۵	کلیاتِ میر	۱۸۹
۱۱۶	کلیاتِ ولی (۲ نسخے)	۱۹۱
۱۱۷	کلیاتِ ہوس	۱۹۲
	کلام	
۱۱۸	کلامِ آباد	۱۹۴
۱۱۹	کلامِ انور	۱۹۵
۱۲۰	کلامِ شاد	۱۹۵ تا ۱۹۶
۱۲۱	کلامِ عابد	۱۹۶ تا ۱۹۷

۵۵۵

FOREWORD

Dr. V.V.L. Narasimha Rao,
Director, M.A., Ph.d.
Andhra Pradesh Government
Oriental Manuscripts Library &
Research Institute,
Abids, Hyderabad-500 001.

It is indeed with a sense of pride, I keep this volume of descriptive catalogues in the hands of our Urdu scholars. The need for having a descriptive catalogue for any manuscripts library is not a topic for discussion, but a matter of natural requirement, or for that matter, a dire necessity of the day.

Since this department has a sizable number of manuscripts in Arabic, Persian and Urdu, I have been deeply contemplating on the issue of getting the descriptive catalogues drafted and published at the earliest. On the advice of the concerned Professors and readers of Osmania University, I have appointed scholars on remuneration basis for preparing the descriptive catalogues in the said languages.

The Government of Andhra Pradesh are very keen in developing the departments of cultural value and are liberally placing funds at their disposal under the five year plan schemes which are considered a blessing in disguise.

Left to myself, I am of the opinion, that to the extent possible, the departmental staff alone should be entrusted with any original work, concerning the department. But when the department is not in a position to cope with the unwieldy work, the only course of action left to the director is to appoint scholars from outside the department, preferably on the advice of the competent authority of the profession. This year a good number of scholars have been appointed and the drafting of the descriptive catalogues has briskly been done according to the schedule, in addition to that of the regular cataloguing work done by the departmental staff. What is yet to be done is much more than what actually was done.

In the Urdu research wing of the department there are only two staff members. It is quite likely that next year (1988-89) the

number would considerably increase under plan schemes. Of the two staff members, now available in the department, the junior member is entrusted with this highly responsible work of preparing the descriptive catalogue for Urdu poetry. The junior member–namely Mrs. Rafath Rizwana – has done it with all sincerity under the kind guidance of Dr. Ashraf Rafi, Reader in Urdu, Osmania University who took pains to provide introduction also to the volume, both in Urdu and English, that too within a very brief span of time.

I heartily thank her for her timely help rendered to this department, purely out of love for the subject, concerning the modern library science.

When I make a mention of library science I am reminded of Mr. Mustufa Ali Khan Fatimi, Librarian, Linguistics Department of Osmania University who is an expert in the said faculty. He has been very helpful in leaving suggestions with the compiler regarding the application of the latest norms of discriptive catalogue. Mrs. Rizwana, the compiler, is grateful to him also for the profound advice given by him on some of the very intricate problems of formulating certain norms of cataloguing.

I convery my best wishes to Mr. Karmat Ali, the Research Assistant of the department who has been very co-operative in allowing the junior staff member to be entrusted with this responsible work.

I congratulate Mrs. Rafath Rizwana for the incessant efforts made by her, in compiling this volume. The details of the volume are given in the following pages of introduction and text.

It is upto the scholars to judge the merits of the work. The department of Andhra Pradesh Government Oriental Manuscripts Library and Research Institute will be very happy if the volume is helpful to them from the point of view of research and ready reckonning.

I am highly grateful to the Government of Andhra Pradesh for their kind permission accorded to me, particularly for the research projects of manuscript publication and preparation of Descriptive Catalogues.

Hyderabad-1,

(Sd.) **V.V.L. Narasimha Rao**

INTRODUCTION

Hyderabad, the capital of the Qutb Shahi and Asafjahi Dynasties of the Deccan has been the confluence of languages and seat of learning since centuries. From the view-point of national integrity, peace and prosperity it has a history of its own. From the medieval to the modern age many schools, colleges, Universities, academies and Research Institutes are being established here. In dissiminating knowledge and imparting higher education, the role of libraries has been of primary importance. All aristocrats and ministers of the Deccani Kingdoms had magnificent libraries in their residential places. The library of Hazrat Mir Momin, the Peshwa i-Sultanate, was unique. During the Asafjahi reign, the libraries of the three Paigahs — Khursheedjah Asmanjah and Vicar ul-Umara and the Book Collection of the Prime Minister Salarjung were treasures of manuscripts and printed works in oriental and occidental languages. The other noted libraries were those of Peshkar Chandual Shadan and his grandson Maharaja Kishan Pershad, Raja Rai Rayan Shamraj, Raja Dharmawant Shiv Raj, Raja Rajeshwar Rao Asghar and Gajapati Anand Raj also had distinguished collection of books in various languages. The then aristocracy has also shown interest in translation and publication of useful books and rare manuscripts.

By the change of time and fall of aristocracy, book collections were donated to institutions or sold out. The Libtary of Maharaja Sir Kishan Pershad was gifted to Arya Samaj. Persian and Urdu collecrion of Raja Sham Raj was donated to the Bharat Gunwardhak Library and Sanskrit, Marathi and other books were donated to Marhatwada University along with the library furniture. Invaluable manuscripts and printed works of Salar Jung are now part and parcel of the World famous Salarjung museum.

The library of Raja Shiv Raj consisted of documents and official records of Diwani, Mal, Mulki and Bakshigiri i. e. State honours and grants like Jagirat, Manasib, Cash grants of various kinds, titles of the nobles and their emblems etc. H.E.H. the Nizam's Government took over charge of these documents and preserved them by establishing a new department called mal, mulki and Diwani. The same is known as the Andhra Pradesh State Archives now.

During his Prime Ministership, Sir Salar Jung always had a watchful eye over the British policies regarding administration particularly educational reforms. Impressed by the British Public Libraries Act 1850, the Government of His Highness the Nizam also evinced interest in patronising library move in Hyderabad State. In 1885, Dairat-ul-Maarif was established as a result of sincere efforts of Fazilat Jung, Aziz Mirza, Abdul Haleem Sharar, Mulla Abdul Qayyum and Nawab Imadul Mulk. Preservation, editing and publication of oriental manuscripts especially in Arabic were included in its aims and objects. This necessitated the establishment of a Library of manuscripts and printed books of high standard. Imadul Mulk, the then Director of Public Instruction donated his personal collection of manuscripts and other works in Arabic, Sanskrit' Persian, Urdu, English etc. This library was first established in his office situated at Station Road, Nampally. Mulla Abdul Qayyum and Imadul Mulk tried their best to obtain state patronage to this library by allocation of grant in the budget. In 1891, this library was officially declared as 'Asafia State Library' by providing adequate funds in the budget. Syed Ali Hyder Nazm Taba Tabai was appointed its first curator. Many nobles as well as the middle class families of Hyderabad have donated or sold their precious collections of manuscripts to the Asafia State Library for the sake of preservation and publication. In a period of ten years the collection of Urdu manuscripts and books rose to 2839. By 1970, the total number of manuscripts was 17,124, excluding the Palm-leaf manuscripts and those in local languages.

After the formation of Andhra Pradesh in 1956, changes were effected in the provisions of Hyderabad Public Libraries Act in order to provide more facilities for Research Scholars and the public. Of late, the Oriental Manuscript Library and Research Institute was established under the State Ministry of Education in 1975. its aims and objects are primarily to acquire and collect manuscripts from all over the State for preservation, study and research and also their printing and publication after their editing. Apart from thousands of manuscripts transferred from the State Library, the Oriental Manuscript Library and Research Institute tried its best to obtain manuscripts from individuals and institutions. Its present collection is 23161, out of which 17029 are in Urdu, Arabic and Persian, etc.

For comparative study and research, descriptive catalogue of the manuscripts is a pre-requisite, Some Sixty years age, the then curators Mr. Tasudduq Hussain Kazimi and Mr. Abbas Hussain Kazimi have prepared descriptive catalogue of the Asafia State Library in four volumes. This first attempt in cataloguing was improved by Shri Naseeruddin Hashmi, a noted scholar in the Urdu Department of Osmania University. Hashmi's descriptive catalogue of manuscripts treasured in the State Central Library, was published in 1961. Particulars of some 1343 Urdu manuscripts have been covered in two volumes which are now out of print and rare.

Under the five-year plan Schemes, the Government of Andhra Pradesh provided for more facilities of study and research at the Oriental Manuscripts Library and Reaesrch Institute, Hyderabad. The need for descriptive catalogues for manuscripts collection was badly felt. Preparation of such catalogues was take up and in 1985-86, two volumes of Descriptive catalogue for Telugu, manuscripts were published. For Urdu Manuscripts a subject-wise alphabetical-Index was prepared in English by Shri Mir Karamat Ali, Research Assistant and published by the OML & RI in 1986.

An Index gives us brief information to introduce the manuscripts, whereas a descriptive catalouge is a key to the collection of a Library". It contains detailed information about the author and full bibliographical particulars about the work. The decision to prepare descriptive catalogues of Urdu manuscripts was also taken simultaneously.

The catalogue of Urdu manuscripts numbering 1674, was divided into several volumes according to their subjects. The present catalogue may be taken as the first volume pertaining to Urdu Poetry and its divisions – Diwan, Kulliyat and majmua-i-Kalam. Under these broad divisions the manuscripts have been arranged in alphabetical order of the title. In case, there are more than one copy of a Diwan, Kulliyat or majmua-i-Kalam, by the same poet/ author, those copies have been arranged in chronological order of the dates of completion of the works or by the date of their transcription.

The headings and sub-headings of this descriptive catalogue are as follows :

1. Title of the Ms.
2. (i) Name of the author/poet (Inverted)
   (ii) Takhallus (Poetic name) wlth the indication ( )
   (iii) Date of demise of author/poet
3. (i) Manuscript number
   (ii) Accession number
   (iii) Call number (left blank as the collection is yet to be classified)
4. Subject : Poetry–Diwan–Kulliyat–majmua-i-Kalam.
5. Bibliographic description and special features.
   (i) number of folios (ii) Size in Cm.
   (iii) Lines on a page (iv) Paper–Indian/European and water marks.
   (v) Script (Naskh, Nastaleeq, Shakista etc.
   (vi) Lining and declaration.
   (vii) seals, autograph etc.
6. Transcription (i) Name of Scribe
   (ii) Place of transcription
   (iii) Year of completion/transcription (in Hijri and A.D.)
7. Contents.
8. Beginning poetical lines
9. Ending
10. Colophon -do-
11. Note

There has been an attempt to cite here other works of poet/author with their relevant particulars and names of the libraries. If he has publications to his credit, those have also been mentioned. Under the last heading "note" a brief Biography of the poet is given. Name of his tutors and contemporaries are also mentioned. There are few poets about whom no information was available in the History of Literature or other reference works. They have been left blank to be filled in by future research scholars.

During the preparation of this catalogue, a few excellent rare manuscripts were also noticed. e g.

i)	Diwan-i-Siraj	(Ms. No. 1126)
ii)	Kulliyat-i-Meer	(Ms. No. 96)
iii)	Diwan-i-Naseer	(Ms. No. 402)

(Diwan-i-Naseer bears correction of his tutor in poetics)

There is a substantial collection of manuscripts pertaining to Urdu-i-Qadeem (Dekkani). Except a few for which research and study has been conducted, most of them deserve our foremost attention. The manuscripts of Northern Indian Poets have been mostly published. We have tried our best to advise the compiler to make this descriptive catalogue more informative than traditional one.

It is worth mention that Dr. V.V.L. Narasimha Rao Director of the O.M.L. and Research Institute has taken personal interest at all the stages from preparation to publication of this Descriptive Catalogue. It is his academic endeavour and sincere guidance and advice with which he could get the work completed in months which would otherwise have required years. Mrs. Rafath Rizwana has put in all her efforts for preparation and compilation of the present volume. In a way this descriptive catalogue was a challange for her which she has gladly accepted and fulfilled the task despite many difficulties. Mr. Mir Karamat Ali, Research Assistant, O.M.L. and R.I has extended his professional advice and full co-operation in the completion of this reference work.

I am personally indebted to Dr. V.V.L. Narasimha Rao, the Director of the O.M.L. & R.I for assigning me with the supervision and review of this academic Work.

Hyderabad.

22 February, 1988.

Dr. Ashraf Rafi,
Reader in Urdu,
Osmania University.

حرفِ آغاز

شہر حیدرآباد قطب شاہی اور آصف جاہی سلطنتوں کا دارالحکومت ہی نہیں بلکہ زبان و ادب اور علوم و فنون کا مرکز رہا ہے۔ قومی یکجہتی امن و امان اور خوش حالی کے اعتبار سے اس کی اپنی ایک تاریخ ہے۔ عہد وسطیٰ سے عصر حاضر تک یہاں اعلیٰ معیاری مدارس، مکاتب، کالجس اور یونیورسٹیوں کے علاوہ علمی اور تحقیقی ادارے بھی قائم ہوتے رہے ہیں۔ علوم و فنون کی تدریس، ترویج اور ترقی میں کتب خانوں کی بنیادی اہمیت ہے۔ دکن کے ہر وزیر اور امیر کے محل میں ایک بیش قیمت کتب خانہ ہوا کرتا تھا۔ قطب شاہی عہد میں پیشوائے سلطنت حضرت میر مومنؒ کا کتب خانہ نادر روزگار تھا۔ آصف جاہی دور میں امرائے پائیگاہ خورشید جاہ، آسمان جاہ وقار الامراء اور وزیر اعظم سالار جنگ کے کتب خانے مخطوطات اور مطبوعات کے خزانے تھے۔ ان کے علاوہ مہاراجہ چندولال شاداںؔ اور ان کے نواسے مہاراجہ کشن پرشاد، راجہ شامراج اور راجہ شیوراج دھرم ونت، راجہ راجیشور راؤ اصغرؔ اور کنجیتی آنندراج کے کتب خانے اپنے اپنے زمانے میں بہت مشہور تھے۔ ان کتب خانوں میں صرف کتابیں ہی جمع نہیں کی جاتی تھیں۔ بلکہ نادر اور مفید کتابوں کی طباعت اشاعت اور ترجموں کا کام بھی کیا جاتا ہے۔ زمانہ بدلا تو یہ کتب خانے بکنے لگے یا پھر عطیہ میں دے دیئے گئے۔ مہاراجہ کشن پرشاد کا کتب خانہ آریہ سماج کو دیدیا گیا۔ راجہ رائے رایاں شامراج کے کتب خانے کی سنسکرت، مراٹھی، فارسی اور اردو کتابیں بھارت گن وردھک لائبریری کو عطیہ میں دی گئیں۔ دیگر کتابیں اور فرنیچر مرہٹواڑہ یونیورسٹی اورنگ آباد کو منتقل کر دیا گیا۔ مہاراجہ

شیوراج کا کتب خانہ زیادہ تر دستاویزی تھا کیونکہ وہ آصف جاہی دور میں دفاتر دیوانی مال ملکی اور بخشی گری یعنی عطائے سلطانی، جاگیرات، مناصب، معاش، خطابات، اعزازات اور مواہیر وغیرہ کا سررشتہ سنبھالے ہوئے تھے۔ یہ دستاویزی رکارڈ شیوراج کے کتب خانے سے سرکاری محکمہ مال، ملکی و دیوانی کو منتقل ہوا جسے اب ریاستی دفتر اسناد یعنی اسٹیٹ آرکائیوز آندھرا پردیش کہتے ہیں۔

سالار جنگ اول کی مدبرانہ نظر ہمیشہ انگریزوں کی انتظامی اور تعلیمی پالیسیوں پر رہتی تھی ۱۸۵۰ء میں جب برطانوی پبلک لائبریریز ایکٹ نافذ ہوا تو حیدرآباد میں کتب خانوں کی سرکاری سرپرستی پر توجہ دی گئی۔ ۱۸۸۸ء میں نواب فضیلت جنگ، عزیز مرزا، عبدالحلیم شرر، ملا عبدالقیوم اور نواب عماد الملک کی کوششوں سے دائرۃ المعارف قائم ہوا جس کے اغراض و مقاصد میں مشرقی علوم والسنہ خصوصاً عربی مخطوطات کی ایڈیٹنگ، طباعت اور اشاعت شامل تھی۔ اس لیے مخطوطات اور مطبوعات کے ایک معیاری کتب خانہ کا قیام ضروری تھا۔ عماد الملک (سید حسین بلگرامی) اس زمانے میں ناظم تعلیمات تھے۔ انہوں نے دفتر نظامت تعلیمات میں ایک کتب خانہ قائم کیا اور اپنے ذاتی کتب خانہ سے سنسکرت عربی فارسی اور انگریزی کتابیں عطیہ دیں، عماد الملک اور ملا عبدالقیوم کی کوششوں سے اس کتب خانہ کو ۱۸۹۱ء میں سرکاری سرپرستی میں لے لیا گیا اور بجٹ میں رقمی گنجائش منظور کی گئی۔ حیدرآباد میں یہ پہلا سرکاری کتب خانہ تھا جس کو "آصفیہ اسٹیٹ لائبریری" کا نام دیا گیا۔ سید علی حیدر نظم طباطبائی اس کتب خانہ کے پہلے مہتمم تھے۔ حیدرآباد کے متمول اور متوسط گھرانوں نے علم و ادب کے تحفظ اور نشر و اشاعت کے مقصد سے اپنے کتب خانوں کے مخطوطات اور مطبوعات تحفتاً یا قیمتاً اسٹیٹ لائبریری میں داخل کئے۔ دس سال کے عرصہ میں صرف اردو کی ۲۸۳۹ کتابیں اس لائبریری میں جمع ہوئیں۔ ۱۹۴۷ء میں اسٹیٹ لائبریری میں اردو، عربی اور فارسی کے مخطوطات کی تعداد ۱۲۴۷۰ ہو گئی تھی دیگر زبانوں کے قلمی نسخے اور تاریخ اس کے علاوہ تھے ۱۹۵۶ء میں آندھرا پردیش کے قیام کے بعد لائبریری ایکٹ میں مختلف تبدیلیاں

کی گئیں جن کی رو سے لائبریریوں کو عوام اور ریسرچ اسکالرز کے لئے زیادہ سے زیادہ فائدہ بخش بنایا گیا۔ ۱۹۷۰ء میں اورینٹل مینسکرپٹ لائبریری اور ریسرچ انسٹیٹوٹ قائم کیا گیا۔ جس کے اغراض و مقاصد میں تمام ریاست سے مخطوطات کو یکجا کرنا' ان کی حفاظت کرنا' عوام اور محققین کو مخطوطات کے مطالعہ و تحقیق کی سہولتیں فراہم کرنا اور منتخب مخطوطات کی ایڈیٹنگ، دراشاعت کا انتظام کرنا وغیرہ شامل تھے۔ اورینٹل مینسکرپٹ لائبریری کا بنیادی ذخیرہ اسٹیٹ سنٹرل لائبریری سے منتقل ہونے والے مخطوطات تھا۔ بعد میں کئی سرکاری اور غیر سرکاری اداروں اور اشخاص سے حاصل کئے ہوئے مخطوطات بھی شامل کئے گئے۔ اس وقت تمام مخطوطات اور نادر لٹریچر کی جملہ تعداد ۲۳۱۶۱ ہے جس میں (۱۷،۲۹۰) اردو عربی و فارسی کے مخطوطات ہیں۔

تقابلی مطالعہ اور تحقیقی کام کرنے والوں کی سہولت کے لئے مخطوطات کی وضاحتی فہرست (Descriptive Catalogue) تیار کرنا ازحد ضرورت ہوتی ہے۔ تقریباً ۶۰ سال قبل آغا محمد حسین کاظمی اور عباس حسین کاظمی نے آصفیہ اسٹیٹ لائبریری کی چار فہرستیں تیار کی تھیں۔ یہ دونوں یکے بعد دیگرے آصفیہ اسٹیٹ لائبریری کے مہتمم رہے۔ یہ ابتدائی فہرستیں نقش اول تھیں اور ان کا نقش ثانی نصیر الدین ہاشمی کی وہ فہرستیں ہیں جو ۱۹۶۱ء میں طبع ہوئیں۔ ان دو جلدوں میں (۱۱۴۳) اردو مخطوطات شامل ہیں۔ اسٹیٹ سنٹرل لائبریری کی یہ فہرستیں اب کمیاب ہیں۔

حکومت آندھرا پردیش نے اورینٹل مینسکرپٹ لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے تحقیقی کام کو ترقی دینے کے لئے سہولتیں فراہم کیں تو اس کے مخطوطات کی وضاحتی فہرستوں کی تیاری کی ضرورت پیش آئی۔ ۸۶-۱۹۸۵ء میں تلنگی مخطوطات کی وضاحتی فہرست کی دو جلدیں شائع ہوئیں۔ اردو مخطوطات کا ایک اشاریہ (Index) انگریزی میں شائع کیا گیا۔ جسے میر کرامت علی صاحب ریسرچ اسسٹنٹ نے مرتب کیا ہے۔ یہ مضمون وار۔ ابجدی اشاریہ ہے یعنی (Subject-wise)

alphabetical Index) اشاریہ مختصر اندراجات پر مشتمل ایک طرح کا تعارف ہوتا ہے لیکن وضاحتی فہرست "کتب خانہ کی کنجی" کہلاتی ہے۔ وضاحتی فہرست میں مصنف اور مخطوطہ/کتاب کے بارے میں ممکنہ تفصیل سے معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ اورینٹل مینسکرپٹ لائبریری کے مخزونہ تلنگی مخطوطات کی وضاحتی فہرستوں کی تیاری کے ساتھ ہی یہ طے کیا گیا تھا کہ اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں بھی تیار اور شائع کی جائیں گی۔ مختلف علوم و فنون سے متعلق اردو کے (۱۶۷۴) مخطوطات کی وضاحتی فہرست سازی کو مختلف جلدوں میں بانٹ دیا گیا۔ زیر نظر فہرست اس سلسلہ کی پہلی جلد ہے۔ جس میں فنِ شاعری ـــ دواوین، کلیات اور مجموعہ کلام کے مخطوطات کو شامل کیا گیا ہے۔ فن کے تحت، مخطوطات کو حروف تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اگر کسی شاعر کے دیوان/کلیات کے ایک سے زیادہ نسخے ہوں تو ان کی ترتیب، سنہ تصنیف یا سنہ کتابت کے اعتبار سے کی گئی ہے۔ مخطوطہ کے نام (عنوان) کے بعد مصنف (شاعر) کا نام، تخلص اور سنہ وفات درج ہے۔ مخطوطہ نمبر، داخلہ نمبر اور طلب نمبر دیے گئے ہیں چونکہ ابھی ان مخطوطات کی لائبریری سائنس کے اصولوں پر درجہ بندی Classification نہیں ہوئی ہے۔ اس لئے فی الوقت طلب نمبر کی خانہ پری نہیں ہو سکی۔ مضمون (شاعری ـ دیوان/کلیات/مجموعہ کلام) کی صراحت کی گئی ہے۔ کیفیت و خصوصیات کی سرخی کے تحت، اوراق کی تعداد، تقطیع (سائز سنٹی میٹر میں، مسطر، کاغذ (دیسی/یورپی مع آبی نشان) خط (نسخ/نستعلیق/شکستہ وغیرہ) جدول، تزئین، مہریں اور آٹوگراف وغیرہ سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ کتابت کی سرخی کے تحت کاتب، مقام کتابت، سنہ تصنیف/کتابت (ہجری اور عیسوی میں) درج کئے گئے ہیں۔ مندرجات کے محاذی متعلقہ معلومات دی گئی ہیں۔ مخطوطہ میں موجود ابتدائی اور آخری شعر نقل کئے گئے ہیں۔ مخطوطہ میں ترقیمہ موجود ہو تو اس کی عبارت نقل کی گئی ہے۔ مخطوطہ کے دیگر نسخوں کے بارے میں ممکنہ تلاش اور جستجو سے حوالے فراہم کئے گئے ہیں۔ اور ساتھ ہی اگر مطبوعات ہوں تو ان کا تذکرہ ہے۔ سب سے آخر میں ایک

وضاحتی "نوٹ" کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں مصنف/شاعر کی مختصر سوانح اور ضروری معلومات درج کئے گئے ہیں۔ جن شاعروں سے متعلق معلومات نہیں مل سکیں، وہاں سکوت اختیار کیا گیا ہے۔

اس فہرست میں شامل بعض مخطوطات غیر معروف شاعروں کے ہیں۔ چند مخطوطات نادر و نایاب ہیں۔ جن کی صراحت کردی گئی ہے۔ مثلاً دیوانِ سراج (نمبر ۱۱۲۶) اور کلیات میر (نمبر ۹۶)۔ دیوان نصیر (نمبر ۴۰۲) جس پر ان کے استاد کی اصلاح ہے۔


ان مخطوطات میں قدیم اُردو (دکنی) کا خاصا ذخیرہ ہے جس میں سے چند مخطوطات پر تحقیقی کام ہوا ہے۔ باقی توجہ کے طالب ہیں۔ شمالی ہند کے شاعروں کے اکثر مخطوطات شائع ہو چکے ہیں۔ بہر حال اس وضاحتی فہرست کو اپنی دانست میں زیادہ سے زیادہ معلومات افزا بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس وضاحتی فہرست کی تیاری سے طباعت تک ہر مرحلہ پر ڈاکٹر وی۔ ایل نرسمہا راؤ ناظم کتب خانہ و ادارہ تحقیق مخطوطات مشرقی (آندھرا پردیش گورنمنٹ اورنٹیل مین سکرپٹس لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ) کی شخصی دلچسپی علمی انہماک اور خلوص شامل حال رہا ورنہ برسوں کا کام مہینوں میں انجام پانا مشکل تھا۔ مسز رفعت رضوانہ نے اس وضاحتی فہرست کی ترتیب و تیاری میں انتھک محنت کی ہے۔ یہ کام رضوانہ کے لئے ایک چیالنج سے کم نہیں تھا جس کو انہوں نے قبول کیا اور کئی مشکلات اور دقتوں کا سامنا کرتے ہوئے تکمیل کو پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ اس سلسلے میں میر کرامت علی صاحب ریسرچ اسسٹنٹ کا تعاون بھی رفعت رضوانہ کو حاصل رہا۔ میں شخصی طور پر ڈاکٹر وی۔ ایل نرسمہا راؤ صاحب کی ممنون ہوں کہ اس علمی کام کی نگرانی، تصحیح اور نظر ثانی کو میرے سپرد کیا۔

(ڈاکٹر) اشرف رفیع

ریڈر شعبہ اردو۔ جامعہ عثمانیہ

فبروری ۱۹۸۶ء



عرضِ مرتب

کتب خانہ و ادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی (A.P.G.O.M.L& R.I) میں اردو کے مخطوطات کی تعداد (۱٦٧٤) ہے۔ یہ کُل مخطوطات ادبیات کے علاوہ مختلف علوم و فنون سے متعلق ہیں۔ ان تمام مخطوطات کی وضاحتی فہرست کو ایک جلد میں پیش کرنا ممکن تھا نہ مناسب۔ اس لئے ابتداً ان میں سے صرف فنِ شاعری کو اشاعتی پروگرام میں شامل کیا گیا۔ فنِ شاعری کی دو جلدیں ہوں گی۔ پہلی جلد اس وقت آپ کے پیش نظر ہے۔ دوسری جلد بھی توقع ہے کہ جلد ہی محققین تک پہنچ جائے گی۔ اس وضاحتی فہرست میں ۱۵٦ دواوین، ۱۸ کلیات اور ۴ عدد مجموعہ کلام شامل ہیں۔ اس طرح یہ فہرست ۱۷۸ مخطوطات کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔ مختلف کتب خانوں کی فہرستوں کو پیش نظر رکھ کر اس فہرست کو مرتب کیا گیا ہے۔ اس کے اندراجات کو زیادہ سے زیادہ صحیح اور معلومات آفریں بنانے کی بساط بھر کوشش کی گئی ہے۔

ڈاکٹر وی ایل نرسمہا راؤ صاحب ناظم ادارۂ ہذا تلگو و انگریزی کے اعلیٰ درجہ کے شاعر اور ادیب ہی نہیں، بلکہ ایک علم دوست اور نیک نفس شخصیت کے مالک بھی ہیں۔ موصوف کی خصوصی دلچسپی ہی کا نتیجہ ہے کہ یہ کتب خانہ ریسرچ اسکالرز کے لئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے قابل ہوتا جا رہا ہے۔ اپنے اسٹاف کی علمی و ادبی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے ہیں یہ ڈاکٹر صاحب کی اعلیٰ ظرفی اور وسعتِ نظری تھی کہ انہوں نے اردو کے اس علمی و تحقیقی کام کو

جو کلیدی اہمیت کا حامل ہے، میرے سپرد کیا۔ مجھے اس کام کی اہمیت اور اس کی دشواریوں کا صحیح اندازہ نہیں تھا۔ چنانچہ بڑی آسانی سے میں نے یہ ذمہ داری قبول کرلی مجھے اپنی بے بضاعتی کا پتہ تو اس وقت چلا، جب کام کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ مخطوطات کے مطالعہ کے بعد متعلقہ معلومات اور دیگر حوالہ جات کی تلاش میں مختلف کتب خانوں سے مدد لی گئی۔ جہاں قدم قدم پر مجھے اہل علم حضرات کا تعاون حاصل رہا اور مفید مشورے ملتے رہے۔

اس فہرست کی نظر ثانی اور تصحیح کا کام محترمہ ڈاکٹر اشرف رفیع صاحبہ ریڈر شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ کے سپرد کیا گیا۔ ڈاکٹر صاحبہ کے خلوص، ہمدردی اور علمی و ادبی رہبری و رہنمائی نے اس فہرست کی تکمیل کو پر لگا دیئے۔ جناب ایم اے کے فاطمی صاحب (لائبریرین شعبہ لسانیات، جامعہ عثمانیہ) کی ذاتی دلچسپی، مشفقانہ و ماہرانہ فنی مشوروں سے میری ہمت بڑھتی گئی اور کام ہوتا گیا۔ محترمہ ڈاکٹر اشرف رفیع صاحبہ اور محترمی فاطمی صاحب کی مہربانی اور مدد حاصل نہ ہوتی تو مجھے اعتراف ہے کہ اس فہرست کی تکمیل و اشاعت بر وقت عمل میں نہ آتی۔ ان دونوں علمی و ادبی ہستیوں کی میں تہہ دل سے ممنون ہوں۔


فہرست کی ترتیب کے آغاز سے لے کر آخر تک جناب میر کرامت علی خاں صاحب ریسرچ اسسٹنٹ، ادارہ ہذا کا بھی تعاون مجھے حاصل رہا ہے اس کے لئے میں ان کی بھی شکر گذار ہوں۔ محترمہ خواجہ بانو صاحبہ، (ریٹائرڈ ٹیچر) محترمی محمد عثمان علی خاں (ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ رجسٹرار اکیڈمک برانچ، جامعہ عثمانیہ) ڈاکٹر رحمت علی خاں (صدر شعبہ مخطوطات، سالار جنگ میوزیم لائبریری) مولوی محمد جعفر (ریٹائرڈ لائبریرین، جامعہ عثمانیہ) محمد سرور، وقار خلیل (ادارۂ ادبیات اردو) نور الدین، ریاست علی تاج اور ڈاکٹر میر نجم الدین علی خاں صاحبان جیسے حضرات کا بھی میں شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتی ہوں کہ انہوں نے عند الضرورت اس کام

میں میری رہنمائی فرمائی ہے ۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ کام اور اس کی تکمیل میں یہ ساری اعانتیں صرف اور صرف ڈاکٹر وی ۔ ڈی ۔ ایل ۔ نرسمہاراؤ صاحب (ڈائرکٹر ادارہ ہذا) کی شفقت، رہنمائی اور ہمت افزائی کی وجہ سے مجھے حاصل ہو سکیں اس لئے میں ان کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کرنا فرض منصبی سمجھتی ہوں

رفعت رضوانہ
بی ۔ اے
(شعبۂ اردو تحقیق)
کتب خانہ و ادارہ تحقیق مخطوطات مشرقی
حیدرآباد

○○○



دیوان آزاد

مصنف :- الگزنڈر ہیڈلے ۔ آزاد

ولادت سنہ ۱۸۲۹ء وفات سنہ ۱۸۶۱ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۱۲

داخلہ نمبر ۔ ۲۶۹۷۶ طلب نمبر —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات { اوراق (۶۹) تقطیع (۲۶×۱۸ سم) مسطر (۱۵) ۔ مکمل ۔
کاغذ دیسی، خط شکستہ

کتابت :- کاتب — مقام — سنہ تصنیف — سنہ کتابت ۔ —

مندرجات ۔ ردیف دار غزلیات

ابتداء ۔ غلام خاص ہوں آزاد شاہ دین و دنیا کا
سر پر آرائے رحمت ہے لقب میرے مسیحا کا

اختتام ۔ سراسر نوحہ مک ظلمت سے چمکا ہر طرف آزاد
پس سر موئے سر اپنے حواس نے دیکھے بل باندھے

ترقیمہ ۔ ندارد
کتابیاتی حوالے ۔ دیگر نسخے نہیں ملے ۔
مطبوعات ۔ ۱۸۶۳ء میں آزاد کا متفرق کلام ترتیب دے کر مطبع احمدی آگرہ سے ان کے بھائی ٹامس ہیڈلے نے شائع کروایا تھا ۔
نوٹ ۔ الگزینڈر ہیڈلے نام، آزاد تخلص، والد کا نام جیمس ہیڈلے تھا۔ جیمس ہیڈلے نے انگلستان سے آکر ایک ہندستانی خاتون سے شادی کی تھی۔ الگزینڈر بمقام دہلی ۱۸۲۹ء میں پیدا ہوا تھا۔ اس کی پرورش ہندوستانی مسلمانوں جیسی ہوئی۔ زین العابدین عارف سے شاعری میں تلمذ حاصل تھا۔ صرف ۳۲ سال کی عمر میں ۱۸۶۱ء میں انتقال ہوگیا۔ مزید معلومات کے لئے دیکھئے خمخانۂ جاوید ص ۲۸، رام بابو سکسینہ یورپین شعرا ص ۹۵، خواجہ یوسف الدین صاحب نے بھی اپنی کتاب یوروپین اور اینگلو انڈین شعرا میں آزاد کا تذکرہ کیا ہے۔

دیوان آفاق

مصنف :- عیسیٰ خاں، محمد۔ آفاق

وفات ۱۲۵۳ھ م ۱۸۳۷ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۸۲ ۔ ۳م
داخلہ نمبر ۔ ۵۹ ۔ ۵م طلب نمبر ۔ ۔
مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)
کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۱۳] تقطیع [۲۱×۱۳ سمر] مسطر (۱۵) کرم خوردہ ناقص الآخر
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات

ابتداء ۔ پنہاں کروں کیا شکر خداوند تعالیٰ

بے جان تھا میں تن میں میری جان کو ڈالا

اختتام ۔ اپنے آپ کو پہچان کو میں چوم لیے اس خنجر پھر

کیونکہ نہ ہوتی نہ پہلا ....

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو علی گڈھ ایک دیوان ریختیات مخطوطہ نمبر ۹۰۔ کتب خانہ سالار جنگ بیاض کلام اشعار مخطوطہ نمبر ۱۴، ۱۳۸۔ کلیات کا ایک نسخہ نواب ظہیر یار جنگ امیر پایگاہ کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ مثنوی بہار دانش مخطوطہ مثنوی نمبر ۱۱۶ دانش افروز (مخطوطہ نمبر (۴ ۵ جدید) کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔

نوٹ ۔ محمد عیسیٰ خاں نام، آفاق تخلص، لیکن بعض مصنفوں نے ان کا نام فریدالدین آفاق بتلایا ہے۔ ان کا شمار دلّی کے شرفاء میں کیا جاتا تھا۔ جوہر نے "گلزار آصفیہ" میں شہرت اور آفاق کا ذکر ایک ساتھ کیا ہے لکھا ہے کہ دونوں بھائی تھے۔ قاسم نے اپنے تذکرے میں اس رشتہ کی وضاحت کی ہے کہ شہرت، آفاق کے ماموں زاد بھائی تھے "آب حیات" سے بھی اس بیان کی تصدیق ہوتی ہے۔

"محبوب الزمن" کے مصنف نے بھی "آب حیات" والی روایت کو اپنے تذکرہ میں دہرایا ہے۔ ڈاکٹر مسعود حسین خاں نے "قصہ مہر افروز و دلبر" کے دیباچہ میں عیسیٰ خاں کے خاندانی حالات پر روشنی ڈالی ہے۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ موسیٰ خاں اور عیسیٰ خاں دونوں بھا[ئی]

نواب ظہیر یار جنگ بہادر امیر پائیگاہ لکھتے ہیں کہ آفاق کا شمار شمس الامراء کے متوسل شعراء میں کیا جاتا تھا۔ ۱۲۵۳ھ م ۱۸۳۷ء میں حیدرآباد میں وفات پائی۔ فیض (میر شمس الدین) نے آفاق کی تاریخ وفات نکالی تھی۔ ع

زانقضائے آفاق، آفاق رفت

۱۲۵۳ھ

مختلف تواریخ و تذکروں سے آفاق کی مندرجہ ذیل تصانیف کا پتہ چلتا ہے

۱۔ "دیوان ریختیات" ۱۲۳۹ھ م ۱۸۲۳ء میں حسب فرمائش رفیع الدین خاں و بدرالدین خاں مرتب ہوا تھا۔

۲۔ "گلدستۂ مجلس" ایک طویل اخلاقی اردو مثنوی ہے۔ بقول ڈاکٹر زور اس میں دو ہزار نو سو اڑسٹھ اشعار تھے۔

۳۔ "مجموعہ قصائد" آفاق کے وہ قصائد جو انہوں نے شمس الامراء اور ان کے فرزندوں کی مدح میں لکھے تھے۔

۴۔ مثنوی "خواب و خیال" ایک مختصر مثنوی جو بقول ڈاکٹر زور دو مختلف بحروں میں پڑھی جاسکتی ہے۔

۵۔ کلیات آفاق۔

ان کے علاوہ (۶) مثنوی بہار دانش (مثنوی نمبر ۱۱۶) اور (۷) دانش افروز (نمبر ۴۵ جدید) کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔

(مزید تفصیل کے لئے دیکھیے)

لئیق صلاح۔ میر شمس الدین فیض حیات اور ادبی کارنامے ص ۱۳۸ تا ص ۱۴۳

اور خمخانۂ جاوید جلد اول

دیوانِ اثر

مصنف:۔ محمد میر سید، اثرؔ

وفات سنہ ۱۲۵۰ھ م سنہ ۱۸۳۴ء

مخطوطہ نمبر۔ ۲۶۸

داخلہ نمبر۔ ۱۰۶۳۳ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت وخصوصیات۔ اوراق (۵۲)، تقطیع [۲۳ x ۱۴ سمر] مسطر (۱۰)، مکمل کاغذ دیسی۔

خط نستعلیق، مہر، ۱۱؍ محمد بدر الدین خاں سنہ ۱۲۲۰ھ

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۲۳۱ھ م ۱۸۱۵ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات اور چند رباعیاں

ابتداء ۔ بس رنج اب خیال مے و جام ہو گیا

ساقی بیک نگاہ میرا کام ہو گیا

اختتام وعدے کی تمام رات روتے گذری، ہر دم جل جل کے جان کھوتے گذری

بس اور تو کیا کہوں کہ جوں شمع سحر، روشنی جو کچھ کہ صبح ہوتے گذری

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے۔ پیش نظر نسخہ کے علاوہ دیوانِ اثر کے تین اور مخطوطوں کا پتہ چلتا ہے، ڈاکٹر ناصر الدین دہلی، ذخیرہ سری رام بنارس ہندو یونیورسٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی "مثنوی خواب وخیال" کتب خانہ خدابخش پٹنہ میں موجود ہے۔

مطبوعات۔ "دیوانِ اثر" کا پہلا ایڈیشن ۱۹۲۹ء میں تقی الدین احمد نے حیدرآباد سے شائع کیا تھا۔ اس کا دوسرا ایڈیشن مولوی عبدالحق نے ۱۹۳۰ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڈھ سے شائع کیا۔ ڈاکٹر فضل حق کامل قریشی نے "دیوانِ اثر" کو مرتب کر کے دہلی یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی یہ مقالہ ۱۹۷۸ء میں دہلی سے شائع ہوا ہے۔

نوٹ۔ سید محمد میر نام اثر تخلص، خواجہ محمد ناصر عندلیب کے بیٹے اور خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی اور انہی کے نقش قدم پر چلتے تھے علوم و فنون اساتذہ دہلی سے حاصل کئے تھے تصوف موسیقی، حساب اور ریاضی میں ان کا جواب نہ تھا۔

ان کی ایک مثنوی جو اپنے رنگ کی اردو میں پہلی مثنوی ہے اسکا نام "خواب و خیال" ہے کہا جاتا ہے کہ نواب مرزا شوق نے اپنی مثنویوں "زہر عشق" "بہار عشق" وغیرہ میں اسی مثنوی کا تتبع کیا ہے۔ مرزا علی لطف نے کچھ اشعار اس کے اپنے تذکرے میں نقل کئے ہیں۔

دیوانِ ارشاد

مصنف۔ محی الدین، غلام ارشاد

مخطوطہ نمبر۔ ۴۰۰

داخلہ نمبر ۱۰۵۶۷ طلب نمبر ۔

مضمون شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۶۷) تقطیع (۲۲،۵ × ۱۴،۵ سمر) مسطر (۱۵) مکمل، کرم خوردہ کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب بقلم مصنف۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات

ابتداء ۔ حمد رب العالمین ہے ابتداء دیوان کا
جس طرح الحمد سے آغاز ہے قرآن کا

اختتام ۔ نحن اقرب کے شوق میں ارشاد
ہو رہی ہے اس پیا کی جلوہ گری

ترقیمہ ۔ تمت تمام ھذا النسخہ دیوانِ غلام محی الدین عرف ارشاد ذید برکاتہٗ بتاریخ دھم شھر ذیقعدہ روز چہارشنبہ در وقتِ صبح در اول پہر بساعتِ مشتریٔ دبیرِ فلک باتمام رسید۔

کتابیاتی حوالے ۔ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں دیوان کا ایک نسخہ موجود ہے

نوٹ ۔ غلام محی الدین نام، ارشاد تخلص تھا۔ اجین کے باشندے تھے ان کے اجداد وہاں قاضی تھے، ارشاد سنہ ۱۱۷۵ھ میں اورنگ آباد آئے۔ درگاہ قلی خاں صوبہ دار اورنگ آباد ان کے بڑے قدردان تھے، درگاہ قلی خاں سالار جنگ کے انتقال کے بعد ارشاد حیدرآباد آگئے۔ ارشاد صوفی منش بزرگ تھے اور شاہ فخر الدین ترمذی کے مرید اور خلیفہ۔

دیوان اسد

مصنف ۔ اسد

مخطوطہ نمبر ۔ ۴۵۷

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۶۲۱ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۷) تقطیع (۱۹٫۵×۱۳٫۵ سمر) مسطر (۹). مکمل
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق.

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات اور آخری صفحہ پر کچھ فارسی کلام۔

ابتدا ۔ لے گیا کوئی کسو نے کھو گیا
پھر نہ آیا اس مکاں سے جو گیا

اختتام ۔ ایک اسد ہی نہیں ہے زائر
جو کہ آیا سو پاک ہوتا ہے

ترقیمہ ۔ ۔

کتابیاتی حوالے ۔ ۔

نوٹ ۔ ۔

دیوانِ اسیر

مصنف۔ مظفر علی، منشی، مظفر الملک۔ اسیر
ولادت سنہ ۱۲۹۹ھم سنہ ۱۸۸۱ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۱۲۰

داخلہ نمبر ۔ ۱۸۳۴۹ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۰۱) تقطیع (۳۱٫۵ × ۱۹ سمر) مسطر (۱۹)۔ مکمل۔
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔ سنہ ۱۲۸۱ھ م سنہ ۱۸۶۴ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں۔ ایک مخمس جو آتش کی غزل پر لکھا گیا ہے۔ اور چند رباعیات و قطعات تاریخ بھی شامل ہیں ۔

ابتداء ۔ بے زباں اور بے دہن ہے نطق کلام اللہ کا
سب کلاموں سے ہے بالاتر کلام اللہ کا

اختتام
تاریخ شفائے نواب صاحب

ہزار شکر کہ نواب کو ہوئی صحت
ہر ایک دور بلا ہو گیا شفا پائی
کہا یہ میں نے پئے نذر مصرع تاریخ
دعائے خلق سے دور ہوئی شفا پائی

سنہ ۱۲۸۱ھ

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔ کتب خانہ سالارجنگ میں دیوانِ امیر کے ۳ نسخے اور ایک نسخہ قصائد کا موجود ہے۔

مطبوعات ۔ دیوان امیر موسوم بہ "گلستانِ سخن" مرتبہ علوی، علی بخش خاں، دیوان امیر مطبع نولکشور لکھنؤ سنہ ۱۸۷۱ء، "مجمع البحرین ذو لسانین"، نولکشور لکھنؤ جلد اول و دوم ۔

نوٹ ۔ مظفر الملک، منشی مظفر علی اسیر امیٹھوی، سید مدد علی کے بیٹے تھے۔ سنہ ۱۲۹۹ھ میں انتقال ہوا علمائے فرنگی محل، لکھنؤ سے اکتساب علم کیا تھا۔ شروع میں شاہانِ اودھ نصیر الدین حیدر اور امجد علی شاہ سے متوسل رہے۔ پھر واجد علی شاہ کے مصاحبوں میں شامل ہوئے۔ "تدبیر الدولہ مدبر الملک بہادر جنگ" کے خطاب سے سرفراز کئے گئے لکھنؤ کی تباہی کے بعد رام پور چلے گئے وہاں نواب یوسف علی خاں اور

کلب علی خاں نے ان کی قدردانی کی۔ اسیر کو شیخ غلام ہمدانی مصحفی سے تلمذ تھا۔ اسیر کے نامور شاگردوں میں منشی امیر احمد امیر، مولوی الٰہی بخش نازش، منشی احمد علی شوق اور ریاض احمد ریاض شامل ہیں۔

تصنیفات میں ایک فارسی دیوان ہے، چھ دیوان اردو کے اور کئی مثنویاں ہیں ایک کتاب عروض میں "زر کامل عیار شرح معیار الاشعار" ہے اور کئی رسالے عروض و قافیہ اور صرف و نحو میں ہیں۔

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے ؎ خمخانۂ جاوید جلد اول ص ۲۹۹ تا ص ۳۰۷ ۞ دبستان امیر مینائی اور ۞ گل رعنا۔

دیوان اشک

مصنف۔ علی حسن، سید۔ اشک

مخطوطہ نمبر۔ ۴۲۴

داخلہ نمبر۔ ۱۰۵۹۱ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۲) تقطیع [۲۲ × ۱۴ سم] مسطر (۱۱)۔ مکمل۔
کاغذ دیسی، خط شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب مرزا حاتم علی۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۲۷۲ھ / ۱۸۵۵ء سنہ کتابت ۱۲۷۸ھ / ۱۸۶۱ء

مندرجات غزلیں بلا لحاظ ردیف ہیں

ابتداء ۔ عشق کا راز نہ بھولے سے زباں پر آیا
رو لیے بیٹھ کے خلوت میں جو دل بھر آیا

اختتام ۔ مر گئے اے اشک جتنے تھے رقیب کینہ جو
بعد مدت کے مرا مکتوب پہونچا یار کو

ترقیمہ ۔ دیوان کے آغاز میں مندرجہ ذیل تحریر درج ہے ۔

چند غزلیات دیوان حقیر علی حسن لکھنوی متخلص بہ اشکؔ شاگرد مولوی شہید صاحب مرحوم شاگرد رشید جناب غفراں مآب شیخ امام بخش صاحب متخلص بہ ناسخؔ مغفور فقط تحریر شد ۱۳ اسفر سنہ ۱۲۷۰ھ ۔

صفحہ ۲۲ پر یہ تحریر درج ہے ۔

تاریخ دیوان فقیر سید علی حسن اشکؔ من تصنیف صاحب مرزا حاتم علی صاحب مہرؔ شاگرد رشید صاحب غفراں مآب صاحب شیخ امام بخش صاحب متخلص بہ ناسخؔ مرحوم و مغفور ۔

اس تحریر کے بعد یہ اشعار ہیں ۔

واہ وا صلی علیٰ صلی علیٰ صلی علیٰ
یہ وہ دیوان ہے کہ جس پر شاعروں کو رشک ہے
پھر یہ ہاتف کی ندا آئی بدیہا دفعتہً
کیجئے قند مکرر اس کو فکرِ اشک ہے
۱۲۷۲ھ

دیوانِ اظفری

مصنف ۔ ظہیر الدین، مرزا، محمد ۔ اظفریؔ

وفات سنہ ۱۲۳۴ھ سنہ ۱۸۱۸ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۶۴

داخلہ نمبر ۔ ۳۴۵ ۷ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون شاعری، دیوان (شاملات از دیوانِ مظہر، فارسی)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق (۱۷) تقطیع (۲۵×۱۵ سمر) ۔ مسطر (۱۵) ۔ مکمل ۔
کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات اور آخر میں ایک فارسی رباعی۔

ابتداء شکر و حمدِ ایزدی آرائشِ عنواں ہوا

نعت و وصفِ احمدی دیباچۂ دیواں ہوا

اختتام بیٹھا طفلِ دل اظفری کا تیرے دیکھ

دو بادام دو آم اور چار پیسے

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے۔ انتخابِ اظفری کا ایک نسخہ انجمن ترقی اردو پاکستان کے کتب خانہ میں ہے۔ یہ انتخاب خود اظفری نے اپنے دوست احباب کی فرمائش سے کیا تھا۔ قدیم دیوان بھی تھا جو نایاب ہے۔

مطبوعات ۔ واقعاتِ اظفری۔ مطبوعہ مدراس یونیورسٹی ۱۹۳۷ء

۔ انتخابِ اظفری۔ مطبوعہ مدراس یونیورسٹی ۱۹۳۹ء۔ اس میں ایک سو بارہ غزلیات ہیں۔

نوٹ ۔ مرزا محمد ظہیر الدین علی بخت نام اور اظفری تخلص۔ دہلی سے ۱۲۱۲ھ میں مدراس آئے۔ خاندان والاجاہی سے متوسل ہوئے۔ نواب رئیس الامراء کے درباری شاعر تھے۔ فارسی اور اردو میں شاعری کرتے تھے۔ ترکی زبان سے بھی واقف تھے ۱۲۳۴ھ میں انتقال ہوا۔ یہ مغلیہ شہزادے تھے، عرف عام میں "مرزا کلاں" کہلاتے تھے۔ ابتداء میں غمخوار تخلص کرتے تھے۔ میر تقی میر کے شاگرد تھے۔

تصنیفات میں ترکی چغتائی لغت، محبوب القلوب، نصاب ترکی، تنکری تاری، نسخہ سانحات، عروض زادہ اور فوائد الاطفال۔ ملاحظہ ہو "مدراس میں اردو ادب کا نشو و نما" از ڈاکٹر افضل الدین اقبال، ص ۱۷۸ تا ص ۱۸۱

دیوان افسوس

مصنف۔ شیر علی، میر۔ افسوس
وفات ۱۸۰۹ء

مخطوطہ نمبر۔ ۹۵۔

داخلہ نمبر۔ ۱۳۶۷۷ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۴۷) تقطیع (۲۳٫۵ × ۲۱ سم) سطر (۱۹)۔ مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ بقلم مصنف۔ تمام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت سنہ ۱۲۴۴ھم سنہ ۱۸۲۸ء

مندرجات۔ ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور آخر میں چند رباعیاں شامل ہیں۔

ابتداء ۔ —— کس طرح ہو وصف مجھ سے تیری صنعت کا
—— کرشمہ ایک ہے یہ چرخ تیر دست قدرت کا

اختتام ۔ قیمہ دین قصد کھلا کر توتے
گل کر دیا نوک خانہ نشتر کتیق

ترقیمہ ۔ تمام شد دیوان میر شیر علی افسوس بتاریخ ہشتم شہر رجب المرجب سنہ ۱۲۴۴ھ

کتابیاتی حوالے۔ دیوان کا ایک نسخہ انڈیا آفس لائبریری برطانیہ میں ہے؛ مثنوی اور گلشن ہند کا ایک ایک نسخہ کالج لندن لائبریری میں ہے۔ "آرائش محفل" کے تین نسخے ○ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز دلی۔ ○؛ دلی یونیورسٹی لائبریری) (حوالہ ۷۵۱۲/ MS/ KA-168-K-1-72)

○ نیشنل میوزیم لائبریری میں موجود ہے۔

مطبوعات ۔ ترجمۂ "گلستاں" کلکتہ محمدی چھاپہ خانہ ۱۲۵۱ھ

نوٹ ۔ میر شیر علی ابن میر مظفر خاں دہلی میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد کے ہمراہ لکھنؤ پہونچے۔ وہاں کی صحبتوں نے بچپن ہی میں شعر کا شوق پیدا کر دیا۔ میر حیدر علی حیراںؔ دہلوی کو اپنا کلام دکھانے لگے۔ میر سوزؔ سے بھی اصلاح لی تھی۔ ۱۸۰۹ء میں وفات پائی۔

ڈاکٹر گلکرسٹ کے تحت فورٹ ولیم کالج میں اردو کتابوں کی تصنیف و تالیف کے سررشتہ دار تھے۔ گلکرسٹ کی ایما سے "گلستاں" کا ترجمہ "آرائش محفل" کے نام سے اردو میں کیا اور ایک "مثنوی بے نظیر" موسوم بہ "سحر البیان" کا بھی اردو میں ترجمہ کیا تھا۔

دیوان الا اللہ (نسخہ اول)

مصنف ۔ الا اللہ شاہ شطاری

مخطوطہ نمبر ۔ ۴۹۱

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۶۶۶ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۶۹) تقطیع (۲۳ × ۱۵ سم) مسطر (۱۴)۔ مکمل۔
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق؛ جدول سرخ

کتابت ۔ بقلم مصنف۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۲۳۰ھ م ۱۸۱۴ء سنہ کتابت ۔ ـــ

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں، کلام صوفیانہ ہے۔ سخہ اول پہ عنوان (ایں در دیوان، خلاصہ و حقیقت ما) ہے۔ تخلص سرخی سے نمایاں کیا گیا ہے۔

ابتداء ۔ نکتہ ملا ہے جسکوں پیالے کے خیال کا
لاگا ہے عشق اس کو منور جمال کا

اختتام ۔ اب یو دیوان ہوئی سمجھ اختتام یہاں
بارا صد دہے تیسواں ہجری کا سال ہے

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد، کارِ من نظام شد
حج اکبر کے روز یہ دیوان
ہوئی ہے تمام اے محبِ تو جان
ایں دیوان تصنیف فقیر الحقیر الا اللہ شاہ شطاری

کتابیاتی حوالے ۔ دیگر نسخے کہیں اور نہیں ملے ۔

دیوان الا اللہ (موسوم رسالہ حضرت الا اللہ شطاری) نسخہ ثانی

مصنف ۔ الا اللہ شاہ شطاری

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۰۱۱

داخلہ نمبر ۔ ۳۱۵۲۶ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق (۶۳) تقطیع (۲۱،۵ × ۱۲،۵ سم)، مسطر (۱۱) ۔ مکمل ۔ کرم خوردہ کاغذ دیسی ؛ خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ ـــ مقام ۔ ـــ سنہ تصنیف ۱۲۳۰ھ / ۱۸۱۴ء سنہ کتابت ۔ ـــ

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات ۔ مقطع سرخی سے لکھا گیا ہے ۔

ابتداء ـ نکتہ مِلا ہے جسکوں پیا کے خیال کا
لاگا ہے عشق اسکوں سنور جمیاں کا

اختتام ـ اب یہ دیوان ہوے سمجھ اختتام یہاں
بارا صد د ہے تیس واں ہجری کا سال ہے

ترقیمہ ـ تمت تمام شد کار من نظام شد
حج اکبر کے روز یہ دیوان
ہوئی ہے اتمام اے عجب توجان

ایں دیوان تصنیف حضرت الا اللہ شاہ قادری شطاری مدظلہ عالی بخرشتہ امیدن دید دیویم. زہن ہر دو چہ حاصل.

دیوان ایمان

مصنف ـ شیر محمد خاں ایمان
وفات سنہ ۱۲۲۰ھ م سنہ ۱۸۰۵ء

مخطوطہ نمبر ـ ۶۸۷

داخلہ نمبر ـ ۶۷۳۲ طلب نمبر ـ

مضمون ـ شاعری ـ دیوان (شاملات از دیوان جرات ۶۳۶/ر)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۵۷) تقطیع (۵ء ۴x ۵ء۸ ، ۸ء ۴سم) مسطر (۱۱) مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق ـ

کتابت ـ کاتب ـ بقلم مصنف ـ مقام ـ سنہ تصنیف ـ سنہ کتابت سنہ ۱۲۴۸ھ م ۱۸۳۲ء

مندرجات۔ ردیف وار غزلیات، رباعیات، مخمس، مثنویاں شامل ہیں۔ یہ مثنویاں کئی ناموں سے موسوم ہیں۔

ابتداء ۔ الٰہی شکر جاری ہے زباں پر دم بدم تیرا
کہ بخشا جان و ایماں بے نہایت ہے کرم تیرا

اختتام ۔ کرتا تھا وہ زید سب قلم بند
مجنوں ہوتا تھا دیکھ خورسند

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد۔ دیوان شیر محمد خاں تخلص ایمان بتاریخ بست و چہارم شہر شوال ۱۲۰۸ھ روز یکشنبہ بوقت سہ پہر بحسن اختتام رسید۔ مالک... سرمست خاں

کتابیاتی حوالے۔ ۰ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو ۲ نسخے (دیوان، کلیات)، ۰ جامعہ عثمانیہ ایک نسخہ ۰ سالار جنگ (ایک نسخہ) (۰ مخطوطات انجمن پاکستان انتیل میوزیم کراچی (۲ نسخے) (ایک نسخہ محمد عبدالرزاق مددگار صدر محاسب سرکار عالی حیدر آباد کے پاس تھا جن کے انتقال کے بعد اب یہ کتب خانہ کراچی منتقل ہو گیا۔)

مطبوعات۔ ادارہ ادبیات اردو کی جانب سے "ایمان سخن" کے عنوان سے ایک انتخاب ۱۹۳۷ء میں شائع ہوا ہے۔

نوٹ ۔ شیر محمد خان، ایمان، محمد عاقل خاں کے بیٹے اور میر و سودا کے معاصر تھے۔ دکن کے قادر الکلام شاعروں میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ فارسی و اردو دونوں زبانوں میں کلام ملتا ہے۔ ایمان کے بیسیوں شاگردوں نے میدانِ سخن میں ناموری حاصل کی ہے۔ ایمان ارسطو جاہ دیوانِ دکن سلطنت آصفیہ کے ساتھ سفر و حضر میں بطور مصاحب رہا کرتے تھے۔ تجلّی سے تلمذ حاصل تھا۔ نظم و نثر میں کئی کتابیں لکھی ہیں، تاریخ گوئی میں کمال رکھتے تھے۔

تصنیفات میں سردار نامہ، شطرنج (فارسی)، گلدستہ گفتار، مثنوی برق تاب، مثنوی قیس ولیلیٰ، مثنوی شیریں خسرو، مثنوی تنبیہ جالد، برسات نامہ، بیتاب نامہ، اشتیاق نامہ، فراق نامہ نامہ منظوم اور قصائد وغیرہ شامل ہیں۔

دیوانِ بسمل

مصنف ـــ بسمل (نام معلوم نہیں ہوسکا)

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۲۰۴

داخلہ نمبر ۔ ۵۳۱ ب ۔ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۵۴) تقطیع (۲۰×۱۶ سمر) مسطر (۸) ۔ ناقص الطرفین
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ ـــ مقام ۔ ـــ سنہ تصنیف ۔ ـــ سنہ کتابت ۔ ـــ

مندرجات ۔ بلالحاظِ ردیف غزلیں ہیں۔ آخر میں فارسی کلام بھی شامل ہے۔

ابتداء ۔ زر رکھتے تھے پر ہو گئے بے زر بسمل
گھر رکھتے تھے پر ہو گئے بے گھر بسمل

اختتام ۔ الٰہی بندہ، بہ بندگی بہ نیاز
وخداوند بخداوندگی بے نیاز

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔ ـــ

دیوان بہرام

معنف۔ دستور، بہرام جی جاماسپ جی۔ بہرآم

وفات۔ ۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۲۵

داخلہ نمبر ۔ ۵۸۶۶　　طلب نمبر ــــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات　اوراق (۹۱) تقطیع [۳۲ × ۲۰ سم] مسطر (۷) مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام، ــ سنہ تصنیف ــ سنہ کتابت ــ

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات

ابتداء ۔ ساتھ وہ گلرو جو کل سیر گلستاں میں نہ تھا۔
شکل گل کیا چاک تا دامن گریباں میں نہ تھا۔

اختتام ۔ بہرآم اب کسی کی نہیں مجھ کو آرزو
وردِ زباں مگر میرے نامِ خدا رہے

ترقیمہ ۔ تمام شد

دستور بہرام جی جاماسپ متوفی سنہ روز چہارم شہریور ماہ ہفتم مہر سنہ ۱۲۶۴ یزگردی

کتابیاتی حوالے ۔ "دیوان بہرام" مسلم ضیائی نے انجمن ترقی اردو ہند دہلی سے ۱۹۴۳ء میں شائع کروایا۔

مطبوعات ۔ ملاحظہ ہو کلیات بہرام (نمبر ۳۲۳) ــ دواوین

نوٹ - بہرام جی جاماسپ جی ۲ر دسمبر ۱۸۲۸ء بمقام نوساری گجرات میں پیدا ہوئے۔ ۲۷ر مارچ ۱۸۹۳ء کو حیدر آباد آئے اور یہیں کے ہو گئے۔ فارسی اور اردو شاعری سے شغف تھا۔

دیوان بیان

مصنف۔ احسن اللہ خاں، خواجہ۔ بیان

وفات ۱۲۵۲ھ م ۱۸۳۷ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۰۴

داخلہ نمبر۔ ۲۹۸۹۹ طلب نمبر۔ —

مضمون۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۷) تقطیع (۲۰×۱۲ سمر) مسطر (۹) مکمل، کرم خوردہ ٹیشو کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی، خط شکستہ

کتابت۔ کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف۔ — سنہ کتابت ۱۲۰۰ھ م ۱۷۸۵ء

مندرجات۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعیات، مخمس، قصیدہ، ہجو، مثنوی اور واسوخت وغیرہ شامل ہیں۔

ابتداء۔ کیا لکھے بیان اس کے وجود اور عدم کا

طاقت نہ زبان کی ہے نہ مقدور قلم کا

اختتام۔ صادق دل سے جو کوئی ہو اس گھر کا غلام

وہ کسو در پر کبھو لے کر نہ جاوے التجاء

ترقیمہ تمام شد در سنہ ۱۲۰۰ھ

کتابیاں حوالے۔ دیوان کے نسخے ○ کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی ○ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد اور ○ سالارجنگ میں موجود ہے۔ کلیات کا بھی ایک نسخہ کتب خانہ سالارجنگ میں موجود ہے۔

مطبوعات ۔ دیوان بیاں مرتبہ ثاقب رضوی مجلس اشاعت دہلی سنہ ۱۹۷۸ء
بیاں کے حالات زندگی اور کلام پر تبصرہ ڈاکٹر لئیق صلاح کی تصنیف "عہد ارسطو جاہ" میں شامل ہے

نوٹ ۔ دیوان کے ابتدائی پانچ صفحات پر بیاں کے تفصیلی حالات ہیں۔ مرزا مظہر جان جاناں، بیاں کے استاد تھے۔ بیاں، آصف جاہ ثانی ارسطو جاہ اور مہاراجہ چندو لال سے متوسل رہے۔ راے گلاب چند ہمدم نے "استاد از جہاں رفت" سے سنہ ۱۲۵۳ھ تاریخ وفات نکالی ہے۔ حیدرآباد میں وفات پائی۔

دیوان بیدار

مصنف ۔ میر محمدی ۔ بیدار
وفات سنہ ۱۲۰۹ھ م سنہ ۱۷۹۳ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۰۹۶

داخلہ نمبر ۔ ۱۸۰۲۳ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۶۹) تقطیع (۲۳×۱۴ اسمر) مسطر (۱۱) مکمل۔
کاغذ دیسی، خط نستعلیق؛

کتابت ۔ کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف ۔ — سنہ کتابت ۲۴ رمضان سنہ ۱۲۶۴ھ م سنہ ۱۸۴۸ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات

ابتداء ۔ جو کچھ ہونا تھا سوئے دل ہو گیا ٭ پر سمجھ کہ کس پہ مائل ہو گیا۔

اختتام ۔ تیرے مژگاں ہی نہ پہلو مارتے ہیں تیر سے
ہمسری رکھتے ہیں ابرو بھی دم شمشیر سے

ترقیمہ در ماہ رمضان ۱۲۶۴ھ بست وچہارم در دیوڑھی نواب شمس الامراء بہادر کتاب دیوان بیدار تمام شد۔

کتابیاتی حوالے۔ دیوان بیدار کا ایک نسخہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو پاکستان میں ہے۔

مطبوعات ۔ بیدار کا دیوان مولوی محمد حسین محوی نے مدراس سے اور جناب جلیل قدوائی نے ۱۹۳۵ء میں مرتب کر کے الہ آباد سے شائع کیا تھا۔ ایک اور اشاعت ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد کی جانب ہوئی تھی۔

نوٹ ۔ میر محمدی بیدار دلی میں پیدا ہوئے اکبر آباد (آگرہ) میں رہا کرتے تھے۔ انہیں فارسی میں مرتضیٰ قلی خاں فراق اور اردو میں خواجہ میر درد اور شاہ حاتم کی شاگردی کا شرف حاصل تھا۔ ۶۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔ یہ فارسی و اردو دونوں میں شعر کہتے تھے۔ بیدار مولوی فخرالدین دہلوی کے مریدوں میں تھے۔

وضاحتی فہرست اسٹیٹ سنٹرل لائبریری مرتبہ نصیرالدین ہاشمی نے بیدار کا نام "میر محمد علی" بتایا ہے۔ جب کہ مخطوطہ طبقات الشعراء، مخطوطہ تحفۃ الشعراء اور خمخانہ جاوید جلد اول وغیرہ میں بیدار کا نام "میر محمدی" بتایا گیا ہے۔ ان کے مطبوعہ دیوان پر بھی ان کا نام شاہ میر محمدی بیدار ہی لکھا ہے۔

دیوان تاب

مصنف۔ محمد علی خاں۔ تاب

مخطوطہ نمبر۔ ۶۸۶

داخلہ نمبر ـ ۳۰۰۲۰ طلب نمبر ـ

مضمون ـ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۶۶] تقطیع [۲۴×۱۵ سم] مسطر [۱۳] مکمل۔ کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔

کتابت ـ کاتب۔ ـ مقام۔ ـ سنہ تصنیف۔ ـ سنہ کتابت۔ ـ

مندرجات ـ دیوان اول و دوم، دونوں ردیف وار مرتب ہیں۔ دیوان اول ۲۱۳ صفحات پر مشتمل ہے جس میں غزلیات کے بعد مخمس اور مثلث شامل ہیں۔ دوسرا دیوان ۱۱۵ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کے خاتمہ پر صرف دو مخمس ہیں۔

ابتداء ـ سرِ دیوان پر میں نے لکھا ہے اسمِ یزداں کا
نہ کیوں ہو عرشِ اعلیٰ نام میرے تاب دیواں کا

اختتام ـ یہی التجا تو ہے تاب کی ترا آستانہ ہو میرا سر
نہ کسی کا ملک غرور ہے نہ کسی کا چاہیئے مال و زر
ہے قبول مجھ کو بجان و دل کہ پکارے تیرا گدا اگر
نہ غرورِ تاجِ شہی بہ سر نہ سرور نشۂ کر و فر

بہ من افتخار بس ایں قدر کہ بخوانده اند غلام غوث

ترقیمہ ـ ندارد۔

کتابیاتی حوالے۔ ـ

نوٹ ـ محمد علی خان تاب ارکاٹ کے درباری شاعر تھے پھر ملک الشعراء مقرر ہوئے تھے۔ تذکرۂ گلزار اعظم میں ان کا ذکر ہے۔

دیوان تاباں

مصنف۔ عبدالحی، میر۔ تاباںؔ

مخطوطہ نمبر۔ ۷۹۳

داخلہ نمبر۔ ۱۴۶۷۵ طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۳۱) تقطیع (۲۲×۱۳ سمر) مسطر (۱۳) مکمل۔ کرم خوردہ ٹیشو کیا گیا ہے کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب سید قاسم علی۔ مقام۔ — سنہ تصنیف۔ — سنہ کتابت سنہ ۱۲۲۶ھ م سنہ ۱۸۱۱ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات

ابتداء ۔

اے مرد خدا تو ہے پرستار بتاں کا
مذہب میں مرے کفر ہے انکار بتاں کا

اختتام ۔

بتاں کے شہر نا پرساں میں کوئی کیا داد کو پہونچے
مگر واں اپنے بندوں کی خدا فریاد کو پہونچے

ترقیمہ ۔ دیوان تاباں باختتام رسید بروز سہ شنبہ بوقت دوپہر سنہ ۱۲۲۶ھ نوشتہ شد سید قاسم علی۔

کتابیاتی حوالے۔ دیوان کے نسخے ○ کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی ○ انڈیا آفس ○ خدا بخش اور ○ سالار جنگ۔ اور نسخہ شاہان اودھ نمبر ۱۰۷۔

مطبوعات ۔ "دیوانِ تاباں" مرتبہ مولوی عبدالحق اورنگ آباد سنہ ۱۹۳۵ء میں انجمن ترقی اردو کی جانب

سے شائع ہوا ہے۔

نوٹ ۔ میر عبدالحی تاباںؔ دہلوی محمد شاہی دور کے شاعر ہیں ابتداء میں میرؔ نے اپنے تذکرہ میں حشمتؔ کے شاگرد لکھا ہے لطفؔ نے سوداؔ کے شاگرد بتایا ہے۔ دور قدیم کے شاعر ہونے کے باوجود تاباںؔ کا کلام دوسرے معاصر شعراء کے مقابلے میں زیادہ شستہ ہے۔

تاباںؔ کا تذکرہ گلکرسٹ کی ہندوستانی گرامر قدیم میں گیا گیا ہے۔ اور مخطوطہ تحفۃ الشعراء میں بھی ان کا ذکر ہے۔

دیوان تجلیؔ

مصنف ۔ میر حسن ۔ تجلیؔ

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۰۴

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۵۶۸ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۷۶] تقطیع [۲۳ × ۵ء۱۳ سم] مسطر [۱۳] مکمل ۔ کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ ـــ مقام ۔ ـــ سنہ تصنیف ۔ ـــ سنہ کتابت ۔ ـــ

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعیات، مخمس، مسدس، مرثیے، قصائد، اور ہجو شامل ہیں۔ آخری صفحے اور حاشیوں پر کچھ دوسرے اشعار بھی درج ہیں۔

ابتداء ۔ پھروں کب نامہ اعمال جب تک اس کی قامت کا

نہ دیکھوں مدلسیم اللہ دیوانِ قیامت کا

اختتام ۔ تو شاہ اور گدا میں تجلیٔ محزون

تجھ ہی سے مانگونگا اور دیگا تو ہی راسب کہوں

نہ مانگو تجھ سے ہے ہر منصبی نہیں ہے زبوں

کہاں تلک میں خراب آخر اس طرح پھروں

ترے پدر کا مدح خواں ہوں یا امام حسین

کتابیاتی حوالے ۔ دیگر نسخوں کے حوالے نہیں ملے

مطبوعات ۔ تجلی کے متعلق ڈاکٹر زور کا ایک تفصیلی مضمون مجلہ تحقیقات علمیہ میں شائع ہوا ہے ۔

نوٹ ۔ میر حسن عرف میر حاجی تخلص تجلی ولد میر محمد حسین کلیم شاہ جہاں آباد کے رہنے والے اور میر تقی میر کے عزیزوں میں تھے تجلی کو مرزا مظہر جان جاناں سے تلمذ تھا۔ بقول مصحفی ضخیم دیوان مرتب کیا۔ مصحفی کے "تذکرۂ ہندی" کی ترتیب کے وقت ۴۰ چالیس سال کا سن تھا۔ تجلی کا دیوان عام طور پر شاہ تجلی علی کے نام سے مشہور ہو گیا ہے۔ وہ دراصل میر حسن عرف میر حاجی تجلی کا ہے اور یہ دیوان کتب خانہ آصفیہ سے کتب خانہ ہذا میں منتقل ہوا ہے۔ ڈاکٹر زور نے مرقع سخن جلد اول ۵۵ میں شاہ تجلی علی کے تذکرے میں میر حاجی تجلی کا تذکرہ کیا ہے ۔

دیوان تشیعہ

مصنف ۔ تشیعہ

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۷۸۴

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۸۷ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۵] تقطیع [۱۹٫۵×۱۲٫۵ سمر] مسطر [۱۴] ناقص الطرفین
کاغذ دیسی. خط شکستہ

کتابت ـــ کاتب ـ ـ مقام ـــ سنہ تصنیف ـــ سنہ کتابت ـ

مندرجات ـ صرف ۵ اوراق کے اس دیوان میں ردیف (ی)، کی ۲۰ غزلیں ہیں.

ابتداء ـ صبغۃ اللہِ وحَلّیٰ اَحسَنُ اسی کا رنگ ہے
نورِ لمعانِ جبینِ پرِ ماہِ کنعاں دنگ ہے

اختتام یہی ہے دولت دنیا تشخیہ
جو نام اپنا یہ مشہورِ جہاں ہے

ترقیمہ ـ ندارد
کتابیاتی حوالے ـ

دیوان تمنا (نسخہ اول)

مصنف ـ اسد علی خاں ـ تمنا.

وفات سنہ ۱۲۰۴ھ سنہ ۱۷۸۹ء

مخطوطہ نمبر ـ ۴۰۵
داخلہ نمبر ـ ۲۹۹۰۳ . طلب نمبر ـ
مضمون ـ شاعری. دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۵] تقطیع [۱۴×۲۰ سمر] مسطر [۱۰] مکمل
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق.

کتابت - کاتب. - مقام. - سنہ تصنیف - سنہ کتابت. -

مندرجات - اس دیوان میں چند غزلیات ہیں.

ابتداء - ناصحو جرات کو پابندِ غلامی مت رکھو
وضع ہی اس شخص کی یہ ہے قلندر چھوڑ...؟

اختتام - گھر میں ملنے کا نہیں دیدار اگر ہے منظور
باندھیے چل اے تمنا بیت دلخواہ کی راہ

ترقیمہ ندارد

کتابیاتی حوالے۔ دیوانِ تمنا کے دو نسخے کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی پاکستان میں محفوظ ہیں ایک کلیات کتب خانہ سالار جنگ میں ہے (مخطوطہ نمبر ۱۴۹) اور بیاضوں میں بھی تمنا کی بعض غزلیں ملتی ہیں.

مطبوعات - انجمن ترقی اُردو کی جانب سے دیوانِ تمنا شائع ہوا ہے جسے ان کے ایک شاگرد نواب مجاہد جنگ ارمان نے مرتب کیا تھا۔ گل عجائب (تذکرہ تمنا) مولوی عبدالحق نے انجمن ترقی اردو کی جانب سے ۱۹۲۸ء میں شائع کیا تھا۔ تمنا پر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ میں ایک تحقیقی مقالہ پی ایچ ڈی کے لئے لکھا گیا تھا جو شائع ہو چکا ہے۔

نوٹ - اسد علی خاں تمنا اورنگ آباد کے رہنے والے اور میر غلام علی آزاد بلگرامی کے شاگرد تھے۔ سنہ ۱۱۴۸ھ م ۱۷۳۵ء میں پیدا ہوئے اور اپنے والد کے ہمراہ آصفجاہ ثانی (۱۱۷۳-۱۲۱۸ء) کے عہد میں حیدرآباد آئے تھے۔ یہاں پہلے صمصام الدولہ صمصام کے اور بعد میں ارسطو جاہ کے درباری شاعر رہے۔ سنہ ۱۲۰۴ھ میں وفات پائی محمد علی شوق نے یہ قطعۂ تاریخ وفات لکھا ہے۔

لیا جیب تمنا نے رہِ عدم

ہوئی موجزن بحر رنج والم

کہا شوق نے سال تاریخ یہ

وفاتِ بہشتی کر اے دل رقم

۱۲۰۴ھ

لطف النساء امتیاز ان کی شریک حیات تھیں۔ شوق اورنگ آبادی اور آشفتہ اورنگ آبادی جیسے شعراء ان کے شاگرد تھے۔

دیوان تمنا نسخہ دوم

مصنف۔ اسد علی خاں تمنا

وفات سنہ ۱۲۰۴ھ م ۱۷۸۹ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۴۴۸

داخلہ نمبر۔ ۲۳۶۰۶ طلب نمبر۔ —

مضمون شاعری۔ دیوان۔ (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۵۱) تقطیع [۲۳×۱۶ سم] مسطر (۱۸) مکمل۔ کرم خوردہ ٹشو کیا گیا ہے کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف۔ — سنہ کتابت۔ —

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں اور آخر میں رباعیاں بھی شامل ہیں۔ تخلص سرخی سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء ۔ رات دن وردِ زباں ہے نام اُس اللہ کا ؎ صاف چہرہ جس نے بخشا اس کو مہر و ماہ کا

اختتام ۔ دل سرد کیب جہاں ہے پیارے دم سرد
یہ ٹھنڈی آہ تم نے سیکھی کب سے

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد۔ کار حق نظام شد۔ اس کے بعد ایک شعر ہے۔
عشق میں تیرے یار بیٹھے ہیں
تجھ پہ ہو جانثار بیٹھے ہیں

کتابیاتی حوالے ۔

دیوان تمنا نسخہ سوم

مصنف ۔ اسد علی خاں ۔ تمنا

وفات ۱۲۰۴ھ م ۱۷۸۹ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۶۵۶ م

داخلہ نمبر ۔ ــــ طلب نمبر ۔ ــــ

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۳) تقطیع (۲۲ × ۱۲ سمر) مسطر (۱۵) ۔ ناقص الآخر۔ کرم خوردہ کاغذ دیسی ۔ خط شکستہ ۔ مہر ۔ ایک ناقابل مطالعہ

کتابت ۔ کاتب ۔ ــــ مقام ۔ ــــ سنہ تصنیف ۔ ــــ سنہ کتابت ۔ ــــ

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں۔ نسخہ کرم خوردہ ہونےکی وجہ سے ناقابل مطالعہ ہے۔

ابتداء ۔ حیران ہوں کہ ملتا نہیں آسان تمہارا
آئینہ ہوا جیب سے نگہبان تمہارا

اختتام - ناقابل مطالعہ

ترقیمہ - —

کتابیاتی حوالے —

دیوان تمیز

مصنف - بدرالدین خاں، محمد - تمیز

وفات سنہ ۱۲۶۹ھ م سنہ ۱۸۵۲ء

مخطوطہ نمبر - ۷۷ھ

داخلہ نمبر - ۶۵.۱. طلب نمبر —

مضمون - شاعری - دیوان -

کیفیت و خصوصیات - اوراق [۷۶] تقطیع [۲۳×۳.۲سمر] مسطر [۱۵] . مکمل .
کاغذ دیسی . خط نستعلیق نفیس . جدول مطلا / منقش . مہریں . ۲ ناقابل مطالعہ
ایک مہر زور آور علی خاں بہادر جنگ

کتابت - کاتب . — مقام . — سنہ تصنیف . — سنہ کتابت . —

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، قصائد، مخمس اور ترجیع بند شامل ہیں -

ابتداء - شکر ادا کیا ہو کسو سے ایزد سبحان کا
آفرینندہ ہو جو حور و ملک انسان کا

اختتام - کیا فرق داغ گر گل میں یو نہ ہو
کس کام کا وہ دل ہے کہ جس دل میں تو نہ ہو

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد، کار نظام شد۔ تمت بالخیر۔ کتاب ہٰذا دیوان تمیز است۔ مالک کتاب ہٰذا مرزا احمد اللہ بیگ است۔ اگر کسی دعوی کند باطل است۔

کتابیاتی حوالے۔ تمیز کے دیوان کا ایک نسخہ نواب ظہیر یار جنگ کے کتب خانہ میں تھا۔ اور ایک نسخہ محمد خاں صاحب کے کتب خانہ اردو ریسرچ سنٹر حیدرآباد میں موجود ہے۔

نوٹ ۔ محمد بدرالدین خاں، تمیز، نواب فخرالدین خاں شمس الامراء کے فرزند تھے۔ رفعت جنگ معظم الدولہ معظم الملک خطاب تھا۔ عربی اور فارسی میں اچھی قابلیت رکھتے تھے۔ حضرت فیض (میر شمس الدین) سے شاعری میں تلمذ حاصل تھا۔ تمیز شاعری کے علاوہ خوشنویس بھی تھے۔ خطِ ناخن میں بھی مہارت حاصل تھی۔ سنگلاخ زمینوں میں شعر کہا کرتے تھے۔ تمیز صاحب تصنیف تھے اور دوسروں سے بھی مختلف موضوعات پر لکھواتے تھے۔ انہوں نے آفاق دہلوی سے ریختی میں ایک دیوان ۱۲۳۹ھ م ۱۸۲۴ء میں مرتب کروایا تھا۔ فن خط ظفر، فیض ہی سے سیکھا تھا۔

تصنیفات میں شجرہ آصفیہ (مخطوطہ نمبر ۱۸۱/۴۳/۵ متفرقات ۵۴۶) کا ایک اور نسخہ اسٹیٹ ارکائیوز میں بھی موجود ہے۔ تمیز القوافی، شاملات دکنی کتب خانہ ہٰذا میں موجود ہے۔ وقائع معظمہ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں محفوظ ہے۔

دیوانِ جراءت

مصنف ۔ قلندر بخش ۔ جراءت

وفات ۱۲۲۵ھ م ۱۸۱۰ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۰۱

داخلہ نمبر ۔ ۱۷۲۸۳ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۰۷] تقطیع [۲۳x۳۰ سم] مسطر [۱۴] ناقص الآخر
کاغذ دیسی۔ خط شکستہ۔ حاشیے میں، ترچھی تحریر ہے

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت ۵ رمضان سنہ ۱۲۴۲ھ مطابق ۱۸۲۶ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں غزلیات، رباعیات اور ہجو شامل ہے۔ (صفحہ ۸۳ پر آخری رباعی
کے بعد سن ۵ رمضان سنہ ۱۲۴۲ھ درج ہے)۔

ابتداء ۔ سیر معرفت حق ہے وہ مہرباں......
کہ جس کا دیں روشن آئینہ ہے حق نمائی کا

اختتام ۔ دفع ہو جائے اب یہ بیماری
ہوے صحت سبھوں کو ایکباری

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔ دیوان کے نسخے (۱) کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی (۲) اہل اسلام مدراس
انڈیا آفس (۳)، برٹش میوزیم لندن (۴)، کتب خانہ جامعہ عثمانیہ (۵) خدابخش (پٹنہ) ۲ نسخے۔
کتب خانہ سالار جنگ میں ۲ نسخے موجود ہیں۔ علاوہ ان کے کلیات کے نسخے کتب خانہ ابوالکلام آزاد
اور کتب خانۂ خاص میں ۲ نسخے ہیں۔

مطبوعات ۔ ○ کلیات جرأت مرتبہ نور الحسن نقوی علی گڑھ یونیورسٹی سنہ ۱۹۷۱ء ○ ڈاکٹر اقتدار
حسن صاحب نے مرتب کیا ہے جو نہایت عمدہ صورت میں اٹلی سے شائع ہو چکا ہے۔ ○ سنہ ۱۸۹۷ء میں
سید حسن بلگرامی صاحب نے بھی ایڈیٹ کیا تھا۔ مختصر الشعراء کے نام سے منتخب دیوان جرأت و مثنوی
گلدستہ مسرت مطبع نظامی کانپور سنہ ۱۲۸۵ھ

نوٹ - قلندر بخش جرأت اصل میں دہلی کے رہنے والے تھے۔ باپ کا نام حافظ امان تھا۔ ان کے بزرگ دربار شاہی میں دربانی کی خدمت پر تھے جعفر علی حسرت نے کلام کی اصلاح کی۔ شعر و سخن کے ساتھ بذلہ سنجی اور لطیفہ گوئی میں بھی نام پیدا کیا۔ اول نواب محبت خاں کی سرکار میں نوکر ہوئے اس کے بعد مرزا سلیمان شکوہ کے دربار تک رسائی ہوگئی۔ آخر عمر تک لکھنؤ میں رہے اور وہیں ۱۲۲۵ھ میں انتقال کیا۔ ناسخ نے تاریخ کہی۔ ھ

ہائے ہندوستان کا شاعر مرا

دیوان جرأت نسخہ دوم

مصنف - قلندر بخش - جرأت

وفات سنہ ۱۲۲۵ھ سنہ ۱۸۱۰ء

مخطوطہ نمبر - ۶۳۶

داخلہ نمبر - ۱۳۰۱۷ طلب نمبر -

مضمون - شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۵۳] تقطیع [۳۴٫۵ × ۲۰ سمر] مسطر [۱۳] مکمل۔ کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب مرزا فضل علی۔ مقام - سنہ تصنیف - سنہ کتابت ۱۲۴۸ھ سنہ ۱۸۳۲ء

مندرجات - ردیف وار غزلیات۔

ابتداء -

نالہ موزوں سے مصرع آہ کا چسپاں ہوا

زور یہ پر درد اپنا مطلع دیواں ہوا

اختتام — آرسی کیا دیکھی اس میں جرات اندوہ گیں
لطف کیا گر ہو مقابل شکل رنجور آئینہ

ترقیمہ — تمت الکتاب نسخہ دیوان جراءت بتاریخ بست و پنجم شہر ربیع الثانی سنہ ۱۲۴۸ھ بخط اضعف العباد مرزا افضل علی حسب الفرمائش صاحبزادہ بلند اقبال ...... طال اللہ عمرہ و ضاعف قدرہ.

دیوان جراءت نسخہ سوم

مصنف۔ قلندر بخش۔ جراءت

سنہ ۱۲۲۵ھ سنہ ۱۸۱۰ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۴۲۸

داخلہ نمبر ۔ ۲۲۸۳۰ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری، دیوان.

کیفیت و خصوصیات — اوراق [۱۴۴] تقطیع [۲۰×۳۳ سمر] مسطر [۲۵] مکمل۔
کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب خواجہ عظیم اللہ۔ ختام۔ — سنہ تصنیف۔ — سنہ کتابت سنہ ۱۲۷۹ھ

مندرجات . صفحہ اول پر اشعار کی تعداد (۱۶۰۰...) ہونے کی صراحت کی گئی ہے. کلیات میں ردیف وار غزلیات، رباعیات، مسدس، ترجیع بند، مثنویاں (در زلزلہ، چیچک، خارش، تپ و لرزہ وغیرہ) موضوعات پر مشتمل ہیں اور ہجو وغیرہ بھی شامل ہے۔

ابتداء ۔ کھلے گر آبلۂ دل کی ایک بار گرہ ؛ تو قطرے اشک کے ہو کر پڑیں ہزار

اختتام ۔ یہ روز وہ ہے کہ ایک جہان خورم

کہنے کو کرے ہے دور دل سے عالم

شرف نگینہ عید کو آج ......

ہے اس پر کھدا تمہارا اسم اعظم

آخر میں کاتب کا شجرہ دیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل ہے ۔

خواجہ عظیم اللہ وانتقال در ماہ آخر بعارضہ تشنج افتادہ بود عظیم اللہ بن ولی اللہ بن نجیب اللہ بن خواجہ عصمت اللہ بن خواجہ عصمت اللہ خاں بن خواجہ عبد اللہ خاں بلخی ۔

اس کے بعد جرأت کے انتقال کی قطعہ تاریخ لکھی ہے ۔

جب میاں جرأت کا باغ دہر سے

گلشن فردوس کو جاتا ہوا

مصرع تاریخ ناسخ نے کہا

ہائے ہندوستان کا شاعر مرا

۱۲۲۵ھ

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد، دیوان جراءت بروز چہارشنبہ بوقت مغرب بتاریخ دوئم صفر المظفر ۱۲۷۹ھ ہجری در ہند چینا پٹن بخط عقیدت اشتباہ خواجہ عظیم اللہ وانتقال بروز سعد اللہ بن نجیب اللہ بن خواجہ عصمت اللہ خاں بن خواجہ عبد اللہ خان بلخی ۔

دیوان جلاء

مصنف ۔ جلاءؔ

مخطوطہ نمبر۔ ۶۱۵م

داخلہ نمبر۔ ندارد طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۴۰) تقطیع (۲۰x۵ء۱۱سمر) مسطر (۱۱) مکمل۔
کاغذ دیسی، رنگین، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب سیتارام۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت ۱۲۱۹ھ م ۱۸۰۴ء

مندرجات ۔ اس میں چند غزلیں اور ایک رباعی ہے۔

ہزاروں رنگ سے پھولا چمن گنجِ شہیداں کا
نہ بولا بلبلِ جوہر تری شمشیرِ برّاں کا
اس مہروش کا لب ہے تر و تازہ اے جلاء
کملائی دھوپ میں، نہ یہ پتی گلاب کی۔

ترقیمہ ۔ " تمام شد دیوان جلاء ماہ ساون بدی یکم روز منگل تاریخ ۱۲۱۹ھجری بخط خام بندہ سیتارام۔ تم بالخیر۔" اس کے بعد ایک شعر الگ قلم سے لکھا گیا ہے۔

کتابیاتی حوالے ۔ —

دیوان جوہر

مصنف ۔ غلام حسین، شیخ ۔ جوہر

مخطوطہ نمبر۔ ۹۴۰

داخلہ نمبر۔ ۳۱۲۷۱ طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۵۲] تقطیع [۲۳×۱۴ سمر] سطر [۱۳] مکمل
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔ دستخط بقلم شاعر۔

کتابت ۔ بقلم مصنف۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت، ۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ م سنہ ۱۹۱۶ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، نعت، مخمس اور مسدس اور مناقب بھی شامل ہیں دیوان اصلاح شدہ ہے، جگہ جگہ نوٹ دیئے گئے ہیں۔ مثلاً "یہ بہ جملہ اشعار گلدستہ سلام میں شامل کر دیئے گئے ہیں انکی نقل لے لی گئی۔ مورخہ ۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ۔ جوہر" اور دیوانِ دوم وغیرہ کا بھی ذکر ہے۔

ابتداء ۔ ابر مطیر رحمت حق سے گھرا ہوا
اللہ کے کرم کا ہے دریا چڑھا ہوا

اختتام ۔ علی کی شان ہے عرش الہیٰ سے اعلیٰ
علی کے وصف ہیں حد قیاس سے بالا
علی کے دشمنوں کا منہ ازل سے ہے کالا
علی کے نام پہ جوہر لکھوں کہ ہو بالا۔

ترقیمہ ۔

کتابیاتی حوالے ۔

دیوان جوہر

مصنف۔ ملک محمود۔ جوہر

مخطوطہ نمبر۔ ۱۶۲۹۔

داخلہ نمبر۔ ۲۴۵۱۵ طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } (کھلے) اوراق (۶۶) تقطیع (۲۱×۵ء۱۳ سمر) مسطر (۱۱) مکمل۔
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ سید فضلو میاں۔ مقام۔ — سنہ تصنیف۔ — سنہ کتابت ۱۱ شوال سنہ ۱۳۰۲ھ م ۱۸۸۵ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات، ترقیمہ کے بعد ایک غزل ہے۔

ابتداء ۔ ۔ جلوہ فقط نہیں ہے دیر و حرم میں تیرا
ہستی میں بھی ہے تیرا ملک عدم میں تیرا

اختتام ۔ شراب سے یہ سمجھیں گے پینا خراب کہتا ہے اس کو عالم
کہیں نشے میں کہیں نہ جوہر ادھر ہماری ادھر تمہاری

ترقیمہ ۔ الحمد للہ والمنۃ دیوان جوہر بموجب حکم سرکار فیض آثار نواب غلام محی الدین خاں بہادر از دست کمترین خاکسار سید فضلو میاں فرزند سید حیات صاحب مرحوم بتاریخ ۱۱ شوال سنہ ۱۳۰۲ھ باتمام رسید۔

کتابیاتی حوالے —

نوٹ ۔ ملک محمود جوہر قوم نوائط سے تعلق رکھتے تھے۔ مشاہیر قوم میں شامل تھے۔ ان کے فرزند غلام حیدر شہسوار تخلص کرتے تھے۔ تاریخ نوائط صـ۱۱۵ میں حالات درج ہیں۔
دیوان شہسوار کا مخطوطہ نمبری (۱۶۳۲) کتب خانہ ھذا میں موجود ہے۔

دیوان چندا

مصنف ۔ ماہ لقا بائی چندا

وفات سنہ ۱۲۴۰ھ م ۱۸۲۴ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۸لم

داخلہ نمبر ۔ ۱.۵۹۵ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۹] تقطیع [۲۳ × ۱۲ سمر] مسطر [۱۴] مکمل ۔ کاغذ دیسی ؛ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ عبداللہ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۲ رجمادی الثانی سنہ ۱۲۲۶ھ م سنہ ۱۸۱۱ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں ۔ دیباچہ فارسی میں ہے ۔ جس کو نصیر الدین قدرت نے لکھا ہے ۔ آخری صفحہ پر ریختہ کلام اور عربی مناجات ہیں ۔ تخلص کو سرخی سے نمایاں کیا گیا ہے ۔

ابتداء ۔

کہاں طاقت ہے راہ حمد میں جو ہو زباں گویا ۔

یہاں جو عجز و خاموشی نہیں ہے اک جہاں گویا

اختتام ۔

حال دل کس سے یہ چندا کہے ہر مشکل میں

یا علی تیرے سوا کوئی مددگار بھی ہے

ترقیمہ ۔ بتاریخ بست دویم جمادی الثانی روز یکشنبہ سنہ ۱۲۲۶ھ دیوان ماہ لقا بائی تحریر یدست عاجز عبد اللہ تمام شد ۔

کتابیاتی حوالے ۔ ○ دیوان چندا کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو ○ انڈیا آفس ○ جامعہ عثمانیہ

ہ فیلسوف جنگ مخطوطات انجمن پاکستان میں موجود ہے۔ مخطوطات انجمن پاکستان کے دیوان میں صرف غزلیات ہیں جن تعداد ۱۰۲ ہے اور کوئی غزل ۵ اشعار سے زیادہ کی نہیں ہے۔

مطبوعات۔ (۱) غلام صمدانی جوہر نے "گلزار ماہ لقا" کے نام سے ۱۳۲۴ھ میں نظام المطابع چھتہ بازار حیدرآباد سے دیوان شائع کیا ہے۔ اس مطبوعہ دیوان میں پاکستان کے قلمی نسخہ سے ۲۳ غزلیں اضافہ ہیں جبکہ زیر نظر قلمی نسخہ میں صرف ۹۸ غزلیں ہیں۔

(۲) پروفیسر ثمینہ شوکت نے چندا کا دیوان مرتب کر کے شائع کیا تھا۔

(۳) چندا پر تفصیلی مضمون سب رس کراچی نومبر ۱۹۸۴ء میں شائع ہوا تھا۔

نوٹ۔ ماہ لقا بائی چندا حیدر آباد دکن کی نامور شاعرات میں سے ہے۔ وہ ۱۱۸۱ھ میں حیدر آباد میں پیدا ہوئی۔ آصف جاہ ثانی کے دربار سے ۱۲۱۷ھ میں "ماہ لقا بائی" کا خطاب پایا۔ وہ عالموں، شاعروں اور مشائخ کی قدرداں تھی، ان کی سرپرستی کرتی تھی۔ ساٹھ سال کی عمر پاکر ۱۲۴۰ھ میں انتقال کیا۔ اپنے تعمیر کردہ مقبرہ قریب کوہ مولا حیدرآباد میں مدفون ہے۔ ایمان کا ایک مخطوطہ بابائے اردو کی ملکیت تھا جو اب نیشنل میوزیم کراچی میں محفوظ ہے۔ اس مخطوطہ میں چندا کا سراپا بھی شامل ہے۔

چندا کی شان میں دوسرا فارسی سراپا جوہر بیدری نے لکھا ہے جو ان کی تاریخ ماہ نامہ میں موجود ہے۔ سراپائے ماہ لقا، ابوالقاسم میر عالم دیوان دکن نے ماہ لقا بائی چندا کی تعریف میں یہ مثنوی لکھی ہے۔ اس کا اصل نسخہ ان کے نواسے مختار الملک کے کتب خانہ میں محفوظ تھا۔ چندا اور رکن الدین دولہ کی تصویر دہلی میوزیم میں ہے۔ اور چندا کی ایک اور تصویر کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں ہے۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیے سب رس، ایوان اردو، جولائی ۱۹۸۶ء (کراچی)

دیوان حریف

مصنف ۔ حریف

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۴۰۷

داخلہ نمبر ۲۲۶۶۴ طلب نمبر ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۵۲) تقطیع (۲۴x۱۴ سمر) مسطر (۱۴) مکمل، کرم خوردہ کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ سرخ جدول، مہر (۱) محی الدین انور منور

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات اور ایک فارسی غزل ہے ۔

ابتداء
جب سے جو تموج کیا بے چوں کا دریا
کہتے ہیں سبھی اہل یقیں اور یہ ۔۔۔۔۔

اختتام
اس رنگ ہو آشنا ہے جو حریف اب
نیرنگئ عالم نہ رہے نفع و ضرر بھی

ترقیمہ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔ ۔

دیوان حسینی

مصنف ۔ حسین، شاہ حسینی

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۶۸۷

داخلہ نمبر ۔ ۲۵۳۲۵ طلب نمبر ۔ ــ

مضمون شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات اوراق (۷) تقطیع (۲۲×۱۴ سمر) سطر (۱۵) ۔ ناقص الآخر، کرم خوردہ ہیں کاغذ چسپاں کیا گیا ہے ۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔ سرخ جدول

کتابت کاتب ۔ ــ مقام ۔ ــ سنہ تصنیف ۔ ــ سنہ کتابت ۔ ــ

مندرجات اس دیوان میں الف، ب، ج، د، ر، س، م، ن، اور و کی ردیف میں غزلیات ہیں تخلص کو فیروزہ روشنائی سے تحریر کیا گیا ہے ۔

ابتداء ۔
ہوا تھا شوق مجھ کو طبع تیری آزمانے کا
نہیں ثانی ترا جگ میں تو نادر ہے زمانے کا

اختتام ۔
آج کرتا ہے بات کچھ کا کچھ
خوب رو مجھ سنگات کچھ کا کچھ

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔ ــ

نوٹ ۔ اس دیوان کے پہلے صفحہ پر حسینی کے پیرو مرشد کا ذکر کیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل ہے ۔
مولانا حسینی مرید مولانا شاہ امین الدین علی اعلیٰ بیجاپور چنانچہ ۔۔۔؟

حسینی حشر کا کچھ خوف مت کر
امین الدین ہے تیرا مددگار

شعر "ر" کی ردیف ص ۵ کا مقطع ہے ۔

حسینی بادشاہ امین برہان الدین ثانی بن علی پیر بن بادشاہ حسینی بن امین الدین علی اعلیٰ

بیجاپوری از شجرہ بیجاپور راز مخزن امین مرید وفقیر علی پیر جیلانی"۔ مزید تفصیل دیکھئے "دکن میں اردو" مرتبہ نصیر الدین ہاشمی۔

دیوان حفیظ (نسخہ اول)

مصنف۔ شیخ حفیظ۔ حفیظ

وفات سنہ ۱۲۴۷ھ م سنہ ۱۸۳۱ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۸

داخلہ نمبر۔ ۷..۴ طلب نمبر۔ ـــ

مضمون شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۴۷) تقطیع [۵×۲۹٫۵×۱۸٫۵سمر] مسطر (۱۵) مکمل۔ کرم خوردہ ٹیشو کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق، شکستہ آمیز، مہریں (۲)، ناقابل مطالعہ

کتابت۔ کاتب۔ ـــ مقام۔ ـــ سنہ تصنیف سنہ ۱۲۴۷ھ م سنہ ۱۸۳۱ء سنہ کتابت۔ ـــ

مندرجات۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور قصائد ہیں۔ دیوانِ اول برائے مہاراج بالا پرشاد بہادر۔

ابتداء۔ یہ آسماں حباب ہے دریائے ذات کا

خورشید ایک ذرہ ہے اُس کی صفات کا

اختتام۔ ضبط کہاں تک حفیظ ناک میں دم آگیا۔

زیست کی تدبیریاں کچھ تو کیا چاہیئے

ترقیمہ۔ تمام شد دیوانِ اول شیخ محمد حفیظ برائے راجہ مہاراج راجہ بالا پرشاد بہادر

کتابیاتی حوالے ۔ (۱) کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو، حیدرآباد۔ (۲) انجمن ترقی اردو ۲ نسخے اور کتب خانہ سالار جنگ میں بھی ۲ نسخے موجود ہیں۔

نوٹ ۔ شیخ حفیظ بقول نصیر الدین نقش، ادھونی کے رہنے والے تھے اور بقول سعادت جان ان کا وطن رائے بریلی تھا۔ ابتدا میں شیر محمد خاں ایمان سے اصلاح لی۔ آخر میں ناسخ لکھنوی کی شاگردی اختیار کی اور استاد ثانی کی تعریف میں ایک مکمل غزل لکھی۔ حفیظ ابتدا میں راجہ مہیپت رام کے درباری رہے۔ اس کے بعد راجہ چندولال کے ارباب مجلس میں شامل ہوئے۔ ۱۲۴۷ھ میں وفات پائی۔ حیدر حسین خاں حیدر انکے لڑکے بھی حیدرآباد کے اچھے شاعروں میں تھے۔

حفیظ کے زمانے میں تین شاعر "استاد سخن" تسلیم کئے جاتے تھے۔ ذوق دہلی میں، ناسخ لکھنو میں، اور حفیظ دکن میں۔

مزید تفصیل کیلئے دیکھئے دکن میں اردو، تذکرہ شعرائے دکن، داستان ادب حیدرآباد ڈاکٹر زور، مجلہ عثمانیہ، حیدرآباد ادب نمبر ۱۹۶۲ء، مضمون حیدر علی صفا، اور میر شمس الدین فیض حیات اور ادبی کارنامے، مصنفہ لئیق صلاح۔

دیوان حفیظ (نسخہ دوم)

مصنف ۔ شیخ حفیظ، حفیظ

وفات ۱۲۴۷ھ م ۱۸۳۱ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۵۹۱

داخلہ نمبر ۔ ۲۸۱۰۸ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۸۷]. تقطیع [۲۰ x ۵ء۱۲سم] مسطر [۱۳] مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق.

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف (۔ سنہ کتابت ۵ جمادی الثانی سنہ ۱۲۶۱ھ م سنہ ۱۸۴۵ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں۔

ابتداء ۔ یہ کون و مکاں عکس ہے آئینہ کن کا

کیا کیا نظر آتا ہے طلسمات سخن کا

اختتام ۔ پھر دل کو کہیں کھو بیٹھے شاید حفیظ روزوں میں

جو آج تعیب اعداء وہ مضطر سے پائے جاتے ہیں

ترقیمہ ۔ تمام شد. تحریر بتاریخ پنجم ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۲۶۱ھ روز چہار شنبہ اختتام یافت برکت النبیؐ و آلہ امجاد.

کتابیاتی حوالے ۔

دیوان حفیظ (نسخہ سوم)

مصنف ۔ شیخ حفیظ ۔ حفیظ

وفات سنہ ۱۲۴۷ھ م سنہ ۱۸۳۱ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۵۹۰

داخلہ نمبر ۔ ۷۔۲۹۱ طلب نمبر ―

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۱۱۳] تقطیع [۱۵ x ۵ء۱۲س] مسطر [۱۲] ناقص الآخر کرم خوردہ

پیوند کاری کی گئی ہے۔ کاغذ دیسی، رنگین۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں۔

ابتدائی ۔ یہ آسماں حباب ہے دریائے ذات کا
خورشید ایک ذرہ ہے اسکی صفات کا

اختتام ۔ جو بندہ عشق کا ہے عشق کی منزل کو سمجھے
.... (ناقابل مطالعہ) ....

ترقیمہ ۔

کتابیاتی حوالے ۔

دیوان حنا سوم دفتر اشعار

مصنف ۔ عبدالکریم ۔ حنا

مخطوطہ نمبر ۔ ۷۶

داخلہ نمبر ۔ ۱۴۵۷۶ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۴۳) تقطیع (۳۰ × ۱۹ سمر) سطر (۱۵) مکمل، نایاب، کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔ مطلاء ۔ مہریں۔

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۲۵۶ھ ۱۸۴۰ء۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعیات، قصیدے اور تضمینیں ہیں جو مختلف

شعراء مثلاً برقؔ، اثرؔ، کیفؔ کی غزلوں پر لکھی گئی ہیں۔ اور واسوخت اور قطعات، تواریخ آخری میں ایک مختصر مثنوی ہے۔ دیوان کے ابتدائی حصہ میں اصلاح بھی کی گئی ہے۔ حاشیوں پر بھی اشعار درج ہیں۔

ابتداء ۔ نہ موزوں ہو سکا مطلع بجز ہم سے حمدِ داور کا
سرِ دیواں لکھا ہم نے الف اللہ اکبر کا

اختتام ۔ نظم میری یا خدا مقبول ہو
مثنوی یہ جابجا منقول ہو

ترقیمہ ۔ تاریخ تصنیف کا یہ شعر ورق نمبر ۲۲۴ پر ہے۔
بہر تاریخ فکر کی جو حناؔ
کہا ہاتف نے دفتر اشعار

۱۲۵۶ھ

دیوان کے صفحہ اول پر یہ عبارت ہے۔
مادہ تاریخ ہذا من تصنیف جناب شیخ امداد علی صاحب تخلص بحر حساب زبر دبینات ارشاد فرمودہ اند ـــ دیوان عبد الکریم حنا ۱۲۵۵ھ

نوٹ ۔ مولف خمخانہ جاوید لکھتے ہیں حناؔ کا دیوان مرتب ہوا تھا مگر نایاب ہے ممکن ہے یہ وہی نسخہ ہو۔

دیوان خاں

مصنف ۔ اشرف خاں ۔ خاںؔ

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۵۵۰

داخلہ نمبر - ۲۳۸۰۷ طلب نمبر -

مضمون - شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۴۶) تقطیع (۲۵x۵ ، ۱۸ سمر) مسطر (۱۳) ناقص اول ، کرم خوردہ ٹیشو کیا گیا کاغذ دیسی ، خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت ۱۱ر شعبان سنہ ۱۲۵۸ھ م ۱۸۴۲ء

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ، فردیات ، قطعات ، مخمس ، مسدس واسوخت اور تاریخی قطعات شامل ہیں۔

ابتداء - وصف اس کا میں نے لکھا ہے شب مہتاب میں
کس صفائی سے بندھا مضموں ترے رخسار کا

اختتام - بوقتِ شب جو میں اس سوچ میں آیا
کہ تاریخ تولد ہو "بصد راحت" ۱۲۴۶ھ
تو ہاتف نے کہا خاں شب کو مجھ سے یہ
کہ اولادِ علی کی ہے بہت برکت

ترقیمہ - دیوان کے خاتمہ پر شاعر کے مختصر حالات درج ہیں۔

تمام شد دیوان اول تصنیف حضرت جناب صاحب قبلہ عالی
اشرف خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ولد محمد علی خاں ابن
محمد روشن خاں بخطاب روشن الدولہ ساکن شاہجہاں
آباد بتاریخ یازدہم شعبان سنہ ۱۲۵۸ھ بروز شنبہ بوقت دوپہر
تمام شد -

دیوان خیر

مصنف ۔ خیرؔ

مخطوطہ نمبر۔ ۲۷۸۵

داخلہ نمبر۔ ۲۷۸۷۱ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جلید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۶۱) تقطیع (۵ء۲۰×۵ء۱۳سمر) مسطر (۱۱) مکمل۔
کاغذ دیسی، رنگین۔ خط نستعلیق و شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان کے ابتدائی چار اوراق پر سید، کمالیؔ، کمالؔ اور سلطانیؔ کے قصائد درج ہیں۔ پہلا قصیدہ کمال الدین کا ہے۔ اس کے بعد آئینہ خیر، آئینہ محشر وغیرہ عنوانات سے خیر کا نعتیہ کلام ہے۔ ہر عنوان اور اس کا پہلا شعر اور تخلص کو سرخی سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء ۔ دل یہ کہتا ہے کہ ہر بار مدینہ دیکھوں
جلوۂ احمد مختار مدینہ دیکھوں

اختتام ۔ الٰہی خیر کو فضل و کرم سے
مدینہ کو بخوبی جلد پہونچا

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد۔

کتابیاتی حوالے۔ ۔

دیوانِ داؤد

مصنف۔ داؤدؔ ۔ مرزا محمد داؤد

سنہ ۱۱۶۸ھ م سنہ ۱۷۵۴ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۲۶۔

داخلہ نمبر۔ ۲۰۷۰ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۵۲] تقطیع [۵ء۲۱×۱۲ سمر] مسطر [۱۵] مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔ سیاہ جدول۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور ایک مثنوی شامل ہے۔

ابتداء ابتداء لکھتا ہوں بسم اللہ کا
کھینچ مد دیوان پہ بسم اللہ کا۔

اختتام ۔ ترے بن اے سریجن جان داؤد
سدا رہتا ہے دردوغم میں آلود

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد

کتابیاتی حوالے۔ دیوانِ داؤد کے دو نسخے کتب خانہ انجمن ترقی اُردو کراچی پاکستان میں موجود ہیں۔

مطبوعات ۔ دیوانِ داؤد اورنگ آبادی، ڈاکٹر خالدہ بیگم نے مرتب کیا اور ادارہ ادبیات اُردو حیدرآباد سے شائع ہوا۔

نوٹ :۔ دیوان کی ابتداء میں ایک صفحہ چسپاں ہے جس پر شاعر اور دیوان کے متعلق بحوالہ تذکرہ شعراء مندرجہ ذیل عبارت درج ہے۔

"مرزا داؤد' داؤد تخلص شاعریست ادابند

وو حید خیالات ار جمند شکوبیانی از سخنش پیدا.

خوش المعانی از نامش هویدا است. در ریختہ اکثر

تتبع "ولی" می نماید و می گوید۔"

"تذکرہ چمنستان شعراء" اردو کے قدیم مصنفہ مولوی شمس اللہ قادری میں دیوان داود کے متعلق لکھا گیا ہے کہ پانچسو اشعار کا دیوان ہے لیکن زیر نظر دیوان اندازۃً چودہ سو اشعار پر مشتمل ہے۔

مولف گل رعنا لکھتے ہیں مرزا داود اورنگ آباد میں پیدا ہوئے، اور وہیں نشوونما پائی۔ علماء و شعراء کی صحبت حاصل تھی داود نے کم عمری میں لیاقت حاصل کر لی تھی لیکن یہ معلوم نہیں کہ وہ کس کے شاگرد تھے۔ میر محمد تقی میر نے "نکات الشعراء" میں لکھا ہے، شاگرد سید، خدا جانے سید سے مراد سید حمزہ ہیں یا سید عبدالولی عزلت نے اورنگ آباد میں جب مستقل بود و باش اختیار کی تو اس سے بہت پہلے داود کی شاعری عروج پر تھی۔ اس لئے عزلت کی شاگردی قیاس میں نہیں آتی

آصفی نے لکھا ہے کہ یہ ولی کا تتبع کرتے تھے خود بھی جا بجا اس کی طرف اشارہ کیا ہے ؎

کہتے ہیں سب اہل سخن اس شعر کو سن کر
تجھ طبع میں داود ولی کا اثر آیا

دیوان درد (نسخہ اول)

مصنف۔ خواجہ میر۔ درد

وفات سنہ ۱۱۹۹ھ سنہ ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر۔ ۳۹۹

داخلہ نمبر۔ ۱۰۵۶۶۔ طلب نمبر۔ ـــــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۵] تقطیع [۵، ۲۲×۵، ۱۵ سمر] مسطر [۱۲] مکمل۔
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ عابد۔ مقام پنجہ پرگنہ، قصبہ مانا۔ سنہ تصنیف۔ سنہ کتابت ۱۲ر جمادی الاول ۱۲۱۷ھ سنہ ۱۸۰۲ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور چند رباعیات شامل ہیں۔

ابتداء ۔ مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کے رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

اختتام ۔ سیلاب اشک گرم نے اعضاء مرے تمام
اے درد کچھ بہا دیے اور کچھ جلا دیے

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد کار من نظام شد، دیوان میر درد بتاریخ دوازدہم ماہ جمادی الاول بروز سہ شنبہ سنہ ۱۲۱۷ھ بموضع بمہ پرگنہ قصبہ مانا تحریر یافت۔ نوشتۂ عابد غریب کہ نصر من اللہ فتح قریب۔

کتابیاتی حوالے۔ کتب خانہ ادارۂ ادبیات اردو میں دیوان کے چار نسخے ہیں۔ اور انڈیا آفس لائبریری میں دو نسخے موجود ہیں۔

مطبوعات۔ دیوانِ درد کا پہلا ایڈیشن ڈاکٹر اسپرنگر کی فرمائش پر مولانا صہبائی نے مرتب کر کے مطبع العلوم دہلی سے ۱۸۴۷ء میں شائع کیا تھا۔ دیوانِ درد ڈاکٹر خالدہ بیگم نے مرتب کیا ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد سے شائع ہوا۔

نوٹ۔ خواجہ میر درد ۱۷۱۹ء میں بمقام دہلی میں پیدا ہوئے۔ خواجہ محمد ناصر عندلیب کے خلف الرشید تھے گیارہ واسطوں سے ان کا نسب خواجہ بہاء الدین نقشبندی اور بچپن واسطوں سے امام حسن عسکری علیہ السلام تک پہونچتا ہے۔ میر درد نے ۲۲ صفر ۱۱۹۹ھ م ۱۷۸۴ء بروز جمعہ اڑسٹھ برس کی برس کی عمر میں رحلت فرمائی دلی میں ان کا مزار ترکمان دروازے سے باہر ہے۔

تصنیفات میں (۱) اسرار الصلوٰۃ ایک رسالہ ہے جو پندرہ برس کے سن میں لکھا تھا۔ (۲) "واردات درد" ایک دوسری کتاب ہے جس میں ایک سو گیارہ رسالے ہیں۔ (۳) ۔ نالۂ درد (۴)، آہ سرد (۵)، دردِ دل (۶)، سوزِ دل۔ (۷)، شمع محفل وغیرہ اس کی شرح میں "علم الکتاب" تصنیف کی۔ (۸) ایک رسالہ مباحث غناء میں "ایک دیوان فارسی میں ہے۔ ا۔ ایک دیوان ریختہ میں ہے۔

نواب نور الحسن خاں مرحوم نے اپنے حسن عقیدت سے یہ سب کتابیں چھپوادی ہیں۔

دیوانِ درد (نسخہ دوم)

مصنف۔ خواجہ میر۔ درد
وفات ۱۱۹۹ھ م ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۶۱۶م

داخلہ نمبر ۔ طلب نمبر

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۵۸) تقطیع (۲۱ x ۱۲٫۵ سمر) سطر (۱۳) مکمل ۔ کہیں کہیں پیوندکاری کی گئی ہے ۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔ سرخ جدول ۔

کتابت: کاتب ۔ مرزا اسداللہ بیگ، مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ تاریخ سنہ ۱۲۶۸ھ م سنہ ۱۸۵۱ء

مندرجات: ردیف وار غزلیات، رباعیات اور مخمس شامل ہیں اس کے بعد ص ۴۶ سے شادی نامہ از فی الحال شاہ منظوم ہے آخر میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب نامہ فارسی نثر میں ہے ۔

ابتداء ۔ مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کی رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

اختتام ۔ وہ بلائے سے بھاگتا تھا دور
درد تجھ تک بلا دیا کس نے

ترقیمہ ۔ بدید عاصی پر معاصی مرزا اسد اللہ بیگ بتاریخ ہفدہم شہر...؟...
سنہ ۱۲۶۸ھ بوقت یکپاس روز برآمد تحریر گشت

شادی نامے کا ترقیمہ ص ۵ یہ ہے ۔

تمام شد بتاریخ پنجم شہر محرم محترم سنہ ۱۲۸۶ ہجری روز شنبہ بدید عاصی پر معاصی حاجی ۔ اسد اللہ بیگ نقل برداشتہ شد از شمشیر علی بیگ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ۔

دیوان درد (نسخہ سوم)

مصنف۔ خواجہ میر درد

وفات ۱۱۹۹ھ ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر۔ ۴۶۹

داخلہ نمبر۔ ۶۳۴-۱ طلب نمبر

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۵۲] تقطیع [۲۳ x ۵ء۱۴ سم] مسطر [۱۳] مکمل۔ کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ مہر (۱)۔ شہامت جنگ بہادر

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں۔

ابتدار ۔ مقدور ہمیں کب تیرے وصفوں کے رقم کا۔
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

اختتام ۔ یہ کیا درد تجھ پر مصیبت پڑی
کہ دن رات نالہ ہے اور آہ ہے

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے ۔

دیوان درد (نسخہ چہارم)

مصنف۔ خواجہ میر۔ درد

وفات سنہ ۱۱۹۹ھ م سنہ ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۴

داخلہ نمبر۔ ۱۰۶۵۶ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات اوراق [۳۴] تقطیع [۵ء۲۱ x ۱۲سمر] مسطر [۱۵] ناقص الآخر کاغذ دیسی، جدول سرخ، مہر ایک، ناقابل مطالعہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات۔ ردیف وار غزلیات اور مخمس ہیں۔

ابتداء ۔ مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کے رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

اختتام ۔ اتنی بھی میاں زباں درازی
کیا قہر ہے، دمیدم نہ کیجے

ترقیمہ ندارد

دیوان درد (نسخہ پنجم)

مصنف ۔ خواجہ میر۔ درد

وفات سنہ ۱۱۹۹ھ م سنہ ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر۔ ۹۸ھ

داخلہ نمبر۔ ۱۰۶۷۳ طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات اوراق [۲۲] تقطیع [۲۱×۵،۱۱سمر] مسطر [۱۴] مکمل کاغذ دیسی۔ خط شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف۔ — سنہ کتابت۔ —

مندرجات ۔ بلالحاظ ردیف چند غزلیات اور آخری صفحے پر چند اشعار ہیں۔

ابتداء ۔ مدرسہ یا دیر تھا کعبہ یا بیت خانہ تھا
ہم بھی مہمان تھے واں توہی صاحب خانہ تھا

اختتام ۔ خاموش ہو مت جتا کسی کو
آتا ہے نظر خدا کسی کو

ترقیمہ ۔ ندارد

دیوان درد (نسخہ ششم)

مصنف۔ خواجہ میر۔ درد

وفات سنہ ۱۱۹۹ھ سنہ ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر۔ ۶۹۶

داخلہ نمبر۔ ۶۷/۱ طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان، (شاملات از دواوین ۲۸/۱۷ دیوانِ درد فارسی)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۵۷] تقطیع [۵،۱۹×۱۲سمر] مسطر [۱۵] ناقص الآخر کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ تاریخ کتابت ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات، رباعیات، فردیات، ترکیب بند اور مخمس

ابتداء ۔
مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کے رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

اختتام ۔
مت پوچھ کہ ہم نے عمر کیوں کر کاٹی
جس طرح سے کٹ گئی یہ ووں کر کاٹی
کس واسطے چاہیئے پر کھا اتنا
دو روز کی زندگی ہے جوں کر کاٹی

دیوان درد (نسخہ ہا مختم)

مصنف ۔ خواجہ میر ۔ درد

وفات ۔ سنہ ۱۱۹۹ھ م ۱۷۸۵ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۵۰۱ ۔

داخلہ نمبر ۔ ۳۵۵۲م طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔ (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۲] تقطیع [۲۲×۱۹ سم] مسطر [۱۱] ناقص الطرفین کرم خوردہ، پیوند کاری کی گئی ہے ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں بلالحاظ ردیف چند غزلیں ہیں

ابتداء ۔ بعد مدت کے درد کل مجھ سے
ملی گیارہ میں وہ غنچہ دہن

اختتام ۔ ہے غم ہی تیرا کہ یوں شب و روز
رکھتا ہے ہمارے دل کو معمور

دیوان راجہ

مصنف ۔ بلوان سنگھ بہادر مہاراجہ ۔ راجہ

مخطوطہ نمبر ۔ ۸۱۶

داخلہ نمبر ۔ ۱۵۱۷۰ طلب نمبر ۔ ــ

مضمون ۔ شاعری، دیوان

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۲۲۲] تقطیع [۲۸۰ × ۱۸ سمر] مسطر [۱۳] مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔ مطلا، رنگین جدول

کتابت ۔ کاتب غلام رسول۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۲۵۳ھ م ۱۸۳۷ء تاریخ کتابت ۲۷ شوال ۱۲۵۳ھ م ۲۷ دسمبر سنہ ۱۸۳۷ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات، مثلث، مسدس اور ایک ترجیع بند شامل ہے۔ دیوان اصلاح شدہ ہے۔

ابتداء ۔ ایک ذرہ وصف ہو نہ سکے تیری ذات کا
ہر مو اگر زبان بنے کائنات کا

اختتام ۔ تو بیٹھ کے بالیں پہ میری دیکھ طلسمات
راجہ میں کہوں کیا دل بریاں کی حقیقت

ترقیمہ ۔ دیوان ہذا من تصنیف راجہ صاحب مہاراج راجہ بلوان سنگھ بہادر بتاریخ بست وہفتم شوال المکرم ۱۲۵۳ھ بقلم بریٹر رقم غلام رسول

سن تصنیف کا شعر مہر (مرزا حاتم علی) نے اس طرح موزوں کیا ہے ۔

ایسے دیوان کی تاریخ تو مہر
لکھ دی باغ معنی یہ ہے

۱۲۵۳ھ

نوٹ ۔ مہاراجہ بلوان سنگھ مرزا حاتم علی مہر کے شاگرد تھے ۔ ان کے مورث اعلیٰ راجہ بنسارام کو محمد شاہ نے پندرہ لاکھ سالانہ خراج پر علاقہ جات جونپور، غازی پور، بنارس کا صوبہ دیا تھا۔ ۱۷۹۹ء سال پیدائش تھا۔ تصنیفات میں دیوان مسمیٰ "گل ریاض" مطبوعہ عظیم الاخبار پریس آگرہ مطبوعہ سنہ ۱۲۷۰ھ اور ایک کتاب موسوم بہ "چتر چندر کا" بھی ان کی یادگار ہے ۔

دیوانِ راجہ کا نسخہ مولف خمخانۂ جاوید کو بھی کہیں دستیاب نہیں ہو سکا تھا۔ اس لئے یہ نایاب اور نادر نسخہ ہے ۔

دیوانِ رشک موسوم بہ نظم مبارک

مصنف ۔ میر علی اوسط ۔ رشک

سنہ ۱۲۸۴ھ م سنہ ۱۸۶۸ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۱۱

داخلہ نمبر ۔ ۱۹۳۵۲ طلب نمبر

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۰۲] تقطیع [۵ء۳۱×۵ء۱۸ سم] مسطر [۱۳] مکمل
کاغذ دیسی، رنگین۔ خط نستعلیق۔ سیاہ جدول۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف سنہ ۱۲۶۱ھ سنہ ۱۸۴۵ء تاریخ و سنہ کتابت ۲۳ رمضان سنہ ۱۲۷۰ھ م ۲۱ مئی سنہ ۱۸۵۴ء

مندرجات - دیوان اول موسوم "بہ نظم مبارک" متن پر ہے دیوانِ دوم نظم گرامی حاشیہ پر ہے۔
ردیف وار غزلیات اور تاریخی قطعات اردو و فارسی شامل ہیں۔

ابتداء - ممنون فصل کا نہ سحاب مطیر کا
گلچیں ہوں ایسے گلشن جنت نظیر کا

اختتام - اسی ساعت کہی تاریخ اے رشک
ہائے ہتکاسی گھر ٹوٹ گئے
۱۲۵۳

ترقیمہ - المنۃ للہ بتاریخ بست سویم رمضان المبارک ۱۲۷۰ھ روز سہ شنبہ کتاب دیوان رشک مسمیٰ بہ نظم مبارک بدست ماصی.....

کتابیاتی حوالے - دیوانِ رشک مخزونہ ادارہ ادبیات اردو۔

نوٹ - میر علی اوسط رشک، میر سلیمان کے بیٹے تھے۔ شیخ امام بخش ناسخ کے شاگرد ہوئے زبان کی تصحیح اور لغات کی تحقیق میں یہ ناسخ کے تمام شاگردوں میں ممتاز حیثیت رکھتے تھے تاریخ گوئی میں بھی ان کو خاص ملکہ تھا۔ رشک آخر عمر میں کربلائے معلیٰ چلے گئے تھے اور وہیں ۱۲۸۴ھ میں وفات ہوئی۔

تصنیفات میں ۱۲۵۲ھ میں اردو کی ایک لغت مرتب کی جس کا تاریخی نام "نفس اللغۃ" ہے۔ اس کا ایک حصہ "نشتر کاکوری" نے چھپوا کر "دفتر نور اللغات" شائع کر دیا ہے۔ ان کے تین

دیوان ہیں ان میں سے "نظم مبارک" "نظم گرامی" دیوان ۱۲۵۴ھ م ۱۸۳۸ء اور سنہ ۱۲۶۱ھ م سنہ ۱۸۴۵ء میں ترتیب دے کر سنہ ۱۲۶۳ھ میں خود چھپوائے تھے۔ تیسرا دیوان ضائع ہوگیا جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ ان دونوں سے اچھا تھا۔

دیوان رشک نسخہ ثانی

(موسوم بہ نظم مبارک)

معنف۔ علی اوسط میر۔ رشک

وفات سنہ ۱۲۸۴ھ م سنہ ۱۸۶۸ء

مخطوطہ نمبر۔	۱۳۶۳
داخلہ نمبر۔	۲۱۹۲۹ طلب نمبر۔ —
مضمون۔	شاعری۔ دیوان
کیفیت و خصوصیات	اوراق (۱۲۱) تقطیع (۳۲×۲۰ سم) مسطر (۲۳) مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔ مہریں (۲)۔ محمد حبیب اللہ۔ عشق، نیلوری
کتابت۔	کاتب محمد حبیب اللہ، مقام نیلور، سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت، ۱۹ر شوال سنہ ۱۳۱۶ھ م ۱۸۹۹ء
مندرجات۔	ردیف وار غزلیات، رباعیات اور تاریخی قطعات شامل ہیں۔
ابتداء ۔	ممنون ہوں فصل کا نہ سحاب مطیر کا گل چیں ہوں ایسے گلشن جنت نظیر کا
اختتام ۔	شد ہمیں مصرع تاریخ اے رشک از سوم بست و ششم بود اے وا

ترقیمہ - تمام شد بتاریخ ۱۹ر شوال ۱۳۱۶ھ روز پنجشنبہ از دست محمد حبیب اللہ عشقی تخلص بمقام نیلور۔

دیوان رضا

مصنف - رضا

مخطوطہ نمبر - ۴۴

داخلہ نمبر - ۲۹۹۲۲ طلب نمبر -

مضمون - شاعری - دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات - اوراق (۱۳۰) تقطیع (۲۴ × ۱۶ سمر) مسطر (۱۱) مکمل، کرم خوردہ۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف ۱۲۴۸ھ م ۱۸۳۲ء۔ تاریخ و سنہ کتابت۔ -

مندرجات - ردیف وار غزلیات کے علاوہ قصیدہ اور منقبت وغیرہ ہیں۔ کہیں کہیں حاشیوں پر بھی کلام ہے تخلص سرخی سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء - اگر میں وصف میں اس گل کے کچھ کروں تحریر
صدائے نغمۂ بلبل نے قلم تے صریر

ترقیمہ - ہے مرا دیوان گوہر بار نظم
نام اور تاریخ ہے "گلزار نظم" ۱۲۴۸ھ

اختتام - تاکمر زلف کو دیکھلا کے وہ یہ کہتا
دام عنقا میں گرفتار رضا ہوتا ہے

دیوان رعد (مسودہ غزلیات)

مصنف ۔ نادر علی، میر ۔ رعدؔ

وفات سنہ ۱۳۶۳ھ م سنہ ۱۹۴۳ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۱۰

داخلہ نمبر ۔ ۲۹۲۰۹ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۶۳) تقطیع [۲۰ × ۳۰ سمر] (کلاں) مسطر (۲۶) مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ چاپور ۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۳۵۹ھ م سنہ ۱۹۴۰ ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، مخمس، مرثیہ، قصائد، مدح نواب میر عثمان علی خاں بہادر، تواریخ سالگرہ اعلحضرت کے بعد غزلیات کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

ابتداء ۔ مہر عالم تاب سے ہے ماہ کو حاصل ضیاء
اس کو ناممکن مگر ہے اس کو ممکن دیکھنا

اختتام ۔ دل میں ہے وہ چشم ظاہر سے نہاں
مجھ کو خود مجھ سے رقابت ہو گئی

ترقیمہ ۔ بقیہ اشعار گلدستہ سنہ ۱۳۵۹ھ
تمت جاتی انشاء اللہ سال آئندہ حکیم میر نادر علی رعدؔ،
منصبدار رکاب و طبیب دواخانہ واڑی، چیتاپور جاگیر

مطبوعات ۔ رعدؔ کی شخصیت اور فن پر ایم ۔ فل کا مقالہ جامعہ عثمانیہ سنہ ۱۹۸۷ میں داخل کیا گیا۔

نوٹ ۔ حکیم نادر علی نام، تخلص رعد۔ ان کے دادا امیر الشعراء میر احمد علی شہید تھے۔ رعد سنہ ١٢٩١ھ میں پیدا ہوئے اور ١٣٦٣ھ م سنہ ١٩٤٣ء میں انتقال ہوا۔ ان کے والد شعلہ تخلص کرتے تھے۔ عربی اور فارسی میں اچھی قابلیت رکھتے تھے۔ عربی میں سناد الملک سید علی شوستری سے استفادہ کیا تھا۔ اولاً اپنے والد اور پھر نظم طبا طبائی سے تلمذ رہا۔ نظم و نثر میں کئی کتابیں لکھی ہیں۔ جملہ اصناف سخن میں کمال حاصل تھا اردو کے مشہور اساتذہ کے رنگ میں کلام موزوں کرتے رہے۔ درد، مومن، غالب، ریاض وغیرہ کے رنگ میں ان کا کلام قابل قدر ہے۔

دیوان رقت

مصنف ۔ قاسم علی مرزا ۔ رقت

مخطوطہ نمبر ۔ ١٤

داخلہ نمبر ۔ ٢٨٢٠٣ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق (٢٠) تقطیع (٢٠×١٤ سمر) مسطر (١٣) مکمل، کرم خوردہ کہیں کہیں بیوند کاری کی گئی ہے۔ چند صفحات پر خوبصورت پھول ہیں

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، آخر میں دو نظمیں ہیں۔

ابتداء ۔ آہ میری ہے نمونہ مد بسم اللہ کا

بس ہے اس شیرازۂ دیواں کو رشتہ آہ کا

اختتام ۔ رقت کہے ہے زور طبیعت سے یہ غزل
اوروں کے واسطے یہ کیسی زمین ہے

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد۔

نوٹ ۔ دیوان کے پہلے صفحہ پر شاعر کا مختصر تذکرہ ہے۔ جو مندرجہ ذیل ہے۔

مرزا قاسم علی شاگرد۔ وطن شہر مقدس مولد دہلی سکنی لکھنو صاحب دیوان گذرے ہیں۔ از تذکرہ ہائے سخن شعراء مولوی عبدالغفور خانصاحب نساخ۔

جرأت اور حسرت، رقت کے استاد تھے۔

دیوان رند (موسوم بہ گلدستۂ عشق)

مصنف۔ محمد خاں سید۔ رند

ولادت۔ بسنہ ۱۲۱۴ھ م بسنہ ۱۷۹۹ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۹۷۵م

داخلہ نمبر ۔ ــــــ طلب نمبر۔ ــــ

مضمون ۔ شاعری، دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۸۹] تقطیع [۱۹×۱۱ سمر] سطر [۱۲] ناقص الطرفین۔
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب۔ سید محمد عبدالرزاق حامد۔ مقام۔ ــــ سنہ تصنیف۔ ــــ سنہ کتابت ۲ شعبان سنہ ۱۲۸۶ھ

مندرجات ۔ دیوان اول و دوم ردیف وار ہے۔ دیباچہ احوال مصنف فارسی میں ہے آخر میں غزل اور

تاریخی قطعات شامل ہیں۔

ابتداء ۔ نور کا عالم بنا دیگا اسے حسن شباب
چاند سا چہرہ ترا رشکِ قمر ہو جائے گا۔

اختتام ۔ نواب علی نقی جو خاں ہے دلیر
منظورِ نگاہ بادشاہ عالم
تاریخ بتائی اسکی یہ ہاتف نے کہہ
کہ اب ہے وہ وزیر اعظم

ترقیمہ ۔ دیوان اول کا ترقیمہ صـ ۵۰۶ پر ہے۔

بتاریخ ہفتم شہر شعبان المعظم سنہ ۱۲۸۶ (م ۱۸۶۹ء) ھجری بروز پنجشنبہ دیوان تمام یافت سید محمد عبد الرزاق حامد عفی اللہ عنہٗ

نوٹ ۔ سید محمد خاں رندؔ نواب غیاث الدین نیشاپوری کے بیٹے تھے۔ سنہ ۱۲۶۰ھ (م ۱۸۴۴ء) میں لکھنو چلے آئے خواجہ حیدر علی آتشؔ کے شاگرد ہوئے پہلے وفاؔ تخلص تھا۔ خواجہ صاحب نے رندؔ بنا دیا۔

ایک دیوان فیض آباد میں میر خلیق کے مشورہ سے تیار ہو چکا تھا۔ لکھنو آنے کے بعد اس کو غرق آب کر کے دو دیوان اور مرتب کئے جو "گلدستۂ عشق" کے نام سے چھپ گئے ہیں

دربار اودھ کی سازشوں سے دل برداشتہ ہو کر غدر سے چند سال پہلے عتبات عالیہ کی زیارت کی نیت سے گھر سے نکلے چونکہ ان کے مقدر میں یہ بات نہ تھی بمبئی پہونچ کر سفر آخرت اختیار کیا۔

دیوان سخن

مصنف۔ غلام مصطفٰے میر سخن

ولادت سنہ ۱۱۴۷ھ م سنہ ۱۷۳۴ء وفات سنہ ۱۲۷۲ھ م سنہ ۱۸۵۶ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۰

داخلہ نمبر ۔ ۳۹۲۳ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان .

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۱۹۳] تقطیع [۲۲×۱۴ سمر] مسطر [۱۴] مکمل، پیوند کاری کی گئی ہے
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں غزلیات، قصائد، مخمس، مسدس، ترجیع بند، رباعیات، اور فارسی کلام شامل ہے .

ابتداء ۔ بجائے خولیش ہے بتناش ہر صغیر و کبیر
خیالِ خام کو اپنے سمجھ خیال اسیر

اختتام ۔ اغلب ہے کہ گلشن میں بھی یاد خرابی
برباد ہوئی کیا گل و ریحاں کی جوانی
مرغانِ چمن کرتے ہیں سب مرثیہ خوانی
ہے اشک سے بلبل کے بھرا کوؤں میں پانی

کل باغ سے کیا رختِ سفر یاد کرے ہے .

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد

نوٹ ۔ سخنؔ، لالہ لچھمی نارائن شفیقؔ کے شاگرد تھے۔ ۱۱۷۷ھ م ۱۷۶۳ء میں پیدا ہوئے وہ اورنگ آباد کے رہنے والے تھے۔ لیکن اورنگ آباد کے عمائدین اور امراء کے ساتھ سخنؔ بھی حیدر آباد منتقل ہو گئے تھے۔ اس عہد میں آصف جاہ ثانی کا دارالحکومت حیدر آباد تھا۔ سخنؔ جب پہلی مرتبہ حیدر آباد آئے تو انہوں نے ارسطو جاہ کی مدح میں ایک قصیدہ لکھ کر پیش کیا تھا۔ یہ قصیدہ "مجموعۂ فصاحت" میں موجود ہے۔

سنہ وفات کے بارے میں ڈاکٹر ثمینہ شوکت کا خیال ہے کہ "کلیات شہید" کے مخطوطے میں سخنؔ نامی شاعر کی وفات پر کہا قطعۂ تاریخ اسی شاعر سے متعلق ہے۔ اس قطعہ تاریخ سے ان کی وفات کا سنہ ۱۲۷۲ھ م ۱۸۵۶ء نکلتا ہے۔

سخنؔ نے مثنوی "صریر سخن" اپنے وطن اورنگ آباد کی یاد میں لکھی ہے

دیوان سراج نسخہ اول

مصنف ۔ سراج الدین، سید ۔ سراجؔ

ولادت سنہ ۱۱۲۷ھ م سنہ ۱۷۱۵ء وفات سنہ ۱۱۷۷ھ م سنہ ۱۷۶۳ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۹۱

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۵۵۸ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۲۲۴]۔ تقطیع [۲۱.۵ × ۱۰ سم] سطر [۱۲] مکمل۔
کاغذ دیسی، منقش ۔ جدول سرخ۔ مہریں دو، راجہ سکھ رام ۱۲۵۶ھ / ۱۸۴۱ء اور دو مہریں ناقابل مطالعہ ہیں

کتابت ۔ کاتب۔ عباد اللہ خواجہ نظیر الدین۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ تاریخ و سنہ کتابت۔ ار رجب ۱۱۸۹ھ مسلسلہ ۱۷۷۵ء

مندرجات۔ شروع میں مثنوی اور قصیدہ ہے، ص ۳۳ سے ردیف وار غزلیات، رباعیات، مخمس اور ترجیع بند شامل ہیں

ابتداء ۔ عجب قادر پاک کی ذات ہے

کہ سب ہے نفی اور وہ اثبات ہے

اختتام ۔ اس نسخۂ غلط کو جو کوئی نظر میں لاوے

لازم ہے حق میں میرے دست دعا اٹھاوے

ترقیمہ ۔ بتاریخ دھم رجب المرجب مطابق ۱۱۸۹ من ھجرۃ النبوی صلی اللہ علیہ وسلم روز پنجشنبہ از دستخط فقیر حقیر پر تقصیر اضعف من عباد اللہ خواجہ نظیر الدین ابن خواجہ کریم الدین مرحوم بلدہ فرخندہ بنیاد حیدرآباد نسخۂ دیوان سراج سلمۂ اللہ تعالیٰ باتمام رسید۔

کتابیاتی حوالے ۔ سراج کا دیوان کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو، انڈیا آفس لائبریری، انجمن ترقی اردو علی گڑھ جامعہ عثمانیہ اور خدا بخش لائبریری میں موجود ہے۔

کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں "کلیات سراج" کا ایک نسخہ، کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی میں نسخہ سوم و چہارم موجود ہے۔ مثنوی بوستان خیال کا ایک نسخہ کتب خانہ سالار جنگ میں موجود ہے

ملاحظہ ہو کلیات سراج (م ۵۰۵ جدید)

مطبوعات ۔ کلیات سراج مرتبہ پروفیسر عبدالقادر سروری حیدرآباد ۱۹۳۶ء

نوٹ ۔ سراج اورنگ آباد کے سادات گھرانے سے تھے۔ ۱۱۲۷ھم ۱۷۱۴ء میں پیدا ہوئے۔ میر اور میر حسن نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ سراج، سید حمزہ کے شاگرد تھے مگر اس کی تصدیق اہل دکن نہیں کرتے خود سراج نے شعرائے فارسی کا انتخاب کیا ہے اس کے دیباچہ میں کچھ اپنے خیالات بھی

لکھے ہیں۔ مگر اس میں (سید حمزہ کا، ذکر نہیں کیا۔ ان کے شاگردوں میں خواجہ ابو البرکات عشرتؔ خواجہ عنایت اللہ فتوتؔ، اشرف علی خاں فغاںؔ، مرزا محمد جان نثارؔ، مرزا عطا ضیار اور جیسے کشن داس بیجانؔ قابل ذکر ہیں۔

۴ر شوال روز جمعہ ۱۱۷۷ھ م ۱۷۶۳ء میں وفات پائی، میر غلام علی آزادؔ، میر اولاد محمد ذکاؔ اور لچھمی نارائن شفیقؔ نے تاریخیں لکھیں۔

تصنیفات میں ایک دیوان فارسی، ایک دیوان ریختہ جس میں ۵ ہزار اشعار ہیں، ایک انتخاب فارسی شعراء کے دواوین کا سنہ ۱۱۶۱ھ م ۱۷۴۸ء میں تیار کیا تھا۔ اس کا تاریخی نام "منتخب دیوان" ہے۔ ایک مثنوی "بوستانِ خیال" بھی لکھی ہے۔

دیوان سراج نسخہ دوم

مصنف۔ سراج الدین، سید سراجؔ

ولادت سنہ ۱۱۲۷ھ م سنہ ۱۷۱۴ء وفات سنہ ۱۱۷۷ھ م سنہ ۱۷۶۳ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۹۹

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۱۴ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات: اوراق [۱۵۰] تقطیع [۲۲×۱۴ سم] مسطر [۱۳] مکمل۔ کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ دستخط غلام علی۔

کتابت ۔ کاتب، واحد۔ مقام بالکنڈہ، تاریخ تصنیف ۱۱۵۲ف، سنہ کتابت ۱۲۶۴ھ م ۱۸۴۶ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، فردیات، مستزاد، ترجیع بند اور مخمس شامل ہیں۔ تخلص سراجؔ

سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء ۔ نام تیرا مطلع فہرست ہے دیوان کا
ہے زباں کا وردِ خاصہ اور وظیفہ جاں کا

اختتام ۔ تشنہ لب ہوں مجھے پلا اک بار
جاں کندن میں شربت دیدار

ترقیمہ ۔ ترقیمہ منظوم ہے۔ جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہ نسخہ امان اللہ کے لئے واحد بن موسیٰ ساکن بالکنڈہ نے لکھا ہے۔ ترقیمہ ابتدائی، درمیانی اور اختتامی مندرجہ ذیل ہے۔

ابتداء } چہار شنبہ کی شب تھی وقت عشاء
سلخ شعبان دل تھا باغ و بہار

درمیانی } مخلص دل نواز امان اللہ
گلشنِ دوستی کی تازہ بہار

اختتامی } پھر ہزار متورہ اوپر
مثل پروانہ ہووے جاں نثار

تمت تمام بعون الملک العلام

دیوان سراج نسخہ سوم

مصنف۔ سراج الدین سید سراج

ولادت سنہ ۱۱۲۷ھ سنہ ۱۷۱۴ء وفات سنہ ۱۱۷۷ھ سنہ ۱۷۶۳ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۱۲۶

داخلہ نمبر ۔ ۱۸۴۳۶ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۹۹] تقطیع [۲۱×۵، ۱۱ سمر] مسطر [۱۷/حاشیہ ۲] مکمل، ناقص آلاخر آب رسیدہ کہیں کہیں پیوندکاری کی گئی ہے۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق شکستہ آمیز، سرخ جدول

کتابت ۔ کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف ۔ — سنہ کتابت ۔ —

مندرجات ۔ اس دیوان میں سراج کا اردو کلام حاشیہ دوم میں درج ہے جو ردیف وار ہے، حاشیۂ اول میں سراج کے رقعات فارسی نثر میں ہیں اور حوض (متن) میں فارسی شعراء کے دواوین سے منتخب اشعار درج ہیں۔

ابتداء ۔ نام تیرا مطلع فہرست ہے دیوان کا
ہے زباں کا ورد خاصہ اور وظیفہ جان کا

اختتام ۔ خندۂ گل گریۂ ناسور ہے گل رو بغیر
مجلس ماتم میں عیش و شادمانی ہیچ ہے

دیوان سرور
مصنف ۔ مصطفٰے علی میر سرور

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۹۰۳

داخلہ نمبر ۔ ۳۸۱۰۳ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری، دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۸۳] تقطیع [۲۷×۷ سمر] مسطر [۱۹] مکمل، کچھ حصہ کرم خوردہ۔

کاغذ دیسی، خط شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات، واسوخت، مسدس، مثلث، اور قطعات شامل ہیں۔

ابتداء ۔ کیوں نہ ہر مصرع ہو میر الکھتاں کی شان کا

بیت زلف مہوشاں مطلع ہے اس دیوان کا

اختتام ۔ باشد بہ تخم آہ چو نشو و نما نصیب

شاید بود سرور بدل زیں فضا نصیب

نوٹ ۔ میر مصطفےٰ علی سرور نواب میر مراد علی خاں بہادر کے استاد تھے۔

دیوان سغیر
(موسوم بہ میخانۂ عشق)
مصنف۔ شائق حسین خاں سغیر

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۷۸۲

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۸۶۸ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات { اوراق [۱۹۱] تقطیع [۵ء۳۱x۵ء۱۹ سمر] مسطر [۱۵] مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق، درمیان میں کئی اوراق سادہ ہیں۔ سرخ جدول۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۳۳۸ف م ۱۹۲۰ء سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں پہلے صفحہ پر "میخانۂ عشق" دیوان سغیر اور دوسرے صفحہ پر دیوان دوم

یعنی "بہارستان سغیر" ۱۳۲۷ف م ۱۹۱۷ء درج ہے۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں ردیفوں کے درمیان کئی اوراق معرا ہیں "ی" کی ردیف کے درمیان میں تاریخ ترتیب دیوان ہے "یہ شمع عشق" "دیوان سغیر" ۱۳۳۲ف درج ہے۔ آخر میں رباعیات قصیدہ میر مومن اور قصیدہ عثمانیہ نامکمل ہے۔ دیوان تصحیح شدہ ہے۔

ابتداء ۔ دیوان میں ذکر خیر جو ہے اک جمیل کا
آئینہ بن گیا ہے مسیح و خلیل کا

اختتام ۔ دکن میں ہو گئی ایسی پلیگ کی شدت
کہ شہر چھوڑ کے صحرا میں بھاگے خاص و عام

نوٹ ۔ میجر نواب شاہ ولی حسین خاں بہادر سغیر دیوان کے پہلے صفحہ پر درج ہے۔

دیوان سلطان

مصنف ۔ شاہ سلطان، ثانی سلطان

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۷۴

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۶۴۴ طلب نمبر ۔ ـــــ

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۰۵] تقطیع [۶،۴ x ۸،۳] مسطر [۱۲] مکمل۔
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ جدول سرخ۔

کتابت ۔ کاتب شام لعل۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۱۲ شعبان ۱۲۴۶ھ م ۱۸۳۲ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات۔

ابتداء

اس پاک عشق باز کوں جب نہ اثر ہوا
تب نور ذات جوش ہوا ز گنج سر ہوا

اختتام

اے دسلطان سے او پرغا ہو وجودے محمدی
گنج گوہر کرتے ظاہر اسم بکڑیا جوہری

ترقیمہ ۔ "دیوان سلطان سے قبل" رسالہ صدر الدین دیوان شاہ سلطان ثانی نوشتہ ۱۲۰۸ھ م سنہ ۱۷۹۳ء تحریر درج ہے۔ ادر چھ اوراق پر شام لعل کا کلام ہے اور اس کا سلسلہ "دیوان سلطان" کے پہلے ورق کے حاشیہ تک ہے جس کا سنہ تاریخ ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء بقلم شام لعل ہے۔

دیوان شاہ سلطان ثانی از اصل کتاب مرشد مالک ھادی آگاہ عنایت افزائے بر خاک پایاں قبلۂ دو جہان حضرت شیخ محمد مشہور قادری. اولاد حضرت شیخ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ بموجب حکم جہاں مطاع بھائی صاحب قبلہ رائے سکندر رائے صاحب بخط خام کمترین فقیر حقیر خاک پائے غلامان غلام حضرت پیر دستگیر محبوب ربانی بندہ شام لعل ولد رائے ہنس رام در بلدۂ حیدر آباد بروز پنجشنبہ تاریخ ہمایوں بست و پنجم شعبان سنہ ۱۲۴۸ھ/۱۸۳۲ء مطابق سنہ ۱۲۴۲ف بوقت دو گھڑی روز بر آمدہ نقل شامد تمام شد

کتابیاتی حوالے ۔ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو، انجمن ترقی اردو پاکستان، انجمن ترقی اردو علیگڈھ میں دیوان سلطان کا ایک ایک نسخہ موجود ہے۔

نوٹ ۔ دکنی شعرا میں "سلطان" تخلص کرتے والے دو شاعر گزرے ہیں توضیحی فہرستوں میں انہیں گولکنڈہ کا شاعر بتایا گیا تھا۔ دراصل سلطان کا تعلق گولکنڈہ سے نہیں بلکہ قدیم اردو

کے دوسرے اہم دکنی مرکز بیجاپور سے ہے۔ دیوانِ سلطان کے جملہ ۹ نو مخطوطات کا پتہ حیدرآباد، علی گڑھ اور بعض خانگی کتب خانوں میں ملتا ہے۔

سلطان کا تعلق ساداتِ حسینی سے ہے ان کے والد کا نام سید فخر سلطان حسینی تھا۔ سلطان کا پورا نام سید سلطان غالب حسینی تھا۔ اور ثانی سلطان کے نام سے مشہور تھے۔ ان کے والد سورت، گجرات میں آئے سورت سے یہ خاندان بیجاپور اور گلبرگہ سے ہوتے ہوئے بیدر پہونچا۔ ان دنوں بیدر میں حضرت شاہ محمد اکبر حسینی کا چرچا تھا۔ جو حضرت خواجہ بندہ نواز کی اولاد میں سے ہیں۔ فخر سلطان حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے بیعت سے مشرف ہو کر شیخ کے بتائے ہوئے شغل میں مصروف رہے۔ بعد تکمیل سلوک خلافت سے مشرف ہوئے وہاں سے ۱۶۰۹ء میں مدراس چلے آئے اور قصبہ انگور میں رہتے تھے اس وقت شاہ سلطان کی عمر ۱۳ سال تھی حالات سلطان مملوکہ سید اکبر صاحب میں لکھا ہے کہ شاہ سلطان نے ۱۶۸۵ء میں وفات پائی۔ اس لحاظ سے سلطان کی عمر ۹۷ سال متعین کی جا سکتی ہے۔

سید فخر سلطان کے بعد شاہ سلطان نے ہدایت کا سلسلہ جاری رکھا۔ جو آج تک جاری ہے۔ اس سلسلے کی آخری کڑی خواجہ شاہ حبیب اللہ تھے جن کا انتقال ۱۹۷۳ء میں ملیشیا میں ہوا۔ سلطان کا مزار واڑی گرہ پونڈی میں ان کے والد سید فخر سلطان کے مزار سے متصل ہے۔

تصنیفات میں زنجیرہ منشور جو کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو اور کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔ اس میں انہوں نے لاہوت، ناسوت اور جبروت کی صوفیانہ اصطلاحات سے بحث کی ہے۔

دیوان سلطان

مصنف - سلطان

مخطوطہ نمبر - ۲۵۰۳

داخلہ نمبر - ۲۷۵۸۹　طلب نمبر ـــ

مضمون - شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات　اوراق [۲۶] تقطیع [۱۲٫۵×۲۵٫۵ سمر] مسطر [۱۰] نامکمل، چند اوراق کرم خوردہ کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ـ کاتب۔ ـ مقام۔ ـ سنہ تصنیف۔ ـ سنہ کتابت۔ ـ

مندرجات ۔ یہ دیوان ردیف وار مرتب ہے مگر صرف ردیف الرائے مہملہ تک ہے۔ اس ردیف میں بھی تین ہی شعر ہیں۔ اس کے بعد ایک ورق پر ردیف لام کی چند غزلیں ہیں۔ آخری ورق پر چند غزلیں دوسرے قلم سے لکھی گئی ہیں۔

ابتداء - کس منہ سے شکر کیجئے رب جلیل کا ؛ ہر حال میں کفیل ہے بندہ ذلیل کا

اختتام - سر عشاق ہونگے آج کل پامال شوخی کے ؛ لگا کرتے سواری اب تو وہ چابک سمندوں پر

دیوان سلیمان

مصنف - سلیمان

مخطوطہ نمبر ـ ۶۱۷م

داخلہ نمبر ـ ندارد　طلب نمبر۔ ـــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق۔ [۱۶] تقطیع [۵ء۱۹×۵ء۱۳سمر] مسطر [۱۱] ناقص الآخر۔ کرم خوردہ ٹیشو کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔ مہر ایک ناقابل مطالعہ

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ردیف وار غزلیات ہیں، صفحہ اول پر دیوان سلیمان ہند درج ہے۔

ابتداء ۔ الہٰی ایک جرعہ دے محبت کا ایاغ اپنا
میری تاریک کلبی ہیں تو کر روشن چراغ اپنا

اختتام ۔ باغ میں سلیمان ہی ہے غم اور طرب
غنچہ ساں خاموش چشم تامل دیکھیے

دیوان سودا (نسخہ اول)

مصنف۔ محمد رفیع، مرزا۔ سودا

مخطوطہ نمبر ۔ ۹۸

داخلہ نمبر ۔ ۔ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۳۰۴] تقطیع [۲۴×۱۶سمر] مسطر [۱۹] مکمل۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب محمد امین بیگ، مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت سنہ ۱۲۲۴ھ

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، مثنویاں، مسدس اور مرثیہ شامل ہے۔ (سہو) اور دی

فارسی کلام پر مشتمل ہے ۔

ابتداء ۔ ہوا جب کفر ثابت ہے یہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے تسبیح زنارِ سلیمانی

اختتام ۔ بلاغت کا جی ناک میں آرہا ہے
فصاحت کو دیکھو تو وہ جاں بلب ہے

ترقیمہ ۔ "کلیاتِ مرزا رفیع سودا مرقوم از دست احقر العباد محمد امین بیگ بتاریخ بست و ششم ذی قعدہ ۱۲۳۷ھ ہجری ہر کہ خواند دعا طمع دارم بندہ گناہ گارم"

صفحۂ اول پر دو عبارتیں دیوان کی خریدی سے متعلق ہیں

۱۔ "بتاریخ ۹ رجب المرجب ۱۲۶۷ھ ہجری مومن عبد اللہ ..... مبلغ ہشت روپیہ خرید نمود نواب مہدی حسین صاحب بتلاش بسیار۔"

۲ " بتاریخ ۱۲ ذی الحجہ ۱۲۷۷ھ ہجری بوقت جناب منشی احمد علی صاحب نعمت مبلغ پانزدہ روپیہ ..... خرید نمود جناب سید نجیب صاحب دام اقبالہ .....

کتابیاتی حوالے ۔ دیوان سودا کے دو نسخے کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں ۔ کیمرج یونیورسٹی کے کتبخانہ میں ایک نسخہ دیوان کا ہے ۔ اس کے علاوہ مثنوی "سوداگر پسر" بھی ملتی ہے ۔ پیرس کے کتب خانہ میں کلیاتِ سودا کے علاوہ "مجموعۂ کلام" میں ولی اور سودا کا مختصر انتخاب ہے ۔

قصائدِ سودا (۱۳۷، ۱۱۸، ۲۴۸) اور مجموعہ قصائد و مثنویات سودا (۲۸۳) کتب خانہ ہذا میں موجود ہے

ملاحظہ ہو کلیاتِ سودا (۵۸۵ – م ۷۷)

مطبوعات ۔ شیخ چاند نے سودا پر تحقیقی مقالہ لکھا تھا جو زیور طبع سے آراستہ ہو چکا ہے ۔

نوٹ ۔ سودا کے والد کا نام مرزا محمد شفیع تھا۔ سودا، احمد شاہ ابدالی کے حملہ کے بعد دہلی چھوڑ کر فرخ آباد گئے وہاں سے فیض آباد پھر لکھنؤ، وہیں ۱۱۹۵ھ م سنہ ۱۷۸۱ء میں وفات پائی؛ شاہ ظہور الدین حاتم کے شاگرد تھے ۔

دیوان سودا (نسخہ دوم)

مصنف ۔ محمد رفیع، مرزا ۔ سودا ۔

ولادت سنہ ۱۱۲۵ھ وفات سنہ ۱۱۹۵ھ م سنہ ۱۷۸۱ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۵۲۰

داخلہ نمبر ۔ ۲۳۶۱۷ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۱۰۴] تقطیع [۱۹٫۵ × ۱۳ سم] مسطر [۹] ناقص الآخر، کہیں کہیں پیوندکاری کی گئی ہے ۔ کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔۔ مقام ۔ ۔۔ سنہ تصنیف ۔ ۔۔ سنہ کتابت سنہ ۱۲۶۴ھ م سنہ ۱۸۴۷ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات "نون" تک ہیں ۔

ابتداء ۔ مقدور نہیں اس کی تجلی کے بیاں کا

جوں شمع سراپا ہو اگر حرف زباں کا

اختتام ۔ پھر دل کو دوں کہو تو کس امید پر کہیں ؛ نہ اشک آنکھوں سے بہتے ہیں نہ دل سے اٹھتی ہیں آہیں

ترقیمہ ۔ دیوان کے پہلے صفحہ پر سنہ ۱۲۲۱ھ بہ حسن عاصی عنایت شد تحریر ہے ۔

دیوان سوز نسخہ اول

مصنف۔ سید محمد ۔ سوز

سنہ ۱۲۱۳ھم سنہ ۱۷۹۸ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۷۱۲

داخلہ نمبر ۔ ۲۵۵۸۶ طلب نمبر۔ ـــــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۲] تقطیع [۲۰x۱۴ سمر] مسطر [۱۵] مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب، ۔ مقام. ۔ سنہ تصنیف. ۔ سنہ کتابت سنہ ۱۲۹۲ھم سنہ ۱۸۷۵ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، چند رباعیات، متنزاد اور دو تاریخیں ہیں جو محمد زماں خاں کی شہادت پر نکالی گئی ہیں جس کا سنہ سنہ ۱۲۹۲ھم سنہ ۱۸۷۵ء ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نسخہ ۱۲۹۲ھ میں لکھا گیا ہے۔

ابتداء جز شکر قلم صفحے پہ خلاق جہاں کا.
چاہے جو کرے وصف تو منہ کیا ہے زباں کا

اختتام ۔ پس قتل پہ ہاتف نے ندا دی زپے آکہ
مسجد کی گواہی ہوئی قرآں کی شہادت
۱۲۹۲ھ
خدا کے گھر میں محمد زماں شہید ہوئے

کتابیاتی حوالے۔ دیوانِ سوز کتب خانہ ادارۂ ادبیاتِ اردو میں محفوظ ہے۔

مطبوعات ۔ سوز کا دیوان فورٹ ولیم کالج سے ایڈٹ ہو کر کلکتہ میں ۱۸۱۰ء میں طبع ہوا۔

نوٹ ۔ سوز سید ضیاء الدین بخاری مرشد قطبِ عالم گجراتی کی اولاد میں تھے۔ قریب (۱۱۹۱ھ م ۱۷۷۷ء) شاہ عالم کے زمانے میں سوز دہلی چھوڑ کر تلاشِ معاش میں لکھنو گئے۔ وہاں سے ۱۲۱۲ھ میں مرشد آباد آئے مگر یہاں سے جی گھبرایا تو پھر لکھنو گئے، نواب آصف الدولہ والیٔ اودھ ان کے شاگرد ہوئے۔ سوز کا انتقال لکھنؤ میں (۱۲۱۳ھ م ۱۷۹۸ء) میں ہوا اس وقت سوز کی عمر ستر سال تھی ابتداء میں یہ میر تخلص کرتے تھے لیکن میر تقی میر مشہور ہو گئے تو انہوں نے اپنا تخلص سوز کر لیا۔

دیوانِ سوز (نسخہ دوم)

سید محمد ۔ سوز

۱۲۱۳ھ م ۱۷۹۸ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۲۹۸

داخلہ نمبر ۔ ۲۲۹۱۷م طلب نمبر ۔ ___

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۵۶] تقطیع [۱۹x۵ء۱۳ سمر] مسطر [۱۱] مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ سید جہانگیر شاہ، مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۲۷ ربیع الاول سنہ اردو

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات کے علاوہ، چار رباعیاں، اور ایک مستزاد ہے۔ حسبِ فرمائش

محمد محی الدین حسین خانصاحب بہادر لکھا گیا ہے ۔ دیوان کے سرورق پر میر معین الدین علی تخلص نادر نبیرۂ صلابت جنگ مغفور درج ہے ۔

ابتداء ۔ جز شکر قلم صفحہ پہ خلاقِ جہاں کا
چاہے جو کرے وصف تو منہ کیا ہے زباں کا

اختتام ۔ یہ چال بری ہے تجھے ہنسنے کی نہیں ۔ او خام خیال
کیا ہنستا ہے تو بہت پشیماں ہوگا ۔ مت دانت نکال

ترقیمہ ۔ ۲۷ شہر ربیع الاول روز سہ شنبہ بوقت عصر اختتام شد.
ہ میلادیہ بحسب فرمائش محمد محی الدین حسین خانصاحب بہادر
بدست سید جہانگیر شاہ با تمام رسید.

دیوانِ سوز (نسخہ سوم)

مصنف ۔ سید محمد سوز

سنہ ۱۲۱۳ھ م سنہ ۱۷۹۸ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۷۹۴

داخلہ نمبر ۔ ۱۶۷۶ ۱۴ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری، دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات { اوراق (۳۶) تقطیع (۲۲×۱۴ سمر) مسطر (۱۳) مکمل ۔ کہیں کہیں پیوند کاری کی گئی ہے ۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف ۔ — سنہ کتابت ۔ —

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور چند رباعیات ہیں۔ حاشیہ پر بھی غزلیات ہیں۔

ابتداء ۔ سرِ دیوان پر اپنی جو بسم اللہ میں لکھتا
بجائے مدِ بسم اللہ مدِ آہ میں لکھتا

اختتام ۔ جو نخل کہ بار آور ہوا دنیا میں
جڑ پیڑ سے بس اسکو اکھاڑا تو نے

ترقیمہ ۔ ندارد

دیوان شباب

موسوم بہ کائناتِ شباب

مصنف ۔ احمد علی ۔ شباب

ولادت سنہ ۱۹۰۳ء وفات سنہ ۱۹۷۷ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۵۶۹۵ ۔

داخلہ نمبر ۔ — طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۹۷] تقطیع [۲۰ × ۱۵ سمر] مسطر [۱۶] مکمل ۔
کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔ تصویر مصنف ۔ سیاہ جدول ۔ دستخط مصنف ۔ ۸ ذی الحجہ سنہ ۱۳۷۰ھ م سنہ ۱۹۵۱ء

کتابت ۔ کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف ۔ — سنہ کتابت ۔ —

مندرجات ۔ ردیف وار نعتیہ غزلیات اور متفرقات شامل ہیں۔

ابتداء احمد میں کھولی زباں جب راز ہستی کھل گیا ؛ عرش تک میری ہمہ دانی کا شور و غل گیا۔

اختتام ۔ میں خوش نصیبِ دو عالم ہوں میرے والی شاب

وہاں نبیؐ ہیں، حمایت نواز جنگ ہیں یہاں

نوٹ ۔ شاب، صوفی منش، خدا ترس منکسر المزاج اور کثیر الملاقات تھے۔ تحصیلداری سے سبکدوش ہونے کے بعد اپنی زندگی کے باقی ایام حیدرآباد دکن میں بسر کیے۔ علوم مشرقیہ کے ماہر تھے۔ تقریباً (۱۷) تصانیف آپ کی فکر و نظر کی آئینہ دار ہیں۔ تصنیف و تالیف کے علاوہ آپ کا محبوب مشغلہ ڈاک کے ٹکٹ جمع کرنا تھا وہ خوبصورت مناظر اور اچھی تصویروں کے دلدادہ تھے۔ تصاویر کے کئی البم موجود تھے جو تاریخی اہمیت رکھتے ہیں۔ جلیل کے شاگرد تھے۔ بے شمار نیچرل نظمیں بھی کہیں جو ہندستان اور پاکستان کے مختلف جرائد و رسالوں میں چھپیں مقبولیت حاصل کیں جس کی بناء پر "قادر الکلام" اور "علامہ" کہلائے۔

اس کے علاوہ حیدرآباد کی مختلف تہذیبی و ادبی انجمنوں نے مشترکہ طور پر آپکی پچاس سالہ شعری و ادبی خدمات کے صلہ میں "افضل الشعراء" کی سند بھی عطا کی تھی۔

تصنیفات میں غیر مطبوعہ کتابیں یہ ہیں:۔

(۱) تخلیقاتِ شاب (دیوان دوم) (۲) وجدانیاتِ شاب (دیوان سوم) (۳) تبرکاتِ شاب (نعتیہ دیوان) (۴) اوامر جلد چہارم و پنجم۔ (۵) ارشاد النبی تفسیر الحدیث۔ (۶) علم الجج (۷) بو قلموں نظموں کا مجموعہ (۸) "ہر طرف" ۔ علمی و ادبی مضامین کا مجموعہ (۹) شرح دیوان برہمن، میر منشی شاہ جہاں پنڈت چندر بھان کے کلام پر تبصرہ

مطبوعہ کتب یہ ہیں۔

(۱) "تخیل شاب" (۲) "کائناتِ شاب" (۳) "تابِ شکیب" مثنوی (۴) "ترالہ برلالہ" رباعیاں و رقعات (۵) آدم ابن دم [تاریخ اسلام] (۶) اوامر (تعلیماتِ قرآنی) (۷) توشۂ آخرت

(مسائل فقہ) (۸) درود و سلام (دینیات)

مزید تفصیل کے لئے دیکھیے "القریش" ہفتہ وار ۱۹۷۷ء

دیوان شاداں

مصنف۔ چندولال مہاراجہ۔ شاداں

وفات سنہ ۱۲۶۱ھ م سنہ ۱۸۴۵ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۵۴۳

داخلہ نمبر۔ ۳۳۰۷ب طلب نمبر۔

مضمون۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات { اوراق [۹۷] تقطیع [۷×۴½ سم] مسطر [۱۵]۔ مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت۔ کاتب۔ ندارد مقام۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۲۵۳ھ م ۱۸۳۷ء سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات۔ دیوان ردیف وار ترتیب دیا گیا ہے۔ ہر غزل کی بحر غزل کے آغاز میں سرخی سے لکھدی گئی ہے۔ آخر میں ایک مخمس اور چند رباعیات ہیں۔ تخلص بھی سرخی سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء۔ بندہ ہوں دل و جان سے میں اپنے ضنم کا
سایہ ہے میرے سر پہ تو اسکے ہی قدم کا

اختتام۔ کہا میں نے روئے ہدایت سے تب
یہ دیوان دفتر ہے توحید کا
۱۲۵۳ھ

ترقیمہ - دیوان میمنت عنوان وزیر دوران حاتم زمان راجہ چندو لعل مہاراجہ بہادر المتخلص شاداں دام اقبالہ بتاریخ اول شہر رمضان ۱۲۵۳ھ ہجری باتمام رسید۔

کتابیاتی حوالے - دیوان شاداں کتب خانہ انڈیا آفس، عثمانیہ یونیورسٹی اور سالار جنگ میں موجود ہے۔

دیوان شاداں فارسی ۱۰۳، ۵۸۹، ۸۲۲، ۸۳۳ (دواوین) ۵۵۴ مثنوی، ۲۵۶۲ رسالہ ۵۵۸۴ جدید کتب خانہ ہذا میں موجود ہیں۔

مطبوعات مقالہ چندو لال شاداں از پروفیسر ثمینہ شوکت شائع ہو چکا ہے۔

نوٹ - شاداں قوم کے کھتری تھے ۱۲۱۹ھم ۱۸۰۴ء میں پیشکاری کے عہدہ جلیلہ پر مامور تھے ۱۲۳۵ھم ۱۸۱۹ء میں مہاراجہ بہادر کا خطاب، ہفت ہزاری منصب، نوبت گھڑیال، جواہر گراں بہا اور جاگیر سے سرفرازی پائی۔ ۱۲۴۵ھم ۱۸۲۹ء میں راجہ راجایان کا خطاب ملا۔ اور باوجودیکہ عہدہ وہی رہا مگر وزارت اور دیوانی کے اختیارات بھی ہاتھ آگئے۔ کم و بیش پچاس برس تک پیشکاری کی خدمت انجام دینے کے بعد ۱۲۶۰ھم ۱۸۴۴ء میں مستعفی ہوئے اور ۱۲۶۱ھم ۱۸۴۵ء میں ۸۲ برس کی عمر میں انتقال کیا اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں طبع آزمائی کرتے تھے۔

دیوان شاہ قاسم

مصنف - قاسم علی شاہ - قاسم

مخطوطہ نمبر - ۹۹۳

داخلہ نمبر - ۱۷۱۰۲ طلب نمبر - ـــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات
اوراق [۱۸۱] تقطیع [۲۵×۵ اسمر] مسطر [۱۲] مکمل، کرم خوردہ ٹشو کیا گیا ہے۔
کاغذ دیسی سنہری چھینٹے۔ خط نستعلیق، حاشیہ بھاری سرخ و مطلا۔

کتابت ۔ کاتب۔ محمد علی۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت سنہ ۱۱۶۰ھ م سنہ ۱۷۴۷ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات اور چند مخمسات

ابتداء ۔
ورد ہر دم اسم رکھ اللہ کا
گرد ہو راہِ رسول اللہ کا

اختتام ۔
بے گُل کے خوار و زار رہی بلبل کی زندگی
اور باغباں نہوے تو کیا گُل کی زندگی
ہے یونہیں خیر باد سے سب گُل کی زندگی
شہ قاسم عاشقوں کے پیا گُل کی زندگی

چندر بدن کے سائے میں ہمیار خوش رہے۔

ترقیمہ ۔ دیوان کے صفحہ ۱۲۲ (ورق ۶۱) پر ترقیمہ درج ہے جو مندرجہ ذیل ہے۔
"محمد علی یمن آبادی فی سنہ ۱۱۶۰ ہجری"۔

کتابیاتی حوالے ۔ دیوان کے دو نسخے کتب خانہ سالار جنگ میں موجود ہیں۔

مطبوعات ۔ دیوان شاہ قاسم مرتبہ محمد سخاوت مرزا، انجمن ترقی اردو، پاکستان سے شائع ہوا ہے۔

نوٹ ۔ شاہ قاسم آصف جاہ ثانی کے عہد میں حیدر آباد آئے تھے۔ شاہ فقیر علی چشتی سے بیعت تھی۔ رسالہ اردو بابتہ جنوری سنہ ۱۹۵۷ء میں شاہ قاسم کے حالات تفصیل سے درج ہیں

دیوانِ شرم

(موسوم بہ عروسِ مضمون)

مصنفہ۔ شمس النساء بیگم، شرمؔ

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۳۶۴

داخلہ نمبر ۔ ۲۱۹۳۰ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۱۵] تقطیع [۲۰×۱۳سمر] مسطر [۱۱] مکمل۔
کاغذ رنگین یوروپی معہ آبی نشان۔ خط شکستہ۔ مہر (۱) محمد حبیب اللہ سنہ ۱۲۹۱ھ / ۱۸۷۴ء

کتابت ۔ کاتب حاجی حبیب اللہ حسینی متمام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت ۲۰ شعبان سنہ ۱۲۹۸ھ / سنہ ۱۸۸۰ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات اور ایک قصیدہ مسٹر ٹامس گورنر کی مدح میں ہے۔

ابتداء ۔ مقر ہوں روز ازل سے میں تیری وحدت کا
نہ کیوں ہو ورد مجھے کلمۂ شہادت کا

اختتام ۔ اقلیم ساتوں ہوں نہ قرطے یہ ہے دعا
لیفٹنٹ ٹامس گورنر ہو حکمران

ترقیمہ ۔ تمام گردید دیوان شمس النساء بیگم المتخلص بہ شرم بتاریخ بستم شعبان
روز دوشنبہ سنہ ۱۲۹۸ھ / ۱۸۸۰ء از دست حاجی حبیب اللہ حسینی عفی عنہ

نوٹ ۔ شمس النساء بیگم شرمؔ حکیم فخر الدین کی دختر خواجہ وزیر کی شاگرد تھیں۔ مشاہیر نسواں
مرتبہ محمد عباس میں شاعرہ کا تذکرہ درج ہے۔ ص ۳۶۹

دیوان شکوہ

مصنف ۔ شکوہ

مخطوطہ نمبر۔ ۳۵۹۸

داخلہ نمبر۔ ۴۴۸۵ طلب نمبر۔ ــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۸۳] تقطیع [۱۶×۱۰سمر] مسطر [۱۱] مکمل
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب۔ ــ مقام۔ ــ سنہ تصنیف۔ ــ سنہ کتابت۔ ــ

مندرجات ۔ دیوان ردیف وار مرتب ہے اس کے علاوہ، واسوخت، مخمس، سلام اور قلق نامہ اور متفرق ابیات ہیں۔

ابتداء ۔ ہے کلام اللہ اک نقشہ بت دلخواہ کا
ابرو رخ پہ کا ہیکو ہے مد ہے بسم اللہ کا

اختتام ۔ مردہ دل زندہ ہوا جان میں بھی جاں آئی
نامہ بر نے لایا جو مژدہ ترے آجانے کا

ترقیمہ ۔ تاریخ ختم دیوان از طبع جناب خواجہ محمد مرتضیٰ خاں بہادر مستند الشعرا المتخلص بہ بقا..........
بقاؔ کے بعد کی تحریر مٹادی گئی ہے۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل قطع تاریخ ہے۔

یہ دیوان ہے دیوانوں کا یادشہ

کلام شہ ملکِ معنیٰ یہ ہے
تردد ہے کیوں سال تاریخ کا
بقاؔ لکھ عجیب نظم دارایہ ہے

۱۳۰۱ھ م ۱۸۸۳ء

دیوان شناور

مصنف ۔ شناورؔ

مخطوطہ نمبر ۔ ۸۱۴

داخلہ نمبر ۔ ۱۵۱۶۹ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۵۵] تقطیع [۷×۲۷ ، اسمر] ۔ مسطر [۱۹] ناقص الآخر کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔ —

مندرجات ۔ ۳۹ اوراق تک ردیف وار غزلیات ہیں اور ۱۶ اوراق پر مشتمل ایک طویل واسوخت ہے ۔

ابتداء ۔
کرم تیرا نہیں محتاج ہم سے شکر نعمت کا
صدف سے ہو نہ طالب ابر نیساں دُر کی قیمت کا

اختتام ۔
دھوئے دریائے عشق میں پیرہن
ہوں شناور جو آشنا ہم سے

دیوانِ شہسوار

مصنف ۔ غلام حیدر ۔

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۶۳۲

داخلہ نمبر ۔ ۲۴۵۴۲ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۵۳] تقطیع [۲۲×۱۳ سمر] مسطر [۱۱] مکمل، کاغذ رنگین یوروپی معہ آبی نشان، خط نستعلیق، جلد ناقص ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ سید فضلو میاں ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۲۶۱ھ / ۱۸۴۴ء تاریخ و سنہ کتابت ۱۱ محرم سنہ ۱۳۰۳ھ / ۱۸۸۵ء

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات، مستزاد، رباعیات اور آخر میں بعنوان "مجرے" چند نظمیں ایک قصیدۂ نواب الف خاں[1]، ایک طویل مرثیہ اور مسدس بھی شامل ہے ۔

ابتداء ۔ بیٹھے بھی دم ذبح جو آنکھوں نہ باندھے
کچھ رحم تجھے مجھ پہ ستمگار نہ آیا ۔

اختتام ۔ بہم مشاورہ تقدیر را بہ تدبیر ست
کہ روز جلوہ کند بدعائے مقمر تو

ترقیمہ ۔ الحمد للہ و المنۃ دیوان شہسوار بحکم سرکار فیض آثار نواب غلام محی الدین خاں بہادر از دست کمترین خاکسار سید فضلو میاں فرزند سید حیات صاحب مرحوم مورخہ بتاریخ ۱۱ ماہ محرم شریف سنہ ۱۳۰۲ ھجری بوقت سہ پہر حسن اختتام یافت ۔

[1] ملک محمود جوہر کے بیٹے تھے ۔ ملاحظہ ہو دیوان جوہر مخطوطہ ۱۶۲۹ء

دیوان شہید

مصنف۔ احمد علی ہمیر شہید

سنہ ۱۲۹۲ھ م سنہ ۱۸۷۵ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۶۸۶

داخلہ نمبر ۔ ۲۵۳۱۳ طلب نمبر ۔

مضمون شاعری۔ دیوان

کیفیت و اوراق [۳۶] تقطیع [۲۰×۱۵ سم] سطر [۱۵] مکمل۔

خصوصیات کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب غلام مصطفیٰ خان مندوزی۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت ۱۰ صفر سنہ ۱۲۷۰ھ ۱۸۵۳ء

مندرجات ۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات اور دو رباعیاں ہیں۔ آخری دو صفحوں پر تاریخی قطعات، ناصر الدولہ کی وفات اور افضل الدولہ کے مسند نشین ہونے سے متعلق ہیں۔

ابتداء ۔ اے ذات تری مطلع دیوانِ وحید

ہر بود و نبود کو تجھ ہی سے ہے نمود

انتہاء ۔ یارب ترا اقبال عدو سوز رہے

شب عید برات روز نوروز رہے

دولت تری اک شمع ہے اے آصفجاہ

روشن یہ شمعِ عالم افروز رہے

ترقیمہ ۔ بفضلہ تعالیٰ شانہ کتاب ہذا یعنی دیوان اول حضرت استاد اکمل سخنداں بے بدل حضرت میر احمد علی صاحب الموسوی متخلص بہ شہید ساکن شاہجہاں آباد عرف دہلی بہ مقام بلدہ فرخندہ بنیاد حیدرآباد از خط شاگرد حضرت محمد مسمی بہ غلام مصطفیٰ خاں مندوترنی بتاریخ بستم شہر سفر المظفر ۱۲۷۰ھ

کتابیاتی حوالے ۔ کلیات شہید کا ایک نسخہ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو (مخطوطہ نمبر ۲۱۷) میں موجود ہے۔

نوٹ ۔ میر احمد علی شہید دہلوی آصفجاہ ثالث سکندر جاہ ۱۲۱۸ھ م ۱۸۰۳ء تا ۱۲۴۴ھ م ۱۸۲۹ء کے دور میں دہلی سے حیدرآباد آئے۔ آصفجاہ رابع ناصر الدولہ (۱۲۴۴ھ م ۱۸۲۹ء تا ۱۲۷۳ھ م ۱۸۵۶ء) نے ان کو "امیر الشعراء" کے خطاب سے سرفراز کیا۔ اس دیوان کے آغاز میں ایک رباعی کے بعد دیباچہ میں شہید نے اپنے مختصر حالات لکھے ہیں اس میں ناصر الدولہ کے دربار میں پیش ہونے کا حال اس طرح لکھا گیا ہے۔

"جب نواب ناصر الدولہ بہادر ابن سکندر جاہ نے ۱۲۴۴ھ م ۱۸۲۸ء میں جلوس فرمایا تو ریاست پہ بیٹھے تمام منصبداراں کو بلایا اور مخاطب کیا اور مصاحب بنایا، فقیر بھی حسب الطلب دربار میں آیا اور اضافہ خلعت و ترتیب و صحبت سے فائدہ اٹھایا"۔

میر احمد علی خاں شہید کے والد کا نام سید جعفر علی خاں بہادر تھا۔ شہید کو شاہ نصیر دہلوی سے تلمذ تھا۔ علوم عربیہ و شاعری کے علاوہ رمل و عملیات میں بھی مہارت کاملہ رکھتے تھے۔ تقریباً نود برس کے سن میں شہید کا ۱۲۹۲ھ م ۱۸۷۵ء میں انتقال ہوا۔

دیوان صفا

مصنف۔ ذوالفقار علی خان میر صفاؔ

وفات سنہ ۱۲۶۰ھ م ۱۸۴۴ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۳ ؎

داخلہ نمبر ۔ ۵۹۹۵ طلب نمبر ۔ ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۶۹] تقطیع [۲۱ × ۱۴ سمر] مسطر [۱۵] ناقص الآخر۔ کرم خوردہ آب رسیدہ، کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ تاریخ و سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور مثنوی موسوم بہ چھو منتر (در عاشق شدن طالب بر صراف) شامل ہے۔

ابتداء ۔
ہو جو ہالہ چشم کا یا ایڑیوں کی آن کا
اپنے آنکھوں پر رکھے مطلع مرے دیوان کا

اختتام ۔
درد مندوں کے لئے درماں ہے یہ
دل کی بیماری کو حرز جاں ہے یہ

ترقیمہ ۔ ندارد

کتابیاتی حوالے۔ ○ کلیات صفاؔ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ ○ مناظرہ صفاؔ و فیاضؔ کتب خانہ سالار جنگ
○ مثنوی حملہ حیدری، جلد اول، جامعہ عثمانیہ ○ جلد دوم، ادارہ ادبیات اردو،
○ شہادت نامہ کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔

نوٹ ۔ میر ذوالفقار علی خاں صفا لکھنو کے شریف زادے تھے۔ میر تقی میر سے تلمذ کا شرف رکھتے تھے۔ وطن چھوڑ کر بنگال گئے اور پھر وہاں سے مدراس گئے۔ مدراس سے حیدرآباد آگئے۔ مہاراجہ چندولال نے پانچسو روپیہ ماہوار جاری کر دیئے تھے۔ اردو و فارسی دونوں زبانوں میں طبع آزمائی کرتے تھے۔ حیدرآباد میں انتقال ہوا۔ دائرہ میر مومن میں دفن ہیں۔ گلزار آصفی میں صفا کا تفصیلی ذکر ہے۔

صفا نے فارسی مثنوی "حملہ حیدری" کا ترجمہ کیا تھا۔ اس کی دو جلدیں ہیں۔ پہلی جلد جسے صفا نے مکمل کیا تھا وہ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں موجود ہے۔ حملہ حیدری کا دوسرا حصہ ادارہ ادبیات اردو کا مخزونہ ہے۔ ڈاکٹر زور نے تذکرہ مخطوطات اردو میں اس مثنوی کے بارے میں لکھا ہے کہ صفا کی وفات کے بعد ان کے بھائی میر اکبر علی خاں نے محمد مرزا سے خواہش کی کہ وہ اسے مکمل کر دیں۔ صفا نے ایک شہادت نامہ بھی قلمبند کیا تھا جو کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔

دیوان عاجز

مصنف ۔ عارف الدین خاں ۔ عاجز

سنہ ۱۱۷۸ھم سنہ ۱۷۶۴ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۹۸

داخلہ نمبر ۔ ۱.۵۶۵ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۲۵]۔ تقطیع [۲۲،۵ x ۱۴،۵ سمر] مسطر [۱۴] نامکمل۔

کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - ردیف وار غزلیات ہیں۔

ابتداء - الٰہی ہم کو اپنے عشق کا دار البقا بتلا
جو کوئی دنیا کا طالب ہے اسے دار الفنا بتلا

اختتام - بزم حبیب کے طرف ہم تو نہ دیکھیں عاجزؔ
گر دیجے ساقیٔ خوش چشم وہ مئے خاص الخاص

کتابیاتی حوالے - دیوان اور مثنوی کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو - جامعہ عثمانیہ حیدرآباد اور سالار جنگ میں موجود ہے۔ دیوان کا ایک نسخہ کتب خانہ پیرس میں بھی موجود ہے۔ مثنوی لال و گوہر کتب خانہ ٹیپو سلطان میں موجود ہے۔ اور کتب خانہ ہذا میں چار نسخے (۱۱م ۱۵، ۵۹۸۸ جلیلیہ ۳۴۵ مثنوی) ۸۵۶ دیوان کے ساتھ مجلد ہیں۔

نوٹ - عاجزؔ کے اجداد بلخ کے باشندے تھے۔ شہنشاہ عالمگیر کے عہد حکومت میں ان کے والد ہندوستان آئے نواب فیروز جنگ کی عنایت سے شاہی منصب حاصل ہوا۔ عاجزؔ ابھی کم عمر ہی تھے کہ والد کا انتقال ہو گیا۔ نواب لشکر خاں رکن الدولہ نصیر جنگ نے ان کو اپنی سرپرستی میں لے لیا۔ اورنگ آباد آکر نواب آصفجاہ اول کی سرکار میں منصب و خطاب سے سرفراز ہوئے۔ فارسی اور اردو میں طبع آزمائی کرتے کرتے تاریخ کہنے کا بھی سلیقہ آگیا کسی کام سے ناندیڑ گئے تھے وہیں انتقال ہوا اور وہیں دفن کئے گئے" عارف الدین خاں عاجزؔ" سے تاریخ وفات ۱۱۶۸ھ نکلتی ہے تصنیفات میں ایک دیوان فارسی کا اور ایک اردو کا دیوان ہے ایک مثنوی لال و گوہر لکھی ہے۔ "چمنستان شعراء" اور "گل رعنا" میں تفصیل سے حالات درج ہیں۔

دیوان عاصی

مصنف۔ عبدالعلیم۔ عاصی

مخطوطہ نمبر۔ ۹۰م۲

داخلہ نمبر۔ ۲۷۵۷۶ طلب نمبر۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۷) تقطیع [۲۲x۱۲ سم] مسطر [۱۳] مکمل۔ نا کاغذ دیسی، خط شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف، ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ دیوان غیر مردّف ہے۔ کچھ غزلیں کسی صاحب نے نقل کی ہیں۔

ابتداء ۔ دو دن کے ہیں مہمان ستاتے کیوں ہو

آپ روتے ہوئے آئے ہیں رُلاتے کیوں ہو

اختتام ۔ بے ہوش تجھ کو اگر تھی گنج مخفی کی تلاش

کیا نہیں تھی قبل اس کے دل کے ویرانے کی خاک

نوٹ ۔ عبدالعلیم عاصی خانقاہِ رشیدیہ جونپور کے سجادہ تھے۔

دیوان عاشق (نسخہ اول)

مصنف۔ عظیم الدین خاں۔ عاشق

مخطوطہ نمبر۔ ۶۲۲م

داخلہ نمبر ۔ ندارد طلب نمبر۔ ــــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔ (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۸) تقطیع [۵،۲۲×۵،۱۴ سمر] مسطر [۱۶] ناقص الطرفین۔
کاغذ دیسی؛ خط شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ــ مقام ــ سنہ تصنیف۔ ــ سنہ کتابت۔ ــ

مندرجات ۔ دیوان غیر مردّف ہے، حاشیہ پر بھی کلام ہے۔

ابتداء ــ مرے دل میں اُس یار کا درد ہے
جو کوئی کارگاہ میں جوانمرد ہے

اختتام ۔ خاک میں حق نے کیا پیدا نباتات ایکدم
اور نباتات ہیں حیوانات انسان سارا ہے

کتابیاتی حوالے۔ انتخاب دیوان عاشق کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں موجود ہے۔

دیوان عاشق (نسخہ دوم)

مصنف۔ عظیم الدین خاں۔ عاشق

مخطوطہ نمبر۔ ۲۱۴۳ھ

داخلہ نمبر ۔ ۲۹۸۴۳ طلب نمبر۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۱۸) تقطیع [۲۲×۱۵ سمر] مسطر (۱۳) مکمل، کرم خوردہ
کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب ۔۔۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ ۱۲۱۸ھ م سنہ ۱۸۰۳ء ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات ہیں جنکی تعداد ۳۶۶ ہے ۔

ابتداء ۔ کر سکے وصف اس خدائے پاک کا

ہے کہاں مقدور مشت خاک کا

اختتام ۔ خلق دعالم میں ترے فیض سخن سے کیا عجب

نام قائم حشر تک خاں عظیم الدین رہے

ترقیمہ ۔ ندارد سنہ ۱۲۱۸ھ

دیوان عزلت

مصنف ۔ عبدالولی ۔ عزلت

سنہ ۱۱۸۹ھ م سنہ ۱۷۷۵ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۶۵۹م

داخلہ نمبر ۔ ندارد طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲،۶] تقطیع [۲۲x۱۳ سم] مسطر [۱۳] مکمل، کرم خوردہ کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق؛ مہر ۱، ناقابل مطالعہ

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۱۹۲ھ م سنہ ۱۷۷۸ء ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات، قصیدے، رباعیات، اور مخمس ہیں؛ اس کے علاوہ ہندی کبت وغیرہ بھی شامل ہیں۔

ابتداء ۔ جو کوئی چاہے کہے خلاق اکبر کی ثنا
من رانی کی صفت سے کی پیمبر کی ثنا

اختتام ۔ ناقابل مطالعہ

کتابیاتی حوالے۔ دیوان کے دو نسخے انجمن ترقی اردو پاکستان میں موجود ہیں۔

مطبوعات دیوان اردو عبدالرزاق قریشی نے ۱۹۲۲ء میں مرتب کیا تھا جو اردو ریسرچ انسٹیٹوٹ بمبئی سے شائع ہو چکا ہے۔

نوٹ ۔ میر عبدالولی عزلت سید سعد اللہ کے بیٹے تھے اور شاہ پیر محمد سلونی کے نواسے تھے۔ سفر حج سے واپس ہونے کے بعد سورت میں بود و باش اختیار کرلی تھی۔ والد سے منقولات اور معقولات کی تعلیم پائی اور مدتوں درس دیتے رہے۔ پہلے فارسی میں شعر کہنے کا شوق ہوا۔ اس کے بعد ریختہ پر طبیعت مائل ہوئی اور اس میں ایسی ترقی کی کہ استاد سمجھے جانے لگے۔

بھاشا میں بھی فکر کرتے تھے۔ دوہے، کبت، جھولنے، سوال وجواب، بارہ ماسے مکرنیاں اور پہلیاں سبھی اصناف میں طبع آزمائی کی ہے۔ موسیقی اور مصوری میں مہارت حاصل تھی۔ سنہ ۱۱۶۴ھ م ۱۷۵۱ء میں دلی آئے۔ سراج الدین علی خاں آرزو کا زمانہ تھا ان سے ملے اور عرصہ تک دلی میں رہے۔ میر تقی میر سے زیادہ مراسم تھے۔ میر نے "نکات الشعراء" میں شعرائے دکن کا کلام انہی کے بیاض سے نقل کیا ہے۔ اوراق کا ذکر خوبی سے کیا ہے۔ ۶ رجب سنہ ۱۱۸۹ھ م ۱۷۷۵ء میں وفات پائی، دائرہ میر مومن حیدرآباد میں دفن ہیں۔

تصنیفات میں دیوان اردو، راگ مالا، بارہ ماسہ، ساقی نامہ، دیوان فارسی، تعلیقات برحواشی مرزا، شطرنج کبیر جدید اور ایک بیاض کا پتہ چلتا ہے۔

مزید تفصیلات کیلئے دیکھیے "سخنوران گجرات" مرتبہ سید ظہیر الدین قدوائی اور تذکرہ شعرائے اردو گل رعنا۔

دیوان عصر

مصنف۔ احمد علی میر۔ عصر

ولادت ۱۲۳۵ھ ۱۸۲۰ء وفات ۱۳۲۰ھ ۱۹۰۵ء کے بعد

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۹۸

داخلہ نمبر ۔ ۵۴۵۲ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری، دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۳۴۷] تقطیع [۲۹٫۵ × ۱۹ سم] مسطر [۱۵] مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔ مہر (۱) میر احمد علی عصر ۱۲۸۳ھ

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۲۸۳ھم ۱۸۶۶ء سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات، قطعات، مخمس، مثلث، اور تواریخ شامل ہیں۔ کچھ فارسی کلام بھی ہے ۔

ابتداء ۔ اے عصر سلسلہ ہے یہی مجھ فقیر کا
جاروب کش ہوں روضۂ پیران پیر کا۔

اختتام ۔ کوئی کیا اپنا حضوری ہیں نشاں بتلائے
کچھ نہ کچھ کان ہیں پھونکا ہے سوا خواہوں نے

کتابیاتی حوالے ۵ "دیوان عصر" کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو دو نسخے ۵ مجموعہ نعت عصر کتب خانہ سالار جنگ میں موجود ہے۔

نوٹ ۔ عصر کے خاندانی حالات تذکرۂ عطائے تمکین میں درج ہیں۔ مصنف نے لکھا ہے کہ ان کے دادا کا نام بندہ علی تھا۔ وہ سادات گھرانے سے تعلق رکھتے تھے ان کا سلسلہ نسب سید جلال بخاری ؒ سے ملتا ہے اور فتح جنگ ان کے جدِ مادری تھے۔ آصف جاہ سادس نے انہیں جاگیر اور خطابات سے سرفراز فرمایا تھا اور تاحیات باون ۵۲ روپے منصب عطا کیا تھا۔

عصر کو شاعری کا ذوق بچپن ہی سے تھا۔ فیض (میر شمس الدین) سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ راہ طریقت و معرفت میں بھی انہوں نے حضرت فیض ہی کو اپنا رہنما بنایا تھا۔ اپنے استاد سے انہیں بے پناہ عقیدت تھی ان کی شان میں انہوں نے متعدد اشعار لکھے ہیں۔ عصر کے انتقال سے قبل ان کے شاگرد والا شرف ان کی رباعیات شائع کروانا چاہتے تھے۔ لیکن بعض وجوہات کی بناء پر رباعیات شائع نہ ہو سکیں۔ شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ کے ریڈر سید محمد صاحب مرحوم ان ہی کے خاندان سے تھے۔

مزید تفصیل کے لئے دیکھیے

ڈاکٹر لئیق صلاح ۔ میر شمس الدین فیض ۔ حیات اور ادبی کارنامے۔

دیوان عقیل (مسودہ)

مصنف ۔ عقیل آغائی ابوالعلائی ۔ عقیل

مخطوطہ نمبر ۔ ۵۲۷

داخلہ نمبر ۔ ۶۹۵ب ۔ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۶۴) تقطیع (۲۲×۱۶ سمر) مسطر (۱۷) مکمل ۔
کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ دیوان کا بیشتر حصہ قلمزد کردیا گیا ہے ۔ جس کی بناء پر ناقابل مطالعہ ہے ۔

ابتداء ۔ ناقابل مطالعہ

اختتام ۔ ناقابل مطالعہ

ترقیمہ ۔ ندارد

نوٹ ۔ دیوان کے ابتدائی دو صفحوں پر حالات مصنف اور نمونہ کے کچھ اشعار نقل ہیں ۔

" مسودہ دیوان عقیل آغائی ابو العلائی عقیل خواجہ فیض الدین خاں مہر شاگرد رشید فصیح الملک داغ دہلوی کے برادر اور حضرت شاہ محمد داؤد صحو کے مرید تھے ۔ ان کی عمر تقریباً ستر سال کی تھی ۔ حکمت کیا کرتے اور دیوڑھی نور الحسین واقع معظم پورہ میں رہتے تھے صوفی منش درویش صفت تھے ۔ شاعری میں حضرت عاقل سے مشورہ کرتے تھے ۔ تمام اصناف شاعری پر قادر تھے ۔ اکثر محفل شعر میں حضرت امیر و داغ ۔ مظہر و حبیب و یاس وغیرہ سے داد سخن لیتے اور اپنے رنگ کے خاص حیدرآبادی شاعر تھے ۔ انکی شاعری کی خصوصیت یہ ہے کہ اکثر دکنی محاورات کا برجستہ استعمال کرتے اور اہل زبان کے مقابلہ میں دکنی محاورات کی داد لیتے ۔ ان کی طبیعت میں جدت اور کلام میں سلاست پائی جاتی ہے ۔ "

دیوان عشق (موسومہ خنجر عشق)

مصنف ۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی ۔ عشق

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۲۱

داخلہ نمبر ۔ ۳۷ ۔ ۲۷ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۷۶] تقطیع [۲۸ × ۱۸ سمر]. مسطر [۱۹] مکمل.
کاغذ دیسی. خط نستعلیق، جدول سرخ.

کتابت - کاتب. - مقام. - سنہ تصنیف ۱۳۲۳ھ م ۱۹۰۵ء. سنہ کتابت. -

مندرجات - دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں.

ابتداء - وردِ زباں وظیفہ ہے صبح و شام تیرا
جیتا ہوں یا الٰہی لے لے کے نام تیرا

اختتام - اُمید کس کو ہے اس بت کے عشق میں اے عشق
سلامت اپنا ہم ایمان لے کے جائیں گے

دیوان عشق (موسومہ تفسیر حسن و عشق)

مصنف - حبیب اللہ شاہ بیابانی. عشق

مخطوطہ نمبر - ۱۸۲۰.

داخلہ نمبر - ۲۷۳۶ طلب نمبر. —

مضمون - شاعری - جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۴۰] تقطیع [۲۹ × ۲۰ سمر] مکمل
کاغذ دیسی - خط نستعلیق

کتابت - کاتب. - مقام. - سنہ تصنیف ۱۳۲۴ھ م ۱۹۰۶ء. تاریخ و سنہ کتابت -

مندرجات ردیف وار غزلیات اور قصائد ہیں جو انگریز عہدیداروں کی شان میں لکھے گئے ہیں. مثلاً قصیدہ خیر مقدم "لارڈ ولنگڈن" کا. ۱۸ دسمبر ۱۹۱۹ء.

ابتداء ۔ سر دیوان رقم کیوں کرتے ہو مضمون وحدت کا
کہ ہاتھ آیا ہے خامہ مجھکو انگشت شہادت کا

اختتام ۔ ہوتی ہے حرام تین دن میں تو حلال
یہ ہے تینس ۳۰ دن کا پیاسا ساقی

ترقیمہ ۔ ندارد

دیوان عشق (موسومہ پری خانۂ عشق)

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی۔ عشق

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۲۳

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۔۳۹ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات اوراق (۹۵ م) تقطیع (۳۰×۱۹ سمر) مسطر (۱۹) مکمل۔
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ـــ مقام۔ ـــ سنہ تصنیف سنہ ۱۳۳۸ھ م سنہ ۱۹۱۹ء سنہ کتابت۔ ـــ

مندرجات ۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں اور استاد کی اصلاحیں ہیں۔

ابتداء ۔ ورد زباں وظیفہ ہے صبح و شام تیرا، جیتا ہوں یاالٰہی لے لے کے نام تیرا۔

اختتام ۔ دل وہ کس کام کا ہے کینے سے گر پاک نہیں
آئینہ ہیچ ہے اے عشق جلا سے پہلے

دیوان عشق

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی عشقؔ

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۲۴

داخلہ نمبر۔ ۲۷۰۴ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۴۴) تقطیع (۳۰x۲۰ سمر) مسطر (۱۹) مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔ دستخط ضیاؔ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۳۳۸ھ سنہ ۱۹۱۹ء۔ سنہ کتابت

مندرجات ۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات مع اصلاح استاد ضیاؔء ہیں۔

ابتداء ۔ کوئی شکرِ خدا میں دیکھے انداز رقم میرا
جھکا ہے صفحہ کاغذ پر سجدہ کو قلم میرا

اختتام ۔ دل وہ کس کام کا ہے کینہ سے اگر پاک نہیں
آئینہ ہیچ ہے اے عشق جلاء سے پہلے

ترقیمہ ۔ ندارد

نوٹ ۔ عشقؔ کے استاد ضیاؔ کا ایک خط بنام شاگرد ملاحظہ ہو۔

"برسوں کی اصلاح کے بعد آپکی طبعیت کا یہ رنگ ہے۔ جو کچھ بتایا گیا ہے۔ اس کا نتیجہ کچھ نہیں جن باتوں

کو روکا وہ موجود ہیں طبیعت بڑھنے کے بدلے پست ہو رہی ہے ایسے الجھادے ہیں کہ سلجھانا مشکل ہوتا ہے دل اوچٹ جاتا ہے۔ اٹھا کر جز کو رکھ دیتا ہوں اسی وجہ سے اصلاح میں دیر ہوئی۔

ضیا

۱۱؍اگست ۱۹۲۲ء

اس نسخہ میں اور بھی خطوط استاد و شاگرد کے ہیں۔

(۱) حافظ مرزا محمد منیر الدین ضیاء گورگانی۔ ساکن نیلور وظیفہ یاب سرکار نظام

دیوان عشق

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی عشق

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۲۵

داخلہ نمبر۔ ام۔۲۷ طلب نمبر۔ —

مضمون۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و اوراق [۱-۱۴] تقطیع [۲۹ × ۲۰ سمر] مسطر [۱۹] مکمل۔

خصوصیات کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔ دستخط ضیا۔

کتابت۔ کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف ۱۹۲۱ء۔ سنہ کتابت۔ —

مندرجات۔ اس دیوان میں صرف "یا" کی ردیف ہے ایک خط بنام استاد ضیاء دہلوی ہے جس پر تاریخ ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۲ء درج ہے۔ دیوان معہ اصلاح استاد ہے۔

ابتداء۔ لذت وہ ہر کام و زباں ہیں تیرے بوسے
یہ مائدہ حسن کے گویا ہیں سینوسے

اختتام ۔ حق میں بیمار ناتواں کے عشق
ہر گھڑی وقت واپسی نکلی

دیوان عشق (فہرست دواوین)

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی۔ عشق

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۳۰

داخلہ نمبر۔ ۲۷۰۴۶ طلب نمبر

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات اوراق (۱۸) تقطیع (۲۵×۵ اسمر) سطر (۱۸) مکمل۔ درمیانی اوراق معراء کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۳۴۴ھ م ۱۹۲۵ء سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ اس میں پری خانۂ عشق سنہ ۱۳۳۶ھ، جواہر خانۂ عشق سنہ ۱۳۴۱ھ، تغیر حسن و عشق سنہ ۱۳۴۴ھ کل ۳۹۳ اشعار ہیں اور متفرقات بھی شامل ہیں۔

ابتداء ۔ ادب آموز ہستی ہے یہ انداز رقم میرا ؛ لکھے حمد خدا تو سر بہ سجدہ ہو قلم میرا

اختتام ۔ آج کیا ہی خوشی کا ساماں ہے ؛ صبح کی طرح خلق خنداں ہے۔

دیوان عشق

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی، عشق

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۲۹

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۰۴۵ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۶۹] تقطیع [۲۵x۱۶ سم] مسطر [۱۹] مکمل کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات اور مرثیے شامل ہیں ۔

ابتداء ۔ دشمن، اہل کمال کا ہے فلک
کیوں جہاں میں ہنر ہوا پیدا

اختتام ۔ اک عمر سے پابند تفکر ہے خدارا
اے عقدہ کشا عشق کی ہو عقدہ کشائی

دیوان عشق (ہر سہ دیوان)

مصنف ۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی، عشق

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۳۱

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۰۴۷ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۰۷] تقطیع [۲۴x۱۶ سم] مسطر [۱۴] مکمل ۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔

کتابت کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں پری خانۂ عشق، جواہر خانۂ عشق اور تفسیر حسن و عشق کے علاوہ ردیف "الف" کی غزلیں ہیں۔

ابتداء ۔ ادب آموز ہستی ہے یہ انداز رقم میرا
لکھے حمد خدا تو سر بسجدہ ہو قلم میرا

اختتام ۔ یا حضرت قادر ولی گنج سوائے
ہر عقدۂ دشوار میرا سہل کشا

دیوان عشق

مصنف ۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی۔ عشق

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۸۲۷

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۰۴۳ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و اوراق [۲۲۴] تقطیع [۲۹×۱۹ سم] مسطر [۱۹] مکمل۔
خصوصیات کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعی اور قصیدہ وغیرہ شامل ہے۔

ابتداء ۔ کیوں کر پڑھوں نہ کلمہ خدا و رسول کا ؛ ہے یہ اصول دولت دیں کے حصول کا

اختتام ۔ دوستاں را کجا کنی محروم
تو کہ با دشمناں نظر داری

دیوان عشق

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی۔ عشقؔ

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۲۸

داخلہ نمبر۔ ۴۴۔۲۷ طلب نمبر۔ ــــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۳۷) تقطیع (۲۹×۱۹ سمر) مسطر (۱۹) مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ــ مقام۔ ــ سنہ تصنیف ــ سنہ کتابت ــ

مندرجات ۔ اس مخطوطہ میں انتخاب کلام معہ اصلاحِ استاد ہے۔

ابتداء ۔ وردِ زباں وظیفہ ہے صبح و شام تیرا
جیتا ہوں یا الہٰی لے لے کے نام تیرا

اختتام ۔ انہیں کے واسطے ہے لطفِ سیرِ خلدائے عشقؔ
جو ساتھ یار کے ارماں لے کے جائیں گے۔

دیوان عشق (موسومہ جواہر خانہ عشق)

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی عشقؔ

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۲۶

داخلہ نمبر۔ ۴۲۔۲۷ طلب نمبر۔ ــــ

مضمون - شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۳۸۷] تقطیع [۲۱ × ۱۶ سمر] مسطر [۱۳]۔ مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - دیوان میں ردیف وار غزلیات اور متفرق اشعار میں دیوان معہ اصلاح استاد ہے۔

ابتداء - غیر سے مول لوں برائی کیوں
اس سے ہوگا نہ کچھ بھلا میرا

اختتام - قائم رہے انجمن کی بنیاد جب تک چلے کاروبار دنیا
سرسبز یہ نخل انجم ہو، بر لائے مراد کا۔۔۔؟۔۔۔

دیوانِ عشق (موسومہ پری خانۂ عشق)

مصنف۔ حبیب اللہ شاہ بیابانی۔ عشق

مخطوطہ نمبر - ۱۸۲۲

داخلہ نمبر - ۲۷۰۳۸ طلب نمبر۔ -

مضمون - شاعری، دیوان -

کیفیت و خصوصیات اوراق [۲۰۶] تقطیع [۲۵ × ۱۶ سمر] مسطر [۱۹] مکمل۔ کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - دیوان میں ردیف وار غزلیات اور رباعیات میں کچھ تاریخیں (مثلاً طبع استاد

داغ دہلوی سنہ ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء، تاریخ رحلت استاد سنہ ۱۳۱۳ھ/۱۸۹۵ء وغیرہ)، قصیدہ ایڈورڈ ہفتم سنہ ۱۹۰۲ء، قومی نظم اور قطعات بھی شامل ہیں۔

ابتداء ۔ ادب آموز ہستی ہے یہ اندازِ رقم میرا
لکھے حمد خدا تو سر بسجدہ ہے قلم میرا

اختتام ۔ چاہیئے اس کا فضل کیا غم ہے
ایسے دشمن ہوں گر پچاس ہزار

ترقیمہ ۔ دیوان کے پہلے صفحہ پر مندرجہ ذیل عبارت ہے۔
مصنفہ حاجی محمد حبیب اللہ عشقؔ تلمیذ فصیح الملک داغ دہلوی مولوی حافظ مرزا محمد منیر الدین صاحب ضیاؔ گورگانی ساکن نیلور ضلع وظیفہ یاب سرکار نظام۔

دیوان عیدروس عرب خاں
(موسوم بہ غزلیاتِ دکنی)

مصنف ۔ عیدروس عرب خاں

مخطوطہ نمبر ۔ ۴۰۷۷
داخلہ نمبر ۔ ۴۵۰۴۸ طلب نمبر ۔ ـــ
مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)
کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۷] تقطیع [۱۴X۱۰۔۱۶] مسطر [۸] مکمل۔
کاغذ دیسی، خط نسخ۔

کتابت ۔ کاتب۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ چند غزلیں۔

ابتداء ۔ ہے حمد خدا کا کسکو یارا
منڈان کیا جو پل میں سارا

اختتام ۔ پوچھ لے عیدروس خاں اپنے تو محبوب سے
عشق شجر ہے اگر کان دو ثمر ہے کہو

ترقیمہ ۔ تمت تمام

دیوان غالب (مطبوعہ) اول

مصنف۔ اسد اللہ خاں مرزا ۔ غالب

ولادت سنہ ۱۲۱۲ھ / ۱۷۹۶ء وفات سنہ ۱۲۸۵ھ / ۱۸۶۹ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۹۹۸

داخلہ نمبر ۔ ۱۷۱۹۹ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۴۴] تقطیع [۲۲x۱۶ سم] مسطر [۲۳] مکمل
کاغذ بدیسی، خط نستعلیق۔ جدول سیاہ۔ مہر ایک نجم الدولہ دبیر الملک اسد اللہ خاں
نظام جنگ بہادر ۱۲۶۷ھ

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

در مطبوعہ احمدی باہتمام امون جاں

مندرجات ۔ اس دیوان میں انتخاب دیوان ریختہ، ردیف دار غزلیات، قطعات، رباعیات اور دیباچہ و ترقیمہ فارسی شامل ہے۔ یہ دیوان بقلم غالب تصحیح شدہ ہے۔ آخری صفحے پر غالب کی تحریر اور ایک مہر ہے۔

ابتداء ۔ نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا

اختتام گن کر دیویں گے ہم دعائیں سو بار
فیروزہ کی تسبیح کے ہیں یہ دانے

ترقیمہ ۔ دمیدن سپیدہ سحری از تیرہ شب سواد اوراق بفروغ گستری عبارت تقریظ کہ پیدائی آں اثریست از آثار خرام خامۂ دلربا براد، بدل نزدیک بجان برابر عالی دودمان والا گہر نواب محمد ضیاء الدین خان بہادر سلمہ اللہ تعالی۔

نوٹ ۔ غالب ۱۷۹۶ء میں آگرہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد عبداللہ بیگ خاں الور کے راجہ بختیار سنگھ کی ملازمت میں کسی لڑائی میں ۱۸۰۱ء میں مارے گئے۔ اس وقت مرزا غالب صرف پانچ سال کے تھے۔ ان کے چچا نصراللہ بیگ نے ان کی پرورش کی۔ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شاعری کی۔ ۷۳ برس کی عمر میں انتقال کیا۔ حضرت نظام الدین اولیاء کے مزار کے قریب دفن ہیں۔

دیوانِ غالب مطبوعہ (موسوم بہ مرقع چغتائی) دوم

مصنف ۔ اسد اللہ خاں، مرزا ۔ غالب

ولادت ۱۲۱۲ھ / ۱۷۹۶ء وفات ۱۲۸۵ھ / ۱۸۶۹ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۰۷۹

داخلہ نمبر ۔ ۱۷۷۰۰ طلب نمبر۔ ــ

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۴۵] تقطیع [۲۹×۲۲ سمر] مسطر [۱۹] مکمل۔
کاغذ [دیسی۔ خط نستعلیق (خوشخط)

مرتبہ ۔ ڈاکٹر محمد اقبال۔ سنہ اشاعت ۱۹۲۸ء

ناشر ۔ مصور محمد عبدالرحمٰن چغتائی

مطبع ۔ جہانگیر بک کلب لاہور۔ تصاویر ۳۸، خوبصورت جلد، تعداد کاپیاں ۲۱۔

مندرجات ۔ یہ دیوان مصور عبدالرحمٰن چغتائی کا شاہکار ہے۔ غالب کا مکمل دیوان خوبصورت تصاویر سے آراستہ ہے اور دیوان کا حرف آغاز ڈاکٹر جیمس ایچ کزنس، ڈی لٹ کا ہے۔ اور پیش لفظ ڈاکٹر محمد اقبال نے مرتب کیا ہے۔ تقریظ اور سخن ہائے گفتنی مصور محمد عبدالرحمٰن نے لکھا ہے۔ اس دیوان کو نواب میر عثمان علی خاں آصف جاہ سابع کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا۔

ابتداء ۔ نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا ؛ کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا۔

اختتام ۔ ہے جہاں فکر کشید ہائے نقش روئے یار ؛ ماہتاب ہالہ پیرا گردہ تصویر ہے

دیوان غواصی

مصنف۔ غواصی، (مشہور بہ ملا غواصی)

مخطوطہ نمبر۔ ۱۰۳۷

داخلہ نمبر۔ ۳۱۵۵۲ طلب نمبر۔ ــ

مضمون - شاعری۔ دیوان (جدید نوائیس)

کیفیت و خصوصیات - اوراق (۱۸۱) تقطیع (۲۶×۱۸ سمر) مسطر (۱۲) ناقص الطرفین۔ آب رسیدہ کہیں کہیں ٹیشو کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - اس دیوان میں غزلیات، قصائد اور مثنویاں ہیں۔ بعض دوسرے شعراء کا کلام بھی اس میں شامل ہو گیا ہے۔

ابتداء - نظر سوں پرورده کر یو تازی پھول
ازل کے دیس عنایت کیا ہے تجھے ستار

اختتام - گر تو عارف ہے تو اس دو دیس کی جینے ستی
فکر کر ایسا ج جو نا سیخ چلے نہ کباب

ترقیمہ - ماہ نامہ سب رس جلد (۶) بابت ماہ مارچ ۱۹۴۲ء کا صفحہ اس دیوان کے اوائل میں چسپاں کر دیا گیا ہے۔ اس صفحہ پر غواصی کے حالات اور تصانیف کی تفصیل درج ہے۔

کتابیاتی حوالے - مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال کا ایک مکمل اور ایک ناقص نسخہ برٹش میوزیم میں ہے۔ انڈیا آفس کے نسخہ میں بعض اشعار موجود نہیں ہیں۔ اور کتب خانہ سالار جنگ میں بھی ایک نسخہ ہے۔ طوطی نامہ کے برٹش میوزیم میں دو نسخے ہیں۔ کتب خانہ ہذا میں سیف الملوک و بدیع الجمال کا ایک نسخہ، طوطی نامہ کے دو نسخے، مینا ستونتی کے چار نسخے ہیں اور ایک نسخہ سالار جنگ میں ہے۔

مطبوعات - کلیاتِ غواصی ڈاکٹر محمد بن عمر نے مرتب کر کے ۱۹۵۹ء میں ادارہ ادبیاتِ اردو حیدر آباد دکن سے شائع کیا۔ سیف الملوک و بدیع الجمال اور طوطی نامہ میر سعادت علی رضوی

نے ۱۳۵۷ھ مرتب کر کے شائع کروایا۔ میناستونتی ۱۹۶۵ء میں ڈاکٹر غلام عمر خاں نے مرتب کر کے سلسلہ مطبوعات قدیم اردو شعبہ اردو عثمانیہ یونیورسٹی کی جانب سے شائع کیا۔

نوٹ ۔ سلطان عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں غواصی کو شاہی تقرب حاصل ہوا۔ شاہی سفیر کی حیثیت سے ملک خوشنود کے ساتھ بیجاپور روانہ کیا گیا۔ غواصی کی تین مثنویاں میناستونتی (عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں)، طوطی نامہ اور سیف الملوک و بدیع الجمال (سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں) لکھی گئی ہیں۔ غواصی نے غزل، مرثیے، قصیدے اور رباعیاں بھی لکھی ہیں۔

دیوانِ فدائی

مصنف ۔ ہدایت محی الدین شاہ ۔ فدائی

وفات ۔ سنہ ۱۳۶۲ھ م سنہ ۱۹۴۳ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۰۷

داخلہ نمبر ۔ ۲۸۴۹۳ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۳] تقطیع [۲۲ × ۱۸ سم] مسطر [۱۲] مکمل کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف ۔ — سنہ کتابت ۔ —

مندرجات ۔ حصہ اول فارسی ۴۳ صفحات، حصہ دوم اردو ۲۳ صفحات پر ہے ۔ غزلیات، نعت،

منقبت و مدح صحابہ کرام وغیرہ شامل ہیں۔

ابتداء ۔ مصطفےٰ کیا ہیں ذرا دیکھئے رتبا ان کا
حق کا محبوب ہے ہر جاننے والا ان کا

اختتام ۔ فدائی حسینوں کا جمگھٹ ہے لیکن
جوانی کا تیرے زمانہ نہیں ہے

ترقیمہ ۔ غزلیات مولانا ھدایت محی الدین صاحب تخلص فدائی ناظم دار القضاء حیدرآباد المرقوم ۱۴ر محرم ۱۳۶۱ھ م ۱۹۴۲ء ہجری تاریخ انتقال مولانا شاہ ھدایت محی الدین قادری سابق ناظم دار القضاء ۲ر ربیع الثانی ۱۳۶۲ھ م ۱۹۴۳ء

نوٹ ۔ دیوان کے صفحہ اول پر حسب ذیل عبارت تحریر ہے۔
حضرت مولانا شاہ ہدایت محی الدین صاحب تخلص فدائی ناظم دار القضاء حیدرآباد دکن فرزند و سجادہ درگاہ حضرت قبلہ معروف علی شاہ قدس سرہ۔

دیوانِ فیض نسخۂ اول

مصنف۔ شمس الدین میر۔ فیض

وفات ۱۲۸۳ھ م ۱۸۶۶ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۳۰۷

داخلہ نمبر ۔ ۲۹۳۰۶ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق (۲۳۶) تقطیع (۳۰×۱۹ سمر) مسطر (۱۵) مکمل کرم خوردہ۔

چند اوراق ٹیٹتو کٹے گئے ہیں۔ کاغذ دیسی۔ خط شکستہ۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۲۶۳ھ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات اس دیوان میں ردیف وار غزلیات کے علاوہ رباعیات، مخمس اور قطعات شامل ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ کتابت کے بعد دیوان پر نظرثانی کی گئی ہے۔ تصحیح کے بعد حاشیوں پر کچھ اشعار کا اضافہ ہوا ہے۔

ابتداء ۔ حرم میں دیر میں جب کوئی روبرو آیا
مجھے یقین ہوا بس یہی کہ تو آیا

اختتام ۔ از جہاں سوئے بہشت کرد گار
رفت بے جر ان غلام چار یار

کتابیاتی حوالے بیاض نظم و نثر مخطوطہ نمبر ۔ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو، کاتب فاضل بیگ۔ بیاض اشعار مخطوطہ نمبر ۱۰۹۹، ادارہ ادبیات اردو، انتخاب غزلیات فیض مرتبہ سید ابوالفضل مرحوم مخطوطہ نمبر ۱۵۳، ادارہ ادبیات اردو، چشمہ فیض ۱۱۴ ادارہ ادبیات اردو، انتخاب کلام فیض مخطوطہ نمبر ۱۴۲ کتب خانہ سالار جنگ، بیاض اشعار مخطوطہ نمبر ۱۳۸ سالار جنگ، میں موجود ہیں۔

مطبوعات ۔ میر شمس الدین فیض حیات اور ادبی کارنامے۔ مقالہ نگار ڈاکٹر لئیق صلاح
استاد کل میر شمس الدین فیض، مرتبہ ڈاکٹر زور ۱۹۳۸۔ میر شمس الدین فیض حیات اور شاعری مرتبہ رشید موسوی مقالہ نمبر ۲۷۸۵، ادارہ ادبیات اردو۔
استاد الاساتذہ حضرت فیض علیہ الرحمہ رہبر دکن سالگرہ نمبر ۱۳۵۶ھ مرتبہ ڈاکٹر زور (اخبار)

نوٹ ۔ فیض آصفجاہی حکمران افضل الدولہ کے عہد کے ایک نامور شاعر و ادیب تھے۔ فیض کو

اپنے زمانے میں "جگت گرو" اور "استادِ کل" کہلانے کا شرف حاصل تھا۔ ۱۱۹۰ھ میں فیض کے والد ایلچپور برار سے معہ اہل و عیال منتقل ہو گئے۔ اور یہیں ۱۱۹۵ھ میں فیض پیدا ہوئے۔ "مظہر کل" سے ولادت کی تاریخ نکلتی ہے۔ فیض نے بارہ سال کی عمر میں قرآن حفظ کیا۔ انہیں مختلف علوم سے شغف تھا۔ شاعری کے علاوہ علم ہندسہ، ہیئت، موسیقی ریاضی، عروض، اور جیفر سے بھی اچھی طرح واقف تھے۔ تصنیفات میں دو دواوین، فارسی اور اردو ملتے ہیں۔

(۱) "گلدستہ سخن" "چشمہ فیض" (۱۲۳۸ھ) ادارہ ادبیات اردو میں چشمہ فیض موجود ہے یہ فیض کے دستِ خاص سے تحریر کیا ہوا نسخہ ہے۔

(۲) دیوانِ فیض ۱۲۷۵ھ م ۱۸۵۹ء میں فیض کے ایک شاگرد نصیر الدین نقش نے مرتب کیا تھا۔

(۳) "گلدستہ عرفان" یہ فیض کا پہلا مطبوعہ دیوان ہے جو ۱۳۰۰ھ میں مطبع احمدی سے شائع ہوا تھا۔ خواجہ جمال الدین مطلب نے اسے ترتیب دیا تھا۔ کتب خانہ ہذا میں گلدستہ عرفان کا ایک مطبوعہ نسخہ موجود ہے جو ناقص الطرفین ہے۔ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں مطبوعہ دیوان کی ایک کاپی موجود ہے۔ جو اچھی حالت میں ہے۔

(۴) "مرقع فیض" "گلدستہ عرفان" کے بعد شائع ہوا۔ فیض کے شاگردانِ خاص حکیم مظفر الدین خاں مزاج، کے فرزند منور الدین خاں علاج نے شائع کیا تھا۔

(۵) "رسالہ جدول نصف النہار" اس رسالہ کی ابتداء فیض نے ۱۲۷۸ھ م ۱۸۶۱ء میں کی تھی۔ علم جغرافیہ میں طول بلد کے لحاظ سے جس طرح وقت کا تعین کیا جاتا ہے اسی لحاظ سے اس تصنیف میں مختلف مقامات کے وقت کو پیش کیا گیا ہے۔

۶ شرح میر شمس الدین سنہ ۱۲۳۵ھم سنہ ۱۸۲۰ء کا متن میر شمس الدین فیض نے مرتب کیا تھا۔ یہ نسخہ تلف ہوگیا۔ دوسری مرتبہ سنہ ۱۲۵۶ھم سنہ ۱۸۴۰ء میں مرتب کیا گیا۔

(۷) "شرح الفیض" جس میں انہوں نے زبانِ فارسی کی قراءت پر روشنی ڈالی ہے اور اس کے بعد اصولوں سے بحث کی ہے۔ اس کا سنہ تصنیف ترقیمہ میں سنہ ۱۲۴۹ھ بتایا گیا ہے۔

۸۔ اعمال معما

۹۔ رفع الشك فی الفدك

۱۰۔ قصائد غوثیہ

۱۱ شمس الہندسہ

۱۲ فیض القرآن

۱۳۔ فیض جاری سنہ ۱۲۵۶ھم سنہ ۱۸۴۰ء میں ایک منظوم لغت لکھی تھی۔ یہ ڈکشنری اردو فارسی، عربی، ہندی، اور دکنی الفاظ پر مشتمل ہے۔ اس کا ایک ناقص نسخہ اور دوسرا "رسالہ فیض" کے نام سے کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔ سنہ ۱۲۵۶ھم سنہ ۱۸۴۰ء میں شمس الامراء کے سنگی چھاپے خانہ میں اس لغت کی طباعت ہوئی تھی دوبارہ مطبع نولکشور لکھنو سے شائع ہوئی۔

۱۴۔ خزائن الامثال سنہ ۱۲۷۱ھم ۱۸۵۴ء اور سنہ ۱۲۷۲ھم ۱۸۵۵ء میں محاورے، اور ضرب الامثال وغیرہ کا ایک لغت ترتیب دیا جس کا نام انہوں نے "خزائن الامثال" رکھا۔ یہ لغت دکن میں اپنی نظیر آپ ہے جو کتب خانہ ہذا (لغت نمبر ۱۲۸) میں موجود ہے۔

دیوان فیض (نسخہ ثانی)

(موسوم بہ گلدستہ سخن)

مصنف ۔ شمس الدین، میر فیض ۔

وفات سنہ ۱۲۸۳ھ م ۱۸۶۶ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۴۹۱

داخلہ نمبر ۔ ۲۷۵۷۷ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۴۳) تقطیع (۲۴×۱۵ سمر) مسطر (۱۳) مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔ منقش جدول رنگین ۔

کتابت ۔ کاتب امجد علی ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ تاریخ و سنہ کتابت ۱۹ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۴ھ م ۱۸۸۶ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور آخر میں ایک رباعی ہے ۔

ابتداء ۔ سر دیوان کیا تحریر جس دم نام داور کا
صریر کلک نے نعرہ کیا اللہ اکبر کا

اختتام ۔ فگار کیوں نہ ہو شمشیر غم سے دل اے فیض
خیال ابروئے خمدار کی یاد رہتی ہے

ترقیمہ ۔ دیوان کے پہلے صفحہ پر حسب ذیل عبارت درج ہے ۔

از قلم فیض رقم جناب قبلہ وکعبہ مولوی امجد علی صاحب دام طلبہ
اللسان دیوان گلدستہ سخن ۱۹ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۴ھ

دیوانِ قیس

مصنف۔ محمد صدیق۔ قیس

سنہ ۱۲۳۰ھ م سنہ ۱۸۱۴ء

مخطوطہ نمبر۔ ۱۷۹

داخلہ نمبر۔ ۳۹۱۷ طلب نمبر۔ ـــ

مضمون شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و اوراق [۱۳۶] تقطیع [۲۲ × ۱۴ سمر] مسطر [۱۳] مکمل/ کرم خوردہ

خصوصیات کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب۔ ـــ مقام۔ ـــ سنہ تصنیف۔ ـــ سنہ کتابت۔ ـــ

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعیات، قصیدے اور منتخب دیوان ریختی شامل ہے

ابتداء ۔ آج وہ صحن گلستاں میں ہے عالم نور کا
ہر رگِ گُل میں جھمکڑا ہے چراغِ طور کا

اختتام ۔ صحبت برآر ہو گئے اس سے نہ ایک دم بھی
کیجے نہ میرے آگے ذکر ایسے بے ادب کا

کتابیاتی حوالے۔ دیوانِ قیس کے تین نسخے کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو، ایک بوسیدہ اور کرم خوردہ نسخہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ میں موجود ہے۔ جس کے جملہ انتیس (۲۹) اوراق ہیں۔ دو نسخے کتب خانہ سالار جنگ حیدرآباد میں موجود ہیں۔ فہرست صـ ۳۶۴۔ دیگر نسخے فیلسوف جنگ فہرست نمبر ۵۳۷۲، خیر پور پبلک لائبریری فہرست مخطوطات سندھ صـ ۳۹

مطبوعات ۔ قیس کا منتخب دیوانِ ریختی مرتبہ ڈاکٹر حفیظ قتیل، دیوانِ قیس بھی شائع ہو چکا ہے۔

نوٹ ۔ محمد صدیق قیس، شیر محمد خاں ایمان کے ہمشیر زادہ تھے۔ تلمذ بھی انہیں سے حاصل تھا۔ قیس کے متعلق دکنی تذکرہ نگاروں کا خیال ہے کہ قیس اگر مرثیہ گوئی پر ہی توجہ کرتے تو دکن میں پہلے میر انیس ہوتے۔

دیوانِ کافی

مصنف۔ عباس علی خاں، میر۔ کافی

سنہ ۱۲۳۷ھ

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۱۵۳

داخلہ نمبر ۔ ۳۱۹۱۸ طلب نمبر ۔ ـــ

مضمون شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و اوراق [۸۴] تقطیع (۲۰٫۵ × ۱۳٫۳ سمر) مسطر [۱۱] مکمل

خصوصیات کاغذ۔ دیسی، رنگین۔ خط نستعلیق خوشخط۔ اوراق مختلف رنگ کے ہیں۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار نعتیہ کلام، غزلیات خمسہ، اور خمسۂ غزل اردو و فارسی ہیں۔ ہر ردیف کے بعد اوراق معرا ہیں۔

ابتداء ۔ آنکھوں میں تصور ہے مدینہ کی زمیں کا ؛ بھولا ہے چمن پیش نظر خلد بریں کا

اختتام ۔ کافی وہ کشتۂ دیدار کو زندہ کرتے
لبِ اعجاز اگر آپ ہلاتے جاتے

نوٹ ۔ میر عباس علی خاں کافی مشاہیر امرائے حیدرآباد میں سے تھے۔ فارسی و عربی میں عمدہ لیاقت رکھتے تھے۔ شعرگوئی میں کمال حاصل تھا۔ غفران مکان نے "خان بہادر" کا خطاب عطا کیا تھا۔ مہاراجہ چندو لال نے دوسو روپیہ ماہوار منصب مقرر کیا تھا۔
مزید تفصیل کیلئے دیکھئے۔ تذکرہ محبوب الزمن ص۹۴۶ اور گلزار آصفیہ ص۵۸۷

دیوان کامل (مسودہ)

مصنف۔ عبدالغفار خاں۔ کامل

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۳۲

داخلہ نمبر۔ ۲۷.۵. طلب نمبر۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات اوراق [۱۸۶] تقطیع [۲۳x۱۴ سمر] مسطر [۲۲] مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق خوشخط۔ جدول سرخ۔

کتابت ۔ کاتب۔ بقلم مصنف۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۲۱۴ھ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، مخمس، ترجیع بند، دو منظوم رقعات اور قطعات تاریخ شامل ہیں۔ آخری تاریخ ۱۲۴۱ھ کی ہے۔ دو ورق انتخاب کلام شعراء کے ہیں جس میں شیفتہ، ذوق، مصحفی، آتش اور غالب کے اشعار درج ہیں۔ دیوان میں اکثر اوراق معرّیٰ ہیں

ابتداء ۔ یہ گلستاں ہے ثنائے نبی داور کا
ڈر خزاں کا ہے اسے اور نہ خطر صرصر کا

اختتام ۔ کامل میں نے ہاتف سے سالِ رحلت جب پوچھا
صد حیف اجل نے لوٹ لیا نقدِ حیات آئی یہ صدا
—— ۱۳۳۶ھ ——

دیوان کرم

مصنف ۔ کرم

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۳۲۷
داخلہ نمبر ۔ ۳۲۹۶۲ طلب نمبر
مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان (جدید)
کیفیت و خصوصیات اوراق (۳۷) تقطیع ۵ء۲ × ۵ء۵ اسمر ، مسطر (۱۴) مکمل ، کرم خوردہ کہیں کہیں ٹیشو کیا گیا ہے ۔ کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔
کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔ ۔
مندرجات ۔ ردیف وار غزلیات ۔
ابتداء ۔ وحدت میں اسکے دخل ہے کیا قال و قیل کا ؛ ہوتا ہے زہرہ آب وہاں جبرئیل کا
اختتام ۔ دل اور اشک میں ہوں کیونکر کرم امین ؛ یہ دشمنِ بغل ہے وہ مارِ آستین ہے

دیوان کمال

مصنف ۔ کمال الدین شاہ ۔ کمال

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۲۷۹
داخلہ نمبر ۔ ۲۱۰۹۲ طلب نمبر ۔ ——

مضمون - شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۸۴] تقطیع [۵ء۳۲ × ۲۰ سمر] مسطر [۲۱] مکمل۔
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ سرخ جدول۔

کتابت - کاتب۔ سید منصف علی۔ مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت خورداد ۱۳۱۰ف ۴ اپریل ۱۹۰۱ء

مندرجات - ردیف وار غزلیات، مخمس، رباعیات، مثنویاں اور قصائد شامل ہیں۔

ابتداء -

ہر ذرہ رونما ہے ترے آفتاب کا
آئینہ طشت آب ہے جیوں ماہتاب کا

اختتام -

عاصی کمال الدین اوپر فضل و کرم کی رکھ نظر
عدل و سیاست سے گذر یارب بحق مصطفےٰ

ترقیمہ - کاتب الحروف احقر سید منصف علی بلند شہری عفی اللہ عنہٗ واقعہ ۲ اخورداد ۱۳۱۰ف

کتابیاتی حوالے - مجمع الانتخاب فارسی (تذکرہ) میں مختلف شعراء کے حالات اکٹھا کئے ہیں۔ یہ نسخہ کتب خانہ سالار جنگ (نمبر ۱/۱) میں موجود ہے۔ کتب خانہ ہذا میں ایک بیاض قصائد (نمبر جدید ۱۲۰۶) موجود ہے۔

نوٹ - شاہ کمال، کمال الدین حسین قادر نواز خاں کے بیٹے تھے وہ لکھنو سے قریب ضلع مانک پور کڑہ کے رہنے والے تھے۔ میر کے لکھنو آنے کے بعد شاعری کا شوق ہوا۔ قائم کو اپنا کلام دکھاتے تھے۔ قائم کے لکھنو سے رام پور جانے کے بعد قلندر بخش جرأت سے اصلاح لینی شروع کی۔ شاہ کمال نے اپنے تذکرہ میں میر سے عقیدت کا اظہار کیا ہے۔ آصف الدولہ کے انتقال کے بعد کمال حیدرآباد آئے اور یہیں انتقال کیا۔ ان کی تاریخ ولادت اور وفات کا پتہ نہیں چل سکا۔
ڈاکٹر امین چند شرما نے سب رس اپریل ۷۲ء میں شاہ کمال پر ایک تفصیلی مضمون لکھا ہے۔

دیوان کمال (نسخہ ثانی)

(موسوم بہ مخزن العرفان)

مصنف۔ کمال الدین، شاہ۔ کمال

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۶۲۳

داخلہ نمبر ۔ ۳۳۸۳ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۲۲۰] تقطیع [۲۳×۱۵ سمر] مسطر [۱۷،۱۲] مکمل۔
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۳۱۸ھ م ۱۹۰۱ء ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ یہ نعتیہ دیوان ردیف وار ہے۔ غزلیات کے ختم پر طویل مخمسات اور قصائد ہیں کے بعد گیارہ اوراق پر رباعیات ہیں آخر میں حضرت شاہ میر کی منقبت ہے اور ایک نظم از لائق ثانی تحریر ہے

ابتداء ۔ ہر ذرہ رونما ہے ترے آفتاب کا ؛ آئینہ طشت آب ہے جوں ماہتاب کا

اختتام ۔ شکر خدا کا کمال الدین تو پایا کامل پیر ؛ دین و دنیا والی حضرت سید محمد شاہ میر

ترقیمہ ۔ تمت بالخیر عمت

دیوان لائق (نسخہ اول)

مصنف۔ بدر الدین خان، لائق

وفات سنہ ۱۲۶۲ھ م ۱۸۴۹ء

مخطوطہ نمبر ۴۹۰

داخلہ نمبر - ۱۰۶۶۵ طلب نمبر - ـــ

مضمون - شاعری - دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۷۷] تقطیع [۲۳×۵ء۱۴ سمر] مسطر [۱۵] مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت - کاتب - مقام - سنہ تصنیف ۱۲۷۸ھ م ۱۸۶۱ء سنہ کتابت - ـــ

مندرجات - ردیف وار غزلیں ہیں۔ تخلص سرخی سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء - لباسِ کعبہ پہنا ہے خطِ عنبر نگار اُس کا
ہوا نظروں سے قرۃ العین اب طرقِ خدا اسکا

اختتام تو تصدق ہو یہ دل صاحبِ خیبر اوپر
پڑھ درود حضرتِ شبر و شبیر اوپر

ترقیمہ - تمام شد

دیوان کے پہلے صفحہ پر یہ تحریر ہے۔
بروز چہارم شنبہ بتاریخ دھم شہر شعبان سنہ ۱۲۷۸ ھجری
اسکے بعد کی تحریر قلم زد و ناقابل مطالعہ ہے۔

کتابیاتی حوالے - کتب خانہ مذا میں لائق کی ایک بیاض اہل ماتم (نمبر ۲۸۴۶ جدید) موجود ہے

نوٹ - بدرالدین خاں نام لائق تخلص۔ امیر جنگ امیر الدولہ خطاب تھا۔ خاندانی امیر اور جاگیردار تھے۔ آصفجاہ ثانی و ثالث کے میر سامان کی خدمت پر مامور تھے۔ تزکِ محبوبیہ میں ان کا تذکرہ ملتا ہے۔

دیوان لائق (نسخہ دوم)

مصنف ۔ بدرالدین خاں ۔ لائق

سنہ ۱۲۶۶ھ م سنہ ۱۸۴۹ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۵۶۴

داخلہ نمبر ۔ ۱۰۶۲۲ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۵۰] تقطیع [۲۱ × ۵ء۱۳ سمر] مسطر [۹] مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں پہلے (۹) اوراق پر فارسی کلام ہے ۔ اس کے بعد ردیف وار اردو غزلیات، قصائد، رباعیات مخمس، اور فردیات ہیں ۔ اس کے علاوہ سلام اور مرثیے ہیں ۔ بعض صفحات کے حاشیوں پر بھی کلام ہے ۔ دیوان تصحیح شدہ ہے ۔

ابتداء

لباس کعبہ پہنا ہے خطِ عنبر نگار اس کا
ہوا نظروں سے فرض العین اب طوف عذار اس کا

اختتام ۔ تو تصدق ہو بدل صاحب خیبر اوپر
پڑھ درود حضرت شبیر و شبر اوپر

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد ۔

دیوان لائق (نسخہ سوم)

مصنف - بدرالدین خاں - لائق

وفات سنہ ۱۲۶۶ھ م سنہ ۱۸۴۹ء

مخطوطہ نمبر - ۱۵۶۶

داخلہ نمبر - ۲۳۹۳۳

مضمون - شاعری - دیوان.

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۰۸] تقطیع [۵ء۲۷×۱۸سم] مسطر [۱۵] مکمل
کاغذ دیسی - خط نستعلیق خوشخط. پہلا ورق منقش - جدول سیاہ

کتابت - کاتب. حسین جعفری. مقام. - سنہ تصنیف. - سنہ کتابت. -

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار ۱۹۵ غزلیات ہیں. ہر غزل پر سلسلہ نمبر اور اشعار کی تعداد لکھی گئی ہے.

ابتداء — کیا بتاؤں میں ٹھکانہ ہے کہاں اللہ کا
لامکاں کہتے ہیں جس کو ہے مکاں اللہ کا

اختتام — لائق ہے میرا نام میں لائق ہوں نام کا
رکھتا ہوں کیا میں علم و ہنر کچھ نہ پوچھیے

ترقیمہ پہلے صفحہ پر حسب ذیل عبارت ہے.

کتبہ کمترین احقر الکونین سید خادم حسین جعفری
زیور قلمی آراستہ.

دیوانِ لطف

مصنف۔ لطف علی خاں۔ لطفؔ

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۵۱۶

داخلہ نمبر ۔ ۲۳۶/ب طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات ۔ اوراق [۲۲] تقطیع [۳۲ x ۲۰ سمر] سطر [۲۵] مکمل/کرم خوردہ کہیں کہیں ٹیشو کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب۔ نام مٹا دیا گیا ہے۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت ۱۲۸۱ھ م ۱۸۶۴ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں نعتیہ غزلیات ردیف وار ہیں اور ایک غزل حافظ عبداللہ ملیح آبادی کی لکھی ہے۔

ابتداء ۔ ازل میں جوش بر آیا جو دریا حق کی رحمت کا
سرِ احمد پہ رکھا تاج، عالم کی شفاعت کا

اختتام ۔ مجھے امید قوی ہے یقینِ واثق ہے
عجب نہیں اگر اے لطف بخشدے غفار

ترقیمہ ۔ ہزار شکر جناب کبریا کہ دیوانِ لطف تصنیف مولوی لطف علی خاں ساکن بریلی کہ مشتمل بر نعت جناب رسول مقبول صلعم ...... شانزدہم ماہ ربیع الثانی ۱۲۸۱ھ میں تحریر ہوا اور شائقین شعر و سخن اور عاشقین مداح رسول زمن صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی طبیعت کو لذت صوری و معنوی سے بہرہ مند کیا امید کہ

جو شخص اس دیوان لطافت عنوان سے حظ لذت اٹھائیں گے۔ مصنف اور محرر کو دعاء۔
خیر سے یاد فرمائیں گے اور اجر اس کا جناب
ایزد حق سے پائیں گے آمین
الٰہی بحرمت حبیب بسبب خویش مئے عشق محبوب سے اپنے مجھے سرشار کر کہ موصول
بہ دیدار ہدایت یارش گردان وتصلی علی محمد وآلہ واصحابہ واہل بیتہ اجمعین۔ تمہ

نوٹ ـ لطف علی خاں لطف بریلی کے رہنے والے تھے۔ اچھے نعت گویوں میں شمار ہوتا تھا۔

دیوان محمود

مصنف ـ محمود، سید محمود

مخطوطہ نمبر ـ ۶۱-۱

داخلہ نمبر ـ ۱۷۵۵۰ طلب نمبر ـ

مضمون ـ شاعری ـ دیوان

کیفیت و خصوصیات ـ اوراق [۱۴۱] تقطیع [۲۲٫۵ × ۱۴٫۵ سم] مسطر [۱۰-] مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق

کتابت ـ کاتب ـ مقام ـ سنہ تصنیف ۱۲۸۹ھ م ۱۸۶۷ء سنہ کتابت ـ

مندرجات ـ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، مخمس، قصائد، اور چند مثنویاں بھی شامل ہیں۔

ابتداء ـ لکھوں گر وصف میں اُس تو کمال ابروئے رخشاں کا
ہلال عید ہو دے مد بسم اللہ دیوان کا

اختتام ـ وہ ہیں میر محمود استاد یکتا ؛ کہ دیوان ان کا ہے قطعہ چمن کا
کہی خوب والا نے تاریخ اسکی ؛ یہ ہے نیک گلچین رنگیں سخن کا
۱۲۸۴ھ

دیوان مرحمت

مصنف ـ مرحمت

مخطوطہ نمبر ـ ۲۵۱۳
داخلہ نمبر ـ ۲۷۵۹۹ طلب نمبر ـ
مضمون ـ شاعری ـ دیوان ـ (جدید)
کیفیت و خصوصیات } اوراق [۲۲] تقطیع [۴ x ۵ ۲۴ سمر] مسطر [۱۱] ناقص الطرفین. کرم خوردہ، آب رسیدہ ـ کاغذ دیسی، خط نستعلیق
کتابت ـ کاتب ـ مقام ـ سنہ تصنیف ـ سنہ کتابت ـ
مندرجات ـ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں. شاعر نے بیشتر مقامات پر مرحمت تخلص استعمال کیا ہے کہیں کہیں مرحمت استعمال کیا ہے. مقطع سرخی سے لکھا گیا ہے.
ابتداء ـ الٰہی تو بداں کرم و عنایت ؛ مشرف کردہ ہر انبیا را
اختتام ـ ہر فن کی یہ مکارہ ہے دنیا اے مرحمت ؛ ہر ڈھب سے یہ پھکاتی ہے مت سوئے جانی

دیوان مسیحا

مصنف ـ مسیحا

مخطوطہ نمبر ـ ۱۷۹۷ داخلہ نمبر ۲۶۶۵۸

مضمون - شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۹۴] تقطیع [۲۵ × ۱۷ سمر] مسطر [۱۴] مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - ردیف وار غزلیات۔ فردیات اور چند تضمینیں ناسخ کی غزلیات پر ملتی ہیں۔

ابتداء - اے خدا تو شافیٔ مطلق ہے ہر آزار کا ؎ نام ہے دار الشفا بیشک تری سرکار کا

اختتام - کیا عنایت ہوئی ہے طبع رسا ناسخ کو ؎ کہتے ہیں شاعر اعجاز نما ناسخ کو

گو مسیحا سے بھی رتبہ ہے سوا ناسخ کو ؎ اب تلک یاد نہ جنت میں کیا ناسخ کو

اپنی مدح کو کیا شاہ زمن بھول گئے۔

ترقیمہ - تمت

دیوان مصحفی (نسخہ اول)

مصنف - غلام ہمدانی۔ مصحفی

ولادت سنہ ۱۱۶۴ھ م سنہ ۱۷۵۰ء وفات سنہ ۱۲۴۰ھ م سنہ ۱۸۲۴ء

مخطوطہ نمبر - ۹۵ داخلہ نمبر - ۱۴۰۶ - طلب نمبر۔ -

مضمون - شاعری - دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۸۸] تقطیع [۵ء۲۱ × ۲۲ سمر] مسطر [۱۳] مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ جدول رنگین

کاتب - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، مسدس، مثنویاں اور رباعیات شامل ہیں۔

ابتداء - خورشید کے سایہ میں زلفوں کو چھپا رکھا ؛ چتوں کی دکھا خوبی سرمہ کو لگا رکھا

اختتام - ہے یہ چنگاری اک جو شعلہ نما ؛ شعلۂ شوق نام ہے اس کا

ترقیمہ - تمام شد تمام شد

کتابیاتی حوالے - پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں کلیاتِ مصحفی کا ایک نادر نسخہ ہے۔

مطبوعات - ایک دیوان کا انتخاب جسے حسرت موہانی نے پہلے اردوئے معلی میں اور پھر انتخابِ سخن میں شائع کیا۔ مثنوی "بحر المحبت" جو میر کی "دریائے عشق" کے جواب میں لکھی تھی عبد الماجد دریاآبادی کے مقدمہ کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔ مصحفی کے تینوں تذکرے مولوی عبد الحق کے مقدمات کے ساتھ انجمن ترقی اردو نے طبع کئے ہیں۔

نوٹ - مصحفی سنہ ۱۱۶۴ھ م سنہ ۱۷۵۰ء میں پیدا ہوئے۔ شیخ ولی محمد کے بیٹے اور امروہہ کے رہنے والے تھے نو عمری میں دہلی آئے۔ دلی ہی کو اپنا وطن سمجھتے تھے۔ بارہ برس دلی میں رہ کر لکھنؤ چلے آئے یہاں چند دن رہ کر پھر دلی چلے گئے۔ کچھ دنوں بعد آب و دانہ کی کشش پھر ان کو لکھنؤ کھینچ لائی۔ اس مرتبہ مرزا سلیمان شکوہ کی سرکار میں ملازم ہوگئے چند روز میں ان کی استادی کو خاص و عام نے تسلیم کر لیا۔

تصنیفات میں آٹھ دیوان ریختہ کے ترتیب دیئے۔ ایک تذکرہ فارسی کے شعراء کا ایک تذکرہ اردو کے شعراء کا ہے اور اس کا مسودہ ندوۃ العلماء کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ دواوین میں تقریباً سب ہی اصناف سخن ہیں لیکن سب دیوان ملتے نہیں۔ کئی دیوان نواب کلب علی خاں مرحوم والئی رامپور کے کتب خانہ میں تھے۔ نواب کے حکم سے اسیر و امیر نے ان کی تصحیح کی اور سب کا خلاصہ کر کے ایک دیوان تیار کیا جس کو نواب نے چھپوا دیا ہے۔

دیوان مصحفی (نسخۂ ثانی)

مصنف - غلام ہمدانی - مصحفی

ولادت سنہ ۱۱۶۴ھ م سنہ ۱۷۵۰ء وفات سنہ ۱۲۴۰ھ م سنہ ۱۸۲۴ء

مخطوطہ نمبر ۲۶۳ داخلہ نمبر ۷۵۹ ل طلب نمبر -

مضمون - شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۱۵۵] تقطیع [۲۵×۱۶ سمر] مسطر [۱۲] مکمل، کرم خوردہ ہینیتو کیا گیا ہے
کاغذ دیسی، خط نسخ، شکستہ آمیز۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - تاریخ و سنہ کتابت۔ -

مندرجات - ردیف وار غزلیات، رباعیات اور مخمس شامل ہیں۔

ابتداء - کاش کر پڑتے ہوں جس زمیں پہ نقش پا ؛ کر کے ٹکڑے جسم کے میرے وہاں دیویں بچھا

اختتام - اسیر رنج کہتیں غم سے چھوٹ جائے گا ؛ کنار دوس سے روزہ یہ ٹوٹ جائے گا

دیوان مضطر (نسخہ اول)

مصنف۔ روایات نانک شاہ۔ مضطرؔ

مخطوطہ نمبر - ۶۶۰ م

داخلہ نمبر — طلب نمبر۔ -

مضمون - شاعری دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۱۵۹] تقطیع [۲۴×۱۷ سمر] مسطر [۱۳] نامکمل
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ سرخ جدول۔

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - اس دیوان میں پہلے مدح امام حسینؑ اور مرثیہ ہیں اس کے بعد ردیف وار غزلیات ہیں۔

ابتداء - سلامی سجدے میں شبیر سر جھکائے تھے ؛ کہ جسم سارا تھا مجروح خوں بہائے تھے

اختتام - لیا ہے چھین کے مضطر کا دل ہوا شیدا ؛ ادماہ رو دیری دل نثار آتی ہے

دیوان مضطر (نسخۂ ثانی)

مصنف۔ روایات نانک شاہ۔ مضطر

مخطوطہ نمبر ۔ ۷۰۹م داخلہ نمبر ۔ طلب نمبر ۔

مضمون شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۱۸۲] تقطیع [۲۸×۱۸ سمر] مسطر (۱۵)۔ مکمل کاغذ دیسی، رنگین ۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں چند غزلیات، نعت، سلام، قصیدہ، منقبت امام حسینؑ اور مرثیے روایات نانک شاہ کریم اللہ شاہ سرگروشتو شامل ہے۔

ابتداء ۔ گو حمد اے دل یار ہا ہمن بعد نعت مصطفیٰؐ ؛ آں نور حق بحر علا سردار خیل انبیاء

اختتام ۔ اے بابا گود میں آج بیٹی کے آوگے یا نہیں ؛ اوتر آیا گود میں سرو......

دیوان مقصد

مصنف ۔ مقصد

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۱۵۹ داخلہ نمبر ۔ ۱۸۸۵۹ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۹۵] تقطیع [۳۲×۱۸.۵ سمر] مسطر [۱۵] مکمل اکرم خوردہ ٹھیک کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق۔

کتابت - کاتب. - مقام. - سنہ تصنیف. - سنہ کتابت. -

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعیات اور فارسی کلام شامل ہے.

ابتداء - قائل ہوں اے یار احد حسن رخ بُراق کا؛ تاباں ہے جوں خورشید وہ احمد ترے آفاق کا

اختتام - اے یار ادھر دیکھ کہ دیکھوں میں تجھے؛ دلدار ادھر دیکھ کہ دیکھوں میں تجھے.

شرما کے بہت منہ کو چھپائے بیٹھا؛ یکبار ادھر دیکھ کہ دیکھوں میں تجھے

دیوان مکھن لال

مصنف - مکھن لال، راجہ - مکھنؔ

مخطوطہ نمبر - ۵۰۲. داخلہ نمبر - ۱۰۶۷۸ طلب نمبر. -

مضمون - شاعری. دیوان.

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۱۰۲] تقطیع [۲۵ × ۵ اسمر] مسطر [۱۵] مکمل/کرم خوردہ ٹیشو کیا گیا ہے کاغذ دیسی. خط نستعلیق.

کاتب - کاتب. - مقام. - سنہ تصنیف. - سنہ کتابت. -

مندرجات - اس نسخہ میں دو دیوان ہیں. دیوان اول و دوم میں ترجیع بند، مسدس، مخمس، مدح، قصائد، مرثیے اور رباعیاں شامل ہیں. کچھ فارسی کلام بھی شامل ہے.

ابتداء - اگرچہ غرق دریائی گناہم یا رسول اللہ؛ ز شرم جرم و عصیاں رو سیاہم یا رسول اللہ

اختتام - ما از دل و جاں شدیم قربان نبیؐ؛ قربان نبیؐ و آل ذی شان نبیؐ

ہر کس کہ بود نثار آل پاکش؛ تا حشر شود از عذاب احسان نبیؐ

کتابیاتی حوالے - راجہ مکھن لال کا اردو ترجمہ "رباعیات عمر خیام" (نمبر دیوان ۸۵۰) کتبخانہ ہٰذا میں موجود ہے.

نوٹ ـ راجہ مکھن لال، مہاراجہ چندو لال کی جانب سے حضور میں عرض بیگی تھے۔ اس خدمت کی وجہ سے "راجہ" کے خطاب سے بھی سرفراز ہوئے۔ سنہ ۱۲۶۰ھ م سنہ ۱۸۴۴ء میں رباعیات عمر خیام کا ترجمہ اردو میں کیا تھا۔ دیوان کے صفحہ اول پر متوطن شاہ پور بتایا گیا ہے۔

دیوان منور

مصنف۔ منور مہدوی، سید۔ منورؔ

مخطوطہ نمبر ـ ۱۳۳۹

داخلہ نمبر ـ ۲۱۷۸۱ طلب نمبر۔ ـ

مضمون ـ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات ـ اوراق [۱۴] تقطیع [۳۱×۱۸ سم] مسطر [۱۵] مکمل کاغذ دیسی؛ خط نستعلیق۔

کتابت ـ کاتب۔ مقام۔ ـ سنہ تصنیف۔ ـ سنہ کتابت۔ ـ

مندرجات ـ دیوان اول حاشیہ پر ہے جسکی غزلیات ردیف وار نامکمل ہیں۔ دیوان دوم متن میں ہے اس کی ردیف بھی نامکمل ہے۔

ابتداء ـ مثل غنچہ دانہ یک عقدہ ہوا تقدیر کا ۔ پشت خنجر بن گیا مسہ ناخن تدبیر کا۔

اختتام ـ بھیجیں گے اس کے پاس جو مل جائے نامہ بر
نامہ رکھے ہیں ہم جو منورؔ لکھا کے پاس

ترقیمہ ـ ندارد

نوٹ سید منور مہدوی ہیں انہوں نے اس دیوان کے ص ۲ کی غزل میں عقاید مہدویہ اور مدح مہدی موعود کی ہے

دیوان ممتاز

(موسوم بہ منتخب غزلیات)

مصنف۔ عمدۃ الامراء، نواب غلام حسین خان ممتاز

وفات سنہ ۱۲۱۶ھ م سنہ ۱۸۰۱ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۱۲۷ داخلہ نمبر ۔ ۳۹۸۴۶ طلب نمبر۔ ۔

مضمون شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات اوراق [۵۴] تقطیع [۲۰×۱۵ سمر] مسطر [۱۲] مکمل
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں غزلیات کا انتخاب ہے۔

ابتداء ۔ منظہر ہے اسم ذات ترا خاص و عام کا ؛ شکل نگیں ہے نقش دلوں کے یہ نام کا

اختتام ۔ سجدہ کرتے ہیں آدمی کو تلک ؛ بندگی میں تنی خدائی ہے۔

ترقیمہ ۔ تمت تمام شد

دیوان کے سرورق پر یہ تحریر ہے

ایں غزلیات منتخبات از دیوان نواب عمدۃ الامراء بہادر رئیس کرناٹک متخلص ممتاز جنت مکان۔

کتابیاتی حوالے ۔ دیوان ممتاز کتب خانہ خواتین دکن تالاب ماں صاحب حیدرآباد اور کتب خانہ سالار جنگ میں موجود ہیں۔

نوٹ :۔ نواب عمدۃ الامراء ممتاز نواب ارکاٹ محمد علی خاں والاجاہ کے بیٹے تھے ان کا عہد حکومت (۱۷۹۵ء تا ۱۸۰۱ء) سیاسی افراتفری کا دور تھا۔ اس کے باوجود ممتاز نے مذہبی علمی اور ادبی اعتبار سے بڑی سرپرستی کی۔ انہیں شعر و سخن سے دلچسپی تھی۔ باقر آگاہ اور ملک الشعراء میر اسمٰعیل خاں سے تلمذ حاصل تھا۔ میر تقی میر کو ممتاز نے اظفری گورگانی کے توسط سے مدراس آنے کی دعوت دی تھی۔ طبقات الشعراء اور واقعات اظفری میں ممتاز کے مزید حالات تفصیل سے درج ہیں۔ نواب عمدۃ الامراء ممتاز کا کلام ابھی تک غیر مطبوعہ ہے۔ محمد کریم الدین حسن نے "سوانحات ممتاز" (انگریزی ترجمہ) مطبوعہ مدراس سنہ ۱۹۴۰ء میں حالات لکھے ہیں۔

دیوان منیر (موسوم بہ باغ منیر)

مصنف۔ منیر الدین محمد۔ منیر

مخطوطہ نمبر۔ ۱۴۳۵ داخلہ نمبر ۲۲۸۷۶ طلب نمبر۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات | اوراق [۹۷] تقطیع [۲۹ x ۱۹ سمر] مسطر [۱۵] مکمل کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ سرخ جدول۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۳۰۳ھ م سنہ ۱۸۸۵ء سنہ کتابت سنہ ۱۳۱۹ھ م سنہ ۱۹۰۱ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، رباعیات، مخمس اور حضرت مسکین شاہ، حافظ بدر الدین نواب خورشید جاہ اور اقبال الدولہ وغیرہ کی وفات کے تاریخی قطعات ہیں۔ حاشیہ پر بھی کلام درج ہے۔

ابتداء ۔ کیا لکھے وصف ذات عدیم المثال کا پہنچے صفات تک نہیں یارا خیال کا

اختتام - وقار الامراء، اقبال الدولہ کی وفات کا قطعہ ہے۔

چوں سکندر جنگ فضل الدین خاں ؛ ترک کردہ منصب و جاگیر و فوج
ایں چنیں سال وصالش گفت دل ؛ خلد شد جاگیر آں با مزواوج

نوٹ - محمد منیر الدین منیر سکندر یار جنگ، حیدرآباد کے جاگیر دار تھے ۱۳۱۹ھ۔ سائنس کے عمل سے واقف تھے حضور نظام محبوب علی خاں نے اس کی اجازت عطا کی تھی۔ تاریخ نوائطا اور تزک محبوبیہ جلد دوم میں ان کے حالات درج ہیں۔

دیوان موحد (مسودہ)

مصنف - محمد حسین - موحد

مخطوطہ نمبر ۲۱۳۲ داخلہ نمبر۔ ۳۹۸۴۱ طلب نمبر۔ -

مضمون - شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق [۱۵۸] تقطیع [۲۳×۱۶ سم] مسطر [۱۶] مکمل
کاغذ دیسی، درمیانی اوراق معراء، خط نستعلیق خوشخط

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف ۱۳۶۲ھ م ۱۹۴۲ء۔ سنہ کتابت۔ -

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور قصیدے ہیں۔ دیوان کا بڑا حصہ قلمزد کردیا گیا۔

ابتداء - بقا ہے نام کس کا اپنی ہستی سے گذر جانا
فنا کہتے ہیں کس کو موت سے پہلے ہی مرجانا

اختتام - یوں لب ہجت سے موحد نے سنہ ہجری لکھا
کہہ لیاقت جنگ ہوئے فینانس کے صدر المہام
۱۳۶۲ھ

دیوانِ مہر

مصنف ۔ آفتاب علی خاں، میر۔ مہر

مخطوطہ نمبر ۱۸۹۱ داخلہ نمبر ۲۷۱۲۵ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸۷) تقطیع [۲۴ x ۱۵ سمر] مسطر [۸] مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۔ ۔ سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ردیف وار غزلیات ہیں ۔

ابتداء ۔ قمری ہوں سرو باغ رسالت پناہ کا ؛ دم کیوں بھروں نہ الفتِ شیرِ اللہ کا

اختتام ۔ لحد تک مہر مجھکو اس نے پہونچایا تو کیا حاصل ؛ پھر آئے آشنا راہِ عدم کی پہلی منزل سے

ترقیمہ ۔ ندارد

نوٹ ۔ صاحبزادہ میر آفتاب علی خاں مہر کے والد کا نام میر ذوالفقار علی خاں تھا جو نواب بسالت جنگ کے سلسلے سے ہیں ۔ نواب بسالت جنگ مغفور حضرت آصفجاہ اولیٰ کے چھوٹے صاحبزادے تھے ۔ حیدرآباد میں ۱۴ر شعبان سنہ ۱۲۰۳ھ کو پیدا ہوئے ۔ مہر کی طبیعت بچپن ہی سے ادب اور شاعری کی طرف راغب تھی ۔ نام کی مناسبت سے تخلص مہر اختیار کیا ۔ پہلے داغ اور پھر نظم طباطبائی کو اپنا کلام دکھاتے رہے ۔

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے : مرقع سخن جلد دوم صـ ۲۴۵ تا صـ ۲۵۲

دیوان مہر (نسخہ اول)

مصنف۔ وزیر الدین، محمد۔ مہر

ولادت سنہ ۱۲۷۹ھ سنہ ۱۸۶۲ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۴۳۰ داخلہ نمبر ۔ ۲۲۸۷ ۔ طلب نمبر ۔ —

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۵۰) تقطیع [۲۹ x ۱۸،۵ سمر] مسطر [۱۵] مکمل
کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔ سرخ جدول

کتابت ۔ کاتب ۔ بقلم مصنف ۔ مقام ۔ — سنہ تصنیف سنہ ۱۳۱۸ھ م ۱۹۰۰ء سنہ کتابت سنہ ۱۳۱۸ھ م ۱۹۰۰ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اردو و فارسی میں ہیں ۔ اور کچھ تاریخیں بھی شامل ہیں
دیوان بقلم مصنف ہے ۔

ابتداء ۔ بھروسہ مجھکو دونوں پر ہے پھر کیا غم قیامت کا ؛ الٰہی تیری رحمت کا محمدؐ کی شفاعت کا

اختتام ۔ بہ قضا جان سپرد قطب الدین ؛ گفتم از آہ دل سنہ رحلت
باغبان الست پیدا کرد ؛ گل تازہ بہ گلشن جنت
۱۳۱۸ھ

کتابیاتی حوالے ۔ مجموعہ تواریخ مہر نمبر ۱۴۳۴ دواوین کتب خانہ ہذا میں موجود ہے ۔

مطبوعات ۔ ایک دیوان نعتیہ جس کا تاریخی نام "منشور چشتیہ" ہے ۔ طبع ہو چکا ہے ۔

نوٹ ۔ محمد وزیر الدین نام ہے سنہ ۱۲۷۹ھ م سنہ ۱۸۶۲ء میں حیدرآباد میں پیدا ہوئے والد کا نام محمد منیر الدین تھا جو شیخ محمود میاں چشتی احمد آبادی کے خلیفہ تھے اور اپنے آبائی مناصب و جاگیر سے بھی سرفراز تھے ۔ مہر خورشید جاہ بہادر کے مصاحب خاص تھے فارسی اور عربی سے واقف تھے ۔ اردو زبان و ادب میں کمال حاصل تھا

دیوان مہر (نسخہ دوم)

مصنف ۔ وزیرالدین، محمد ۔ مہر

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۴۳۱ داخلہ نمبر ۔ ۲۲۸۷۲ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۳۶] تقطیع [۲۰×۳۴ سم] مسطر [۱۵] مکمل
کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ ۔ مقام ۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۳۲۷ھ سنہ ۱۹۰۹ء سنہ کتابت ۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات چند تاریخیں اور دیگر کلام بھی شامل ہے ۔ حاشیہ پر بھی کلام ہے ۔

ابتدا ۔ بھروسہ مجھکو دونوں پر ہے پھر کیا غم قیامت کا ؛ الٰہی تیری رحمت کا محمدؐ کی شفاعت کا

اختتام ۔ مہر سالش بدعا عرض نمودہ ز ادب ؛ لطف فرما صد وسی سال شود سالگرہ
۱۳۲۷ھ

ترقیمہ ۔ ندارد

دیوان مہر (نسخہ سوم)

مصنف ۔ وزیرالدین، محمد ۔ مہر

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۴۳۳ داخلہ نمبر ۲۲۸۷۴ طلب نمبر ۔ ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان ۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۷۲] تقطیع [۱۹×۳۱ سم] مسطر [۱۵] مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق

کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۳۲۷ھ م ۱۹۰۹ء۔ سنہ کتابت۔ ۔

اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور رباعیات وغیرہ شامل ہیں۔ دیوان پر نظر ثانی کی گئی ہے۔

ابتدا ۔ خلد اک بوٹا ہے تیرے فرش پا انداز کا ؛ ہے جہنم اک کرشمہ شعلۂ انداز کا

اختتام ۔ نادم ہوں میں اپنے زشت کرداروں سے ؛ ٹکراتا ہوں سر لحد میں دیواروں سے

خیاطِ عمل چاک گریباں ہے مہر ؛ سیتا ہے کفن آنسوؤں کے تاروں سے

ترقیمہ ۔ بتاریخ ۲۲ر شوال المکرم ۱۳۲۷ھ م ۱۹۰۹ء روز شنبہ بوقت یازدہ ساعت۔ دیوان ختم ہوا

دیوان مہر (نسخہ چہارم)

مصنف ۔ وزیر الدین، محمد ۔ مہر

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۴۳۲ داخلہ نمبر ۔ ۲۲۸۷۳

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان۔

کیفیت و اوراق [۶۳] تقطیع [۳۲×۱۹ سمر] مسطر [۱۵] مکمل۔

خصوصیات کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف ۱۳۲۱ھ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ اس دیوان میں غزلیات، مسدس، رباعیات اردو قطعات اور چند فارسی قطعات شامل ہیں۔

ابتدا ۔ ہر رنگ سے آشکار صنعت تیری ؛ ہر بار کو دی ہوئی ہے لذت تیری

اختتام ۔ اظہار مطلب دل خود میکنم بہ خلق ؛ بشنید تا کہ اہل بصیرت کنند قدر

نام میاں شود چو حروفش گرفتہ ؛ فرق مہ و منیر دل مہر پارے بدر

ترقیمہ - یہاں سب غزلیات، خمسات، رباعیات وغیرہ تمام ہوگئے۔ بتاریخ ۵ رمضان المبارک ۱۳۲۱ھ، ۲۱ شعبان ۱۳۲۱ھ کو شروع کیا گیا اور ۵ رمضان ۱۳۲۱ھ کو ختم ہوا۔

دیوان میاں میر

مصنف - میاں میر

مخطوطہ نمبر - ۹۷۹ داخلہ نمبر ۱۷۰۵۶ طلب نمبر -

مضمون - شاعری - دیوان۔

کیفیت و خصوصیات . اوراق (۴۹) تقطیع (۲۵ × ۱۴ سمر) مسطر (۱۱) مکمل۔ کاغذ دیسی ۱۸۶۷ء خط نستعلیق۔ سرخ جدول

کتابت - کاتب۔ - مقام۔ - سنہ تصنیف۔ - سنہ کتابت۔ -

مندرجات - اس دیوان میں ردیف وار نعتیہ غزلیات بعنوان قصیدہ ہیں۔

ابتداء - ادا کر حمد بے چوں لامکاں کا ؛ نہیں ثانی کوئی شاہِ جہاں کا۔

اختتام - دست بستہ ہے میاں میر آپ کے در کا غلام ؛ حال پریشاں ہے میرے کشف الدجا کے واسطے

دیوان ناسخ (نسخہ اول)

مصنف - امام بخش، شیخ - ناسخ

وفات سنہ ۱۲۵۴ھ سنہ ۱۸۳۸

مخطوطہ نمبر - ۱۲۸۶ داخلہ نمبر - ۲۱۱۲ طلب نمبر -

مضمون - شاعری - دیوان۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق [۱۰۲] تقطیع [۲۲×۴ ۲ سمر] مسطر [۱۲] مکمل کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت: ۔کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۲۵۴ھ م ۱۸۳۸ء سنہ کتابت ۱۲۶۶ھ م ۱۸۵۰ء

مندرجات: ناسخ کے تین دیوان شامل ہیں۔ اور سب ردیف وار ہیں۔

ابتداء: ۔بلبل ہو بوستانِ جنابِ امیر کا ؛ روح القدس ہے نام میرے ہمصفیر کا

اختتام: ۔اور دواوین سے تیرے دیوان کی بڑھ کر شان ہے۔
ملک میں فاضل کے اپنے ناسخ ترا دیوان ہے

ترقیمہ: ۔الحمد للہ والمنۃ کہ بفرمائش شاہزادہ والاجاہ مرزا فرخندہ بخت بہادر دام اقبالہ کلیات رئیس شعری زبان وسہ دفتر بلغا اوان در علم وعمل ناسخ شیخ امام بخش تخلص ناسخ دیوان اول مسمی دیوانِ ناسخ در متن، ودیوانِ دوم مسمی بہ دفتر پریشان بر حاشیہ و دیوان سوم مسمی بہ دفتر شعر در ھر ردیف ملحق بہ دفتر پریشان بتاریخ سیوم شہر جمادی الثانی سنہ ۱۲۶۶ھ روز سہ شنبہ باتمام رسید و انتظام گردید۔

کتابیاتی حوالے ۔ دیوان ناسخ کے تین نسخے کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو، خدابخش لائبریری میں ایک نسخہ، کتب خانہ سالار جنگ میں ۵ نسخے موجود ہیں۔ دیوان کے علاوہ کلیاتِ ناسخ نسخہ جات، یا ملیر ٹیگور لائبریری یونیورسٹی لکھنؤ میں ہے۔ ایک اور نسخہ پروفیسر مسعود حسن رضوی کے کتب خانہ میں بھی تھا۔ ناسخ کی مثنویوں میں "نظم سراج"، سنہ ۱۲۶۵ھ میں شائع ہو چکی ہے۔ اس کے دو قلمی نسخے ہیں۔ ایک پٹنہ میں اور ایک لکھنؤ یونیورسٹی میں۔ رسالہ قافیہ کا ایک نسخہ مسعود حسن رضوی مرحوم کی ملکیت تھا۔

مطبوعات ۔ کلیات ناسخ مطبوعہ مطبع سلطانی ۱۲۵۴ھ، کلیات ناسخ ۴ر جمادی الاول سنہ ۱۲۶۲ھ

مطبع مولائی بازار راجہ ٹکیٹ رائے میں طبع ہوا۔

نوٹ ۔ شیخ امام بخش ناسخ، شیخ خدا بخش لاہوری کے بیٹے تھے۔ فیض آباد میں نشوو نما ہوئی وہاں سے لکھنو آئے تمام عمر تجرید میں گذاری۔ معتمد الدولہ وزیر سلطنت اودھ ان کے شاگرد تھے۔ اردو زبان کے مصلحین میں ان کا مرتبہ نمایاں ہے۔ بسنہ ۱۲۵۴ھ م سنہ ۱۸۳۸ء میں وفات پائی۔ بقول صاحب تذکرہ بہار بیخزاں غلام ہمدانی مصحفی کے شاگرد تھے۔ ناسخ کی تصنیفات میں تین دیوان اور چند مثنویاں شامل ہیں۔

دیوان ناسخ (نسخہ دوم)

مصنف ۔ امام بخش، شیخ ۔ ناسخ

وفات سنہ ۱۲۵۴ھ م سنہ ۱۸۳۸ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۱۳۲۵ داخلہ نمبر ۴۔۲۱۶ طلب نمبر ۔

مضمون ۔ شاعری ۔ دیوان

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۸۹] تقطیع [۲۴ x ۱۵ سمر] مسطر [۱۴] مکمل
کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب سید شاہ داؤد اللہ حسینی ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت سنہ ۱۲۹۹ھ م ۱۸۸۲ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات اور چند رباعیات شامل ہیں۔

ابتداء ۔ خوب موزوں ہم سے وصف قد بالا ہوگیا ؛ عالم بالا تک اپنا بول بالا ہو گیا۔

اختتام درد انے میں زنجیر کے جا مار سیاہ ؛ گھیرے میں گھرا ہوں ...... سپیرا

ترقیمہ ۔ دیوان ناسخ بتاریخ دویم شہر جمادی الاول سنہ ۱۲۹۹ھ قلمی نمود نوشتہ شد سیاہ بر سفید نویسندہ را نیست جز امید تمت تمام شد کار من نظام شد بعین حقیر سید شاہ درداود اللہ حسینی نوشتہ شد بخط غریب، نصر من اللہ فتح قریب۔

دیوان ناسخ (نسخہ سوم)

مصنف۔ امام بخش، شیخ۔ ناسخ

وفات سنہ ۱۲۵۴ھ سنہ ۱۸۳۸

مخطوطہ نمبر۔ ۱۵۵۲ داخلہ نمبر۔ ۲۳۸۱۶ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و اوراق [۱۸۳] تقطیع [۲۵×۱۶ سمر] مسطر [۱۴] مکمل

خصوصیات کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ جلد ناقص۔

کتابت ۔ کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات ۔ غزلیات، مسدس، اور ایک فارسی قطعہ شامل ہے۔

ابتداء ۔ اقرار نبوت میں ہے اقرار خدا کا ؛ انکار امامت علی ہے انکار خدا کا

اختتام ۔ گفت تاریخ ایں فرخ ناسخ ؛ جشن عیش و نشاط باد سغیر

ترقیمہ ۔ تمام شد

دیوان نسیم

مصنف۔ اصغر علی خاں۔ نسیم

سنہ ۱۸۶۴ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۲۴۸۶ داخلہ نمبر۔ ۲۷۵۷۲ طلب نمبر۔ ۔

مضمون ۔ شاعری۔ دیوان (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق [۱۶۱] تقطیع [۲۱×۱۶ سمر] مسطر [۱۲] مکمل
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔ سرخ جدول

کتابت ۔کاتب۔ جانکی پت پرشاد۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت ۱۴ ار شعبان سنہ ۱۳۱۷ھ م دسمبر ۱۸۹۹ء

مندرجات ۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات، متفرقات، فردیات، اور دو مخمس شامل ہیں۔

ابتداء ۔ واہ کیا رتبہ ہے فکر طبع حق آگاہ کا ہے سایہ ہے بالا سے مطلع چتر بسم اللہ کا

اختتام ۔ دیکھ چشم غور سے اے ہمدم روشن ضمیر ہو حسن ابیات وزیر ورتبا مصرع فقیر
کیوں نہ ہو ایسی غزل پڑھنے کے قابل باغ میں

ترقیمہ ۔ بقلم جانکی پت پرشاد بتاریخ ۱۴ ماہ شعبان المعظم سنہ ۱۳۱۷ھ نقل کی گئی۔

نوٹ ۔ اصغر علی خاں نسیم، مومن کے شاگرد تھے۔ دہلی میں ۱۲۱۹ھ م ۱۷۹۴ء سنہ میں پیدا ہوئے
نواب آقا علی خاں کے بیٹے تھے والد کے انتقال کے بعد اپنے بڑے بھائی مرزا اکبر علی خاں کے ساتھ لکھنؤ چلے آئے
تمام عمر لکھنؤ میں فقر و فاقہ کی حالت میں گذاری غدر کے بعد نولکشور کے مطبع میں الف لیلیٰ کے منظوم ترجمہ کی خدمت
پر مامور ہوئے۔ نسیم کے شاگردوں میں عبداللہ خاں مہر، منشی اشرف علی اشرف، منشی امیر اللہ تسلیم مشہور
ہیں۔ ان کی زندگی میں ان کے شاگرد حافظ عبدالواحد نے مطبع مصطفائی سے دیوان چھپوایا تھا۔

دیوان نصیر

مصنف۔ نصیر الدین محمد۔ نصیر
وفات سنہ ۱۲۵۴ھ م سنہ ۱۸۳۸ء

مخطوطہ نمبر۔ ۲۰۲ داخلہ نمبر۔ ۵۶۹-۱ طلب نمبر۔ ۔
مضمون ۔ شاعری۔ دیوان۔

کیفیت و خصوصیات — اوراق (۱۳۵) تقطیع [۲۳،۵ × ۱۵،۵ سم] مسطر (۱۳) مکمل. کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت — کاتب۔ ۔ مقام۔ ۔ سنہ تصنیف۔ ۔ سنہ کتابت۔ ۔

مندرجات — اس دیوان میں ردیف وار غزلیات ہیں۔ ہر ردیف کے بعد صفحہ سادہ چھوڑ دیا گیا ہے بعض صفحات کے حاشیوں پر غزلوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ آخری پندرہ صفحات دوسرے کاغذ اور خط پر مشتمل ہیں۔

ابتداء — ہم نے وصفِ گوہرِ عرفاں کو جب لکھا کیا ؛ موج سے مسطر کشیدہ صفحۂ دریا کیا۔

اختتام — مانند گرز و خنجر و نیزہ بتایئد خدا ؛ بن جائے بہرِ دشمناں شمس و ہلال کہکشاں

کتابیاتی حوالے — دیوان شاہ نصیر کے نسخے کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو۔ رام پور، سالار جنگ اور کاپر کالج لندن میں موجود ہیں۔ کلیاتِ نصیر پنجاب سنٹرل پبلک لائبریری پٹیالہ میں ہے

مطبوعات — پہلا مختصر مجموعہ انتخاب کلیاتِ شاہ نصیر کے نام سے حافظ محمد اکبر نے مرتب کر کے سنہ ۱۸۷۷ء میں میرٹھ سے شائع کیا۔ ایک مختصر انتخاب "مختار اشعار" کے نام سے سنہ ۱۸۹۷ء میں مولوی سید حسین بلگرامی نے شائع کیا۔ "چمنستانِ سخن" حکیم نادر علی رعد نے سنہ ۱۳۱۴ھ م سنہ ۱۸۹۷ء میں مرتب کر کے مطبع فخر نظامی حیدرآباد سے شائع کیا تھا۔

